قواعد تعظیم الأدلة"

کتاب و سنت کے دلائل کا احترام: اصول و قواعد

مقدمہ مترجم

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين، محمدٍ وآلہ وصحبہ أجمعين، أما بعد:

یہ چھوٹا سا رسالہ دراصل شیخ ولید بن راشد السعیدان ـــ حفظہ اللہ ـــ کے دروس کا اردو ترجمہ ہے۔ شیخ صاحب سرزمینِ حجاز کے معروف و مشہور علما میں سے ہیں۔ ان دروس میں انہوں نے ایک نہایت اہم اور علمی قدر و قیمت کی حامل کتاب "**قواعد تعظيم الأدلة** "کی شرح بیان کی ہے۔

شیخ صاحب نے اپنے دروس میں اہلِ سنت والجماعت کے اصولِ اعتقاد و فقہ کے نہایت اہم قواعد کو تفصیل سے واضح کیا ہے۔"اہل بدعت کے مقابلے میں، اہل سنت والجماعت کے تمام اصول چاہے وہ عقیدے سے متعلق ہوں یا دیگر شرعی احکام سے، سب قرآن و سنت کی بنیاد پر قائم ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ جہاں کہیں غلط اصول پایا گیا ـــ خواہ وہ کسی بھی مذہب یا مسلک کے علما کی طرف منسوب ہو ـــ وہاں اس کا مدلل اور نہایت پختہ رد بھی پیش کیا ہے۔

یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ یہ دروس محض کتابی انداز میں بیان نہیں کیے گئے، بلکہ درس و تدریس کے ماحول میں شاگردوں سے براہِ راست گفتگو اور سوال و جواب کے ساتھ ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ اسی وجہ سے اس رسالے میں بعض مقامات پر ایسے جملے یا باتیں بھی ملیں گی جو بظاہر اصل موضوع سے ہٹ کر محسوس ہوں، لیکن دراصل وہ شیخ کی اپنی تدریسی گفتگو کا حصہ ہیں۔ لہٰذا قارئین سے گزارش ہے کہ انہیں اسی سیاق و سباق میں سمجھا جائے۔

امید ہے کہ یہ ترجمہ اہلِ علم اور طلبۂ علم کے لیے نفع بخش ثابت ہوگا اور کتاب و سنت کی عظمت کو دلوں میں مزید راسخ کرنے کا ذریعہ بنے گا۔

واللہ الموفق، وعلیہ التکلان.

فیض اللہ خان

ترجمہ شرح قواعد تعظیم الادلہ

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على رسول الله الأمين، وعلى آله وأصحابه الطيبين الطاهرين، ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين، وأن معهم بمنِّه وكرمه وفضله وجوده، إنه جواد كريم.

ہم اللہ عز وجل سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اور آپ کو قول و عمل میں اخلاص عطا فرمائے، اور ہمارے اعمال کو ہمارے اوپر وبال نہ بنائے، اور ہمارے دلوں میں سوائے کامل اخلاص کے کچھ نہ جانے۔ کیونکہ سب سے بڑی عبادتوں میں سے ایک علم حاصل کرنا اور علم سکھانا ہے۔ اس لیے لازم ہے کہ یہ عبادت اللہ عز وجل کے لیے خالص ہو۔

خبردار! اللہ عز وجل تیرے دل میں یا تیرے دل کے کسی حصے میں اپنے چہرے (یعنی رضا) اور آخرت کے سوا کوئی اور ارادہ نہ دیکھے۔

اور دلوں کے معاملے میں سب سے بڑی مددگار چیز یہ ہے کہ بندہ علام الغیوب عز وجل کے سامنے لمبے عرصے تک گڑگڑائے۔ اس طرح کہ وہ اللہ عز وجل سے بار بار دعا کرے کہ وہ اسے اپنے اعمال میں مخلصین میں شامل کردے۔ ورنہ دلوں کے معاملات اکثر اپنے مالکوں کے ہاتھ سے نکل جاتے ہیں، خاص طور پر اس زمانے میں۔ ہاں! خاص طور پر اس زمانے میں۔

لہٰذا بندے کو چاہیے کہ وہ بار بار، لمبے لمبے سجدے کرے، دعا کرے، روئے، گڑگڑائے، عاجزی و انکساری کرے، اللہ عز وجل کے سامنے جھکے، شاید اللہ اپنی رحمت کی نظر سے اس پر نظر کرے اور اسے ریاکاری کے وبال اور دکھاوے کے میل کچیل سے بچا لے۔ تاکہ اس کے اعمال توحید اور اخلاص کی بنیاد پر قائم ہوں۔

علم حاصل کرنے میں اخلاص یہ ہے کہ انسان صرف اس نیت سے علم حاصل کرے کہ پہلے اپنے آپ سے جہالت دور کرے اور پھر اپنے بھائیوں سے جہالت دور کرے۔ اے اللہ! ہمیں مخلصین میں شامل فرما، اے سارے جہانوں کے پروردگار! اے اللہ! ہمارے اعمال میں کسی کا حصہ نہ رکھ اے اللہ! ہمارے اعمال میں کسی کا حصہ نہ رکھ،اللہ کی قسم! اے میرے بھائیو! اگر زمین والے سب لوگ

تمہاری تعریف کریں لیکن آسمان والوں (یعنی اللہ اور فرشتوں) کے ہاں تم پر غضب ہو تو لوگوں کی تعریف تمہارے کسی کام نہیں آئے گی۔ اور اگر زمین والے سب لوگ تمہیں برا کہیں، تمہیں کمتر جانیں اور ایک ہی تیر سے تم پر طعن کریں لیکن تم اللہ عز وجل اور اہل آسمان کے نزدیک تعریف کے لائق ہو تو اللہ کی قسم! ان کی برائی تمہیں نقصان نہیں دے گی۔

یاد رکھو! جس کی تعریف زینت ہے اور جس کی مذمت نقصان ہے، وہ صرف اللہ تبارک وتعالیٰ ہے۔ لہٰذا خبردار! تمہارے دل کا کوئی شعبہ مخلوق کی نظر یا ان کے خیال سے جڑ نہ جائے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ شیطان پوری کوشش میں رہتا ہے کہ دل کو موڑ دے اور اس کی نظر کو مخلوق کی رعایت اور ان کی نگاہوں کی طرف پھیر دے۔ لیکن بندے پر لازم ہے کہ اس دل کے معاملے میں اللہ کی مدد لے۔ خبردار! اللہ عز وجل کی مدد طلب کرنے سے غافل نہ ہونا۔ ہم ان شاء اللہ تعالیٰ ان علمی نشستوں میں اس سب سے بڑی چیز کا مطالعہ کریں گے جو طالب علم کے علمی سفر میں حاصل کرنی چاہیے اور جس پر اس کی توجہ ہونی چاہیے، اور وہ ہے: دلیل کی تعظیم۔(یعنی قران،سنت و اجماع کی تعظیم)

اللہ کی قسم! تمہاری باتوں، تمہارے اعمال، تمہاری تصنیفات، تمہارے دروس و محاضرات، اور تمہارے شاگردوں کی تربیت میں برکت یقیناً دلیل کی تعظیم کے پیچھے ہے۔ پس جب تمہارا علم دلیل کی تعظیم پر قائم ہوگا تو اللہ کی بڑی برکت کی بشارت لو۔

تم بات کرو گے تو کان تمہاری بات کے سامنے جھک جائیں گے۔ تم راجح قول بیان کرو گے تو سینے کھل جائیں گے۔ تم درس یا محاضرات دو گے یا کتاب لکھو گے تو اللہ عز وجل اس کے لیے سات آسمانوں کے اوپر سے قبولیت نازل کرے گا۔

کیونکہ اعمال کی جنس یہی ہے۔ پس جو اللہ اور اس کے رسول کی بات کو عظیم بناتا ہے، اللہ عز وجل اس کی بات کو لوگوں کے دلوں میں عظیم بناتا ہے۔

اور میں گمان کرتا ہوں، اللہ بہتر جانتا ہے، کہ یہ بلند مرتبہ جو ابو العباس ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے حاصل کیا ہے — اور میں صرف انہی کو خاص نہیں کر رہا بلکہ ان سے پہلے بھی بہت سے علماء تھے — لیکن ابن تیمیہ کی شخصیت میں خاص طور پر میں سمجھتا ہوں کہ اللہ عز وجل نے انہیں لوگوں کے دلوں میں یہ عظیم مرتبہ اسی لیے عطا کیا کہ انہوں نے دلیل کی تعظیم کی۔

وہ ایسے زمانے میں پلے بڑھے جب تعصب اپنی انتہا کو پہنچ چکا تھا۔ یہاں تک کہ جو کوئی معتمد مذہب کی فتویٰ کے خلاف بات کرتا، اسے قید میں ڈال دیا جاتا اور طویل عذاب دیا جاتا۔ لیکن اللہ عز وجل نے ابن تیمیہؒ کے لیے یہی مقدر کیا کہ وہ دلیل کو عظمت دیں اور اس زمانے میں دلیل کی عظمت کا پرچم بلند کریں۔

اور ابن تیمیہ رحمہ اللہ اس وجہ سے بہت زیادہ تکالیف میں مبتلا ہوئے۔ انہیں بار بار قید کیا گیا، کیونکہ انہوں نے مشہور فتووں کی مخالفت کی۔ جب انہوں نے فتویٰ دیا کہ تین طلاقیں ایک ہی شمار ہوں گی اور اس طرح انہوں نے امام احمدؒ بن حنبلؒ کے مسلک بلکہ جمہور علماء کے مسلک کے خلاف بات کی، تو انہیں قید کر دیا گیا۔ بلکہ وہ جس ملک میں بھی گئے، وہاں کی قید و اذیت کا سامنا کیا۔ اسکندریہ میں قید کیے گئے، دمشق میں قید کیے گئے، مصر میں قید کیے گئے۔ یہ سب کچھ اس لیے کہ وہ دلیل پر کسی چیز کو مقدم نہیں کرتے تھے۔ چونکہ ابن تیمیہؒ کا دل ہر مقام اور ہر موقع پر دلیل کی تعظیم کرنے والا تھا، لہٰذا دیکھو ان کی کتابوں میں کتنی برکت ہے۔ دیکھو برکت کہاں تک پہنچی کہ جب کہا جاتا ہے ''شیخ الاسلام'' تو دل جھک جاتے ہیں، اور جب کہا جاتا ہے ''اسے شیخ الاسلام نے اختیار کیا'' تو دل مطمئن ہو جاتے ہیں۔ ہم ان کے بارے میں نہ تو عصمت کا عقیدہ رکھتے ہیں اور نہ ہی انہیں بشریت سے بلند مانتے ہیں، لیکن ہم اس سبب کو تلاش کرتے ہیں جس کی وجہ سے اللہ عز وجل نے انہیں یہ بلند مرتبہ عطا فرمایا، اور وہ سبب صرف ''دلیل کی تعظیم'' ہے۔ ابن تیمیہؒ کبھی بھی دلیل کو ذرا سا بھی موقع ملتے ہی نہیں چھوڑتے تھے، نہیں! بلکہ وہ ہر چیز کو دلیل کے لیے قربان کر دیتے۔ وہ دنیا اور اس کے تمام مال ومتاع کو ایک دلیل کے لیے چھوڑ دینے پر تیار تھے۔ اور یہی عظیم منہج ان کے شاگردوں کے شاگردوں نے بھی اختیار کیا۔ یہاں تک کہ ابن القیمؒ نے کہا:قسم ہے میری زندگی کی! ہمارے دلوں پر ہزار قاعدوں کو ڈھانا اس سے زیادہ آسان ہے کہ ہم ایک دلیل کو چھوڑ دیں۔''

یعنی ہزاروں قاعدے اگر دلیل کے خلاف ہوں تو انہیں توڑ دو، اور خبردار! کبھی ان پر عمل نہ کرو۔ یہ بھی ہمارے نزدیک دلیل کی تعظیم کے قاعدوں میں سے ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زندگی کو دلیل کی تعظیم پر پروان چڑھائیں۔ اگر ہم اپنی عمر بھر کی تحقیق اور مطالعے سے صرف دلیل کی تعظیم ہی حاصل کر لیں تو یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ چاہے ہم بہت زیادہ یاد نہ کریں، چاہے ہم مسائل کو پوری طرح جمع نہ کریں، چاہے ہم بلند علمی مقام تک نہ پہنچیں۔ لیکن جب تک تم دلیل کی تعظیم کرتے ہو، تب تک تم علماء میں شمار ہوتے ہو۔

عالم وہی ہے جو دلیل کی تعظیم کرے، چاہے اس کا علمی سرمایہ کم ہو۔ لیکن جو شخص نے علم بہت جمع کر لیا ہو، لیکن معمولی موقع پر بھی دلیل کو چھوڑ دے، اپنے امام کی بات دلیل کے خلاف ہو تو دلیل کو پھینک دے، اپنے مذہب کی مشہور بات دلیل کے خلاف ہو تو دلیل کو چھوڑ دے، حاکم کی بات دلیل کے خلاف ہو تو دلیل کو چھوڑ دے، اپنے امام کی اتباع میں دلیل کو چھوڑ دے، اپنی عادت، عرف، رسم و رواج اور اپنی روایات دلیل کے خلاف ہوں تو دلیل کو چھوڑ دے — تو ایسا شخص حقیقت میں جاہل ہے، چاہے اس نے کتنا ہی علم جمع کر رکھا ہو۔

پس حقیقت میں علماء وہی ہیں جو دلائل کی تعظیم کرتے ہیں۔ اگر تم پوچھو ''اس کی دلیل کیا ہے؟'' تو میں کہتا ہوں: اللہ عز وجل کا فرمان ہے:

﴿وَيَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِي أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ﴾

اور جنہیں علم دیا گیا ہے وہ دیکھتے ہیں کہ جو آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہی حق ہے۔''

پس جو جان لے کہ اللہ نے جو دلیل نازل کی ہے وہی حق ہے اور اس علم کو اس طرح تقویت دے کہ وہ اس حق کو ہر اس چیز پر مقدم کرے جو حق نہیں، تو وہ قرآن کے نص کے مطابق عالم ہے۔ ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں: ''جو جان لے کہ اللہ نے جو دلیل نازل کی ہے وہی حق ہے، وہ عالم ہے۔''

پس اگر تم سے پوچھا جائے ''علم کیا ہے؟'' تو کہو: ''علم یہ ہے کہ تم جان لو کہ حق صرف دلائل میں منحصر ہے، اور جو چیز دلیل کے خلاف ہو وہ باطل ہے۔''

لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اے بھائیو! ہم ہمیشہ اپنی تربیت کریں کہ دلائل کی تعظیم کریں، ان پر ہمیشہ عمل کریں، انہیں اپنے سروں کا تاج بنائیں، اور اس بات سے بہت بچیں کہ ہم کسی بھی دلیل کو ٹھکرائیں جس کی صحت ثابت ہو گئی ہو، خواہ وہ کسی کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ حتیٰ کہ اگر وہ صحابی کا قول ہی کیوں نہ ہو۔

اس لیے علماء کا اجماع ہے کہ جب صحابی کا قول نبی کریم ﷺ کے مرفوع فرمان کے خلاف ہو تو وہ اجماعی طور پر حجت نہیں ہے۔ اور صحابہ سے کم درجہ والوں کا قول تو بدرجۂ اولیٰ حجت نہیں ہوگا۔

اے طلبۂ علم! اس بات سے بچو کہ تم دلیل کو رد کرو، یا اس کی دلالت میں شک پیدا کرو، یا اس پر عمل نہ کرنے کو آسان سمجھو، صرف اس لیے کہ اس کے مقابلے میں یا اس کے مخالف کوئی دوسری چیز ہے۔ اصل اعتبار دلیل کی تعظیم

ہی کا ہے۔ دلیل کی تعظیم کرو گے تو اللہ تمہیں اپنی زمین پر بلند کرے گا۔ دلیل کا احترام کرو گے تو اللہ تمہارے لیے دلوں کو کھول دے گا۔ ’’کیا احسان کا بدلہ احسان کے سوا کچھ ہے؟‘‘ اور بدلہ عمل کی جنس ہی سے دیا جاتا ہے۔

لیکن ہمارے اس زمانے میں، بلکہ اس سے پہلے بھی کچھ ایسے لوگ نمودار ہوئے جو کبھی دلیل کو دیکھتے ہی نہیں تھے۔ ان کی ساری توجہ صرف یہ ہوتی تھی کہ فلاں نے کیا کہا اور فلاں نے کیا کہا۔ وہ علماء کے اقوال کو بذاتِ خود دلیل بنا لیتے ہیں۔ ان کے دل اور ان کی آنکھیں اصل دلیل سے غافل رہتے ہیں، جو کہ اپنی ذات میں حجت ہے۔ وہ عالم کے قول کو جو محض تبعی حیثیت رکھتا ہے، اس اصل دلیل پر مقدم کر دیتے ہیں جو بذاتِ خود حجت ہے۔

اور ایسے لوگ اس زمانے میں بڑھ گئے ہیں، یہاں تک کہ ان میں سے کچھ گروہ فتوے دینے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے، اور وہ صریح اور صحیح دلیل کے خلاف فتوے دیتے ہیں، صرف اس وجہ سے کہ اس مسئلے میں فلاں عالم کا قول موجود ہے۔ اس طرح انہوں نے دلیل کو چھوڑ کر کہا: چونکہ فلاں عالم نے ایسا کہا ہے اس لیے دلیل کے خلاف عمل جائز ہے۔

چنانچہ انہوں نے عورتوں کے بال جوڑنے (وصل) کو جائز قرار دیا، صرف اس لیے کہ کچھ علماء نے اس کے جواز کا قول کیا۔ اور انہوں نے نبی ﷺ کے ساتھ بدعی توسل کو جائز قرار دیا، صرف اس لیے کہ کچھ علماء نے اس کی اجازت دی۔ اور جب ان سے کہا گیا: ’’ادلہ کہاں ہیں؟‘‘ تو جواب دیا گیا: ’’اس مسئلے میں فلاں عالم نے ایسا کہا ہے۔‘‘

کیا یہ صحیح منہج ہے؟ اللہ کی قسم! یہ شیطانی منہج ہے۔ اور جو اس منہج پر امت کی تربیت کرے وہ حقیقت میں انسان کی شکل میں ایک شیطان ہے، کیونکہ وہ امت کو اس مطلق حق کی مخالفت پر تیار کر رہا ہے جو دلائل میں موجود ہے۔خوش نصیب ہے وہ جسے اللہ ایسے شخص کی طرف رہنمائی کرے جو اسے دلیل کی تعظیم پر پروان چڑھائے۔ کیونکہ جب بھی ہم اپنی نفوس کو اور اپنی خواہشات کو قابو میں کر کے دلیل کو ہر چیز پر مقدم کریں گے تو اللہ کی قسم ہم بڑی بھلائی میں ہوں گے۔ اور یہ جو دروس آج اور کل ان شاء اللہ منعقد ہو رہے ہیں، یہ سب ’’دلیل کی تعظیم‘‘ کے اصولوں پر مبنی ہیں۔ اور اس موضوع پر ایک پرانی رسالہ بھی موجود ہے جس کا نام ہے:

قواعد تعظيم الأدلة وحراستها

(یعنی: دلائل کی تعظیم اور ان کی حفاظت کے اصول)۔

اگر ہم دلائل کی حفاظت کرتے ہیں تو ہم دراصل اسلام، دین اور شریعت کی حفاظت کرتے ہیں۔ کیونکہ جب تک دلائل باقی رہیں گے اسلام باقی ہے، اور جب دلائل ختم ہو جائیں گے تو اسلام اور شریعت بھی ختم ہو جائیں گے۔ اسی لیے ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ لوگ نہ جانیں گے کہ روزہ کیا ہے، نماز کیا ہے، صدقہ کیا ہے اور قربانی کیا ہے۔ کیوں؟ اس لیے کہ قرآن بھی ایک رات اٹھا لیا جائے گا، اور زمین پر ایک آیت بھی باقی نہ رہے گی۔ جب دلائل اٹھا لیے جائیں گے تو لوگ شریعت اور دین کو بھول جائیں گے۔ پھر وہ نہ نماز کی شرطیں جانیں گے، نہ نماز کے ارکان، نہ زکاۃ کی شرطیں، نہ حج کی شرطیں اور نہ ہی حج کی کیفیت۔ کیونکہ دلائل اٹھا لیے گئے ہوں گے۔

پس اے طلبۂ علم! مشرق و مغرب کے جہاں بھی ہو، اللہ سے ڈرو اور دلیل کے معاملے میں محتاط رہو۔ میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ دلیل کی تعظیم کرو۔ دلیل کو اپنے سر کا تاج بنا لو، دلیل کو اپنے دل میں جگہ دو، اور علماء کے اقوال کو اپنے ہاتھ میں رکھو۔ تمہارے لیے سب سے آسان کام یہ ہونا چاہیے کہ اگر کسی عالم کا قول دلیل کے خلاف ہو تو اسے چھوڑ دو، کیونکہ تمہارے دل میں جو تاج ہے وہ دلیل ہے۔ خبردار! ایسا نہ ہو کہ علماء کے اقوال کو دل میں رکھو اور دلائل کو ہاتھ میں، اور جب علماء کے اقوال دلائل کے مخالف ہو جائیں تو دلائل کو پھینک دو۔ دلیل کی تعظیم تمہارے دل میں سب سے بڑی اور سب سے بلند مرتبے کی چیز ہونی چاہیے۔ کسی بھی عظمت کو دلیل کی عظمت کے برابر نہ ٹھہراؤ۔

یہ وہ قواعد ہیں جو ان شاء اللہ تم سنو گے، اور یہ سب دلائل اور اہلِ سنت کے اقوال کے ساتھ بیان کیے جائیں گے۔ میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جو اپنی علمی زندگی، نظر اور اجتہاد میں ان قواعد کو اختیار کرے گا وہ دلائل کی تعظیم کرنے والا بنے گا اور امت میں اس کا بڑا مقام ہوگا۔ یہ مقام وہ اپنی ذات سے حاصل نہیں کرے گا بلکہ اس لیے ملے گا کہ اس نے دلیل کی تعظیم کی۔ جس نے دلیل کی تعظیم کی، دلیل کا احترام کیا، دلیل کی قدر کی، دلیل کو محفوظ رکھا اور دلیل کے معنی و مفہوم کی حفاظت کی تو وہ باذن اللہ محفوظ بھی ہے، محبوب بھی ہے اور مکرم بھی ہے۔ اگرچہ دنیا والے اس کی توہین کریں، لیکن وہ اللہ کے نزدیک مکرم ہے۔ اس کی باتوں کے لیے دل کھل جاتے ہیں، اس کی تصنیفات سے دلوں کو روشنی ملتی ہے، اس کی ترجیحات کی طرف لوگوں کے دل مائل ہوتے

ہیں، اس کے اقوال امت میں ایسے چلتے ہیں جیسے دن اور رات چلتے ہیں۔ یہ سب کچھ دلیل کی تعظیم پر قائم ہے۔

آؤ میرے بھائیو! ہم ان عظیم قواعد کا ذکر شروع کریں جو تقریباً تیس کے قریب ہیں یا اس سے بھی زیادہ۔ ہم انہیں ایک ایک کرکے ان کے دلائل کے ساتھ لیں گے، اور شرح کے دوران میں علماء کے اقوال بھی بکثرت ذکر کروں گا تاکہ تمہارے کان یہ سن لیں کہ یہ سب قواعد دلیل اور اہل علم کے کلام سے ثابت ہیں۔ اور ان میں سے بعض قواعد ایسے ہوں گے جو براہِ راست قرآن کی آیات سے موافق ہوں گے، اس لیے وہ ایک قاعدہ بھی ہوں گے اور دلیل بھی۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ مجھے اچھا بیان کرنے کی توفیق دے، جو میں کہوں وہ حق اور اللہ کو پسندیدہ ہو، اور میرے کلام میں کسی کے لیے دکھلاوے یا ریا کا حصہ نہ ہو۔ میں اللہ سے تمہارے اور اپنے لیے اخلاص مانگتا ہوں، اور یہ بھی کہ تمہیں اچھا سننے، توجہ دینے اور لکھنے کی توفیق دے۔

یہ کتاب تمہیں ان شاء اللہ اس کورس کے آخر میں ایک نسخہ کی صورت میں مل جائے گی، جو کتب خانے میں رکھی جائے گی تاکہ جو چاہے اس کی نقل کر لے۔ کیونکہ یہ نہ مطبوعہ ہے اور نہ ہی ابھی تک انٹرنیٹ پر ڈالی گئی ہے۔

پہلا قاعدہ: يَآ اَيُّـهَا الَّـذِيْنَ اٰمَنُـوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّـٰهِ وَرَسُوْلِـهٖ ۖ-------

''اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو۔''

یہی قاعدہ اس باب میں سب سے بڑی بنیاد ہے، سب سے عظیم اور سب سے بلند مرتبے کا ہے، اور اس کے بعد جتنے بھی قواعد ہیں وہ اسی سے نکلتے ہیں۔ جس نے اس قرآنی قاعدے کو بنیاد بنایا اور اس پر دین داری اختیار کی تو اس کے بعد باقی قواعد اس پر عمل کرنا آسان ہو جائیں گے ان شاء اللہ۔ اور سب کو معلوم ہے کہ یہ سورة الحجرات کی پہلی آیت ہے، جس میں اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو سب سے محبوب صفت کے ساتھ پکارا: ''اے ایمان والو۔'' اس میں ایک خوبصورت نکتہ ہے کہ ہر وہ آیت جو ''اے ایمان والو'' سے شروع ہو تو اس کے بعد جو حکم آتا ہے وہ ایمان کا تقاضا ہوتا ہے۔ مثلاً يَآ اَيُّـهَا الَّـذِيْنَ اٰمَنُـوْا تُوْبُـوٓا اِلَى اللّـٰهِ ''اے ایمان والو! توبہ کرو'' تو اس کا مطلب ہے کہ توبہ ایمان کی شاخوں میں سے ہے۔

يَآ اَيُّـهَا الَّـذِيْنَ اٰمَنُـوْا لَا تَـرْفَعُـوٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ

’’اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی کی آواز سے بلند نہ کرو‘‘ یہ ایمان کا دوسرا تقاضا ہے۔

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا ---------------َ﴾(سورة الحج: 77)

’’اے ایمان والو! رکوع اور سجدہ کرو‘‘ تو اس کا مطلب ہے کہ نماز ایمان کے تقاضوں میں سے ہے۔

پس ہر چیز جو اللہ تعالیٰ نے ’’اے ایمان والو‘‘ کے بعد ذکر کی ہے وہ ایمان کے تقاضوں میں سے ہے۔ اسی طرح ’’اے ایمان والو! نبی پر درود بھیجو‘‘ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا بھی ایمان کے تقاضوں میں سے ہے۔ علماء نے ایمان کے تقاضوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے: ایک وہ جو فرضِ عین اور واجب ہیں، اور دوسرے وہ جو سنت اور نفل کے درجے میں ہیں۔ لہٰذا اس آیت کو ایمان کے وصف کے ساتھ شروع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مومن کی واجب صفات میں سے یہ ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھے۔ یہ ایمان کے حقائق میں سے ہے، اور ایسا ایمان ہے جس کے بغیر قیامت کے دن نجات ممکن نہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کے آگے نہ قول میں، نہ رائے میں، نہ مکتبہ فکر میں، نہ عقل میں، نہ قیاس میں اور نہ ہی کسی بھی چیز میں آگے بڑھا جائے۔ یہ ایک کبیرہ گناہ ہے کہ آدمی اللہ اور اس کے رسول سے آگے بڑھے، اور یہی حقیقت دلیل کی تعظیم کی بنیاد ہے۔ ایک ہی آیت نے تعظیمِ دلیل کے سارے قواعد کو جمع کر دیا ہے: ’’اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو۔‘‘ نہ قول میں، نہ عقل میں، نہ رائے میں، نہ اجتہاد میں، نہ خواہشات میں، نہ عادتوں میں، نہ رسوم و رواج میں اور نہ ہی کسی روایت میں۔ خبردار! اللہ اور اس کے رسول کے آگے کسی بھی چیز میں نہ بڑھو۔

دلیل ہی اصل ہے جو مقدم ہے، اور اس کے سوا باقی سب مؤخر ہیں۔

علمِ اصول کے علماء رحمہم اللہ نے کہا ہے کہ کسی چیز کا حکم دینا اس کے مخالف سے منع کرنا ہوتا ہے۔ اور علماء رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ "مخالفت کا مفہوم" بھی شرعاً حجت ہے۔ پس جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ قطعی حکم دیا کہ ہم اس کے آگے کسی چیز میں سبقت نہ کریں تو یہ دراصل ایک ضمنی حکم ہے کہ ہم باقی سب چیزوں کو پیچھے ڈال دیں۔ لہٰذا ہر چیز کو اپنے پیچھے پھینک دینا ضروری ہے یہاں تک کہ دلیل سامنے آجائے۔ اگر وہ چیز دلیل کے موافق ہوئی تو ہم اسے پیچھے سے اٹھا کر لائیں گے اور قبول کریں گے۔ اور اگر دلیل کے مخالف ہوئی

تو ہم اسے اپنے پیچھے پھینک دیں گے، نہ اس کی پروا کریں گے اور نہ ہی اسے کسی درجہ اعتبار سے دیکھیں گے۔

کیا تم غور نہیں کرتے کہ یہ آیت کتنی مختصر ہے، مگر اس نے پورا درس سمیٹ لیا ہے: دلیل مقدم ہے اور باقی سب مؤخر۔ دلیل ہی وہ ترازو ہے جس میں اقوال، اعمال، مذاہب اور اجتہادات تولے جاتے ہیں، اور باقی سب کچھ بھی تولا جانے والا ہے۔

پس جس نے اپنے مذہب کو دلیل پر مقدم کر دیا اس نے دلیل کی تعظیم نہیں کی۔ جس نے اپنے امام کی رائے کو دلیل پر مقدم کر دیا اس نے دلیل کی تعظیم نہیں کی۔ جس نے اپنے ناقص عقل یا فاسد قیاس کو دلیل پر مقدم کر دیا اس نے دلیل کی تعظیم نہیں کی۔یہ قاعدہ ان سب کو ختم کر دیتا ہے۔

دلیل ہی سب سے پہلا، سب سے بڑا سردار، سب سے زیادہ واجب الاتباع اصل ہے۔ یہی وہ تاج ہے جسے سر پر رکھنا چاہیے۔ یہی ترازو ہے، یہی سب سے قوی ہے، اور باقی سب اس کے تابع غلام ہیں۔ باقی سب شاخ ہیں اور دلیل اصل ہے۔ باقی سب تولا جانے والا ہے اور اگر نصوص کے خلاف ہو تو سب سے کمزور ہے۔لہٰذا ہمارے لیے جائز نہیں کہ صحیح دلیل پر کسی چیز کو مقدم کریں، اگر ہم واقعی دلیل کی تعظیم کرنا چاہتے ہیں۔

امام شنقیطی رحمہ اللہ نے اللہ کے اس قول **"لا تقدموا بين يدي الله ورسوله"** (اللہ اور اس کے رسول کے آگے سبقت نہ کرو) کے بارے میں فرمایا:

اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کے آگے مت بڑھو۔ کسی معاملے میں علم یا اللہ کی اجازت کے بغیر کچھ نہ کہو۔ یہ عظیم آیت اس بات پر صریح منع کرتی ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کے آگے کسی چیز میں سبقت کی جائے۔اور اس میں سب سے پہلے یہ داخل ہے کہ کوئی ایسا حکم گھڑ لیا جائے جسے اللہ نے نہیں بنایا، یا کسی چیز کو حرام کر دیا جائے جسے اللہ نے حرام نہیں کیا، یا کسی چیز کو حلال کہہ دیا جائے جسے اللہ اور اس کے رسول نے حلال نہیں کیا۔

حقیقت یہ ہے کہ حرام صرف وہ ہے جسے اللہ اور اس کے رسول نے حرام کیا، اور حلال صرف وہ ہے جسے اللہ اور اس کے رسول نے حلال کیا۔ اور دین صرف وہ ہے جسے اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے مشروع کیا۔

بعض اہل علم رحمہم اللہ نے اس آیت کے بارے میں کہا کہ اللہ اپنے مؤمن بندوں کو ادب سکھاتا ہے اور انہیں یہ تعلیم دیتا ہے کہ رسول ﷺ سے خطاب اور معاملہ کیسے کرنا ہے اور ان کا حق کیسے ادا کرنا ہے جس میں کامل توقیر اور احترام شامل ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے ایمان والو! دیکھو، جلدبازی نہ کرو۔

کسی معاملے میں فیصلہ کرنے میں جلدی نہ کرو جب تک رسول اللہ ﷺ اس میں تمہارے لیے فیصلہ نہ کر لیں۔

تم اللہ اور اس کے رسول کے فیصلے کے تابع رہو۔ کسی معاملے میں اس وقت تک نہ بولو جب تک رسول اللہ ﷺ اس میں کلام نہ فرما لیں۔ اور کوئی کام اس وقت تک نہ کرو جب تک رسول ﷺ نہ کر لیں۔

اور اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو۔ بے شک وہ تمہارے اقوال کو سنتا ہے اور تمہارے اعمال کو جانتا ہے۔

پس اللہ ہمیں کہہ رہا ہے: اے وہ لوگو جو ایمان لائے! خبردار رہو کہ تم احکام میں جلدبازی نہ کرو، کوئی بات نہ کہو یا کوئی کام نہ کرو جس پر شرعی دلیل موجود نہ ہو۔ اسی پر اللہ کا فرمان ہے: "أم لهم شركاء شرعوا لهم من الدين ما لم يأذن به الله"(کیا ان کے ایسے شریک ہیں جنہوں نے ان کے لیے ایسا دین گھڑ لیا جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی؟)

زمخشری نے کہا (اللہ ہم سے اور ان سے درگزر فرمائے): اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بات کاٹ کر حتمی نہ کہو سوائے اس کے جس کا فیصلہ اللہ اور اس کے رسول کریں اور اس کی اجازت دیں۔

امام انوسی رحمہ اللہ نے فرمایا:کسی معاملے کو حتمی طور پر نہ کہو، نہ ہی اس پر جزم کرو اور نہ ہی اس پر عمل کرنے کی جرات کرو جب تک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اس میں فیصلہ نہ فرما دیں اور اجازت نہ دیں۔

خلاصہ یہ کہ یہ آیت کسی بھی معاملے میں اقدام کرنے سے منع کرتی ہے جب تک کتاب و سنت کی نظائر اور مثالیں اس پر شاہد نہ ہوں۔

امام ابن سعدی رحمہ اللہ نے فرمایا:یہ آیت اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ ادب، تعظیم، احترام اور تکریم پر مشتمل ہے۔

اللہ نے اپنے مؤمن بندوں کو حکم دیا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان کے تقاضوں کو پورا کریں، اللہ کے اوامر کی اطاعت کریں اور اس کی نواہی سے بچیں، اور اللہ اور اس کے رسول کے آگے سبقت نہ کریں۔

نہ کوئی بات کریں جب تک رسول ﷺ نہ کہیں، نہ کوئی حکم دیں جب تک رسول ﷺ نہ دیں۔ یہی حقیقت میں وہ ادب ہے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ واجب ہے۔ یہی بندے کی سعادت، فلاح اور تقویٰ کی علامت ہے۔

انہوں نے فرمایا: اگر یہ چیز چھوٹ جائے تو اس کے ساتھ ابدی سعادت اور دائمی نعمت بھی چھن جاتی ہے۔ (کلام ختم ہوا)

میں کہتا ہوں: یہی وہ طریقہ ہے جس پر اہل سنت والجماعت کے دل مجتمع ہوئے ہیں اور جسے انہوں نے اپنی عقیدے کی کتابوں میں درج کیا ہے، کہ وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے کلام پر کسی انسان کا کلام مقدم نہیں کرتے، خواہ وہ کوئی بھی ہو۔

علامہ ابن القیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں، اور میں نے ان کا کلام آخر میں ذکر کیا تاکہ پہلے کا کلام اس کی تفسیر بن جائے:

"نہ کچھ کہو جب تک وہ نہ کہیں، نہ کچھ حکم دو جب تک وہ حکم نہ دیں، نہ کوئی فتویٰ دو جب تک وہ فتویٰ نہ دیں، اور نہ کسی معاملے کا فیصلہ کرو جب تک وہ فیصلہ نہ فرما دیں اور اسے نافذ نہ کریں۔"(ان کا کلام ختم ہوا)

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ’’اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے آگے مت بڑھو۔‘‘

یہ ایک نہی ہے (یعنی ممانعت ہے)۔ اور علماء کے اصولی قواعد میں سے ہے کہ جو نہی کسی قرینے کے بغیر ہو وہ تحریم (یعنی سخت ممانعت و حرمت) پر دلالت کرتی ہے۔ اور اسی پر چاروں ائمہ اور دیگر اہل علم کے اقوال متفق ہیں۔ میں آپ کے سامنے ان میں سے کچھ پیش کرتا ہوں۔

امام مالک رحمہ اللہ نے ایک عظیم قاعدہ فرمایا جو ان شاء اللہ ہمارے سامنے آئے گا: ’’ہمارے سب اقوال رد بھی ہو سکتے ہیں اور قبول بھی، سوائے اس ذات کے قول کے جو اس قبر (نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک) میں ہیں۔‘‘ یہی ہے ’’اللہ اور رسول کے آگے مت بڑھو‘‘ کا مطلب۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ’’جب حدیث صحیح ہو تو وہی میرا مذہب ہے۔‘‘

وہ ایک اور مشہور بات کہتے ہیں جو سونے کے پانی سے لکھے جانے کے قابل ہے: ’’اگر میرا قول رسول اللہ ﷺ کے قول کے خلاف ہو تو رسول اللہ ﷺ کے قول کو لے لو اور میرے قول کو دیوار پر دے مارو۔‘‘ یہی ہے ’’اللہ اور رسول کے آگے مت بڑھو‘‘ کا مطلب۔

وہ یہ بھی کہتے ہیں: ’’مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ جسے رسول اللہ ﷺ کی سنت ظاہر ہو جائے، اس کے لیے کسی بھی انسان کا قول چھوڑ کر سنت کو لینا لازم ہے، چاہے وہ شخص کوئی بھی ہو۔‘‘ یہی اس قاعدے کا مطلب ہے۔

امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ’’مجھے ان لوگوں پر تعجب ہے جو سند اور اس کی صحت کو جانتے ہیں، پھر بھی سفیان (ثوری) کی رائے کو لے لیتے ہیں۔‘‘ یعنی وہ سند اور حدیث کو چھوڑ دیتے ہیں اور ایک شخص کی رائے کو ترجیح دیتے ہیں۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے جب حجِ تمتع کے مسئلے میں مناظرہ ہوا تو انہوں نے فرمایا: ’’قریب ہے کہ تم پر آسمان سے پتھر برسیں! میں کہتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے اور تم کہتے ہو کہ ابو بکر و عمر نے فرمایا ہے۔‘‘

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ’’اگر قول رسول اللہ ﷺ سے آئے تو وہ آنکھوں پر ہے۔ اگر صحابہ کا قول آئے تو وہ بھی آنکھوں پر ہے۔ اور اگر تابعین کا قول آئے تو ہم بھی مرد ہیں اور وہ بھی مرد ہیں۔‘‘ یعنی ان کا قول ہمارے اوپر حجت نہیں ہے۔

یہی ہے اصل علم، اور یہی ہے ائمہ کا مقام، اور اسی طرح اللہ تعالیٰ نے انہیں زمین میں مضبوطی عطا فرمائی۔ اسی طرح دلیل کو عظمت دینا چاہیے۔ پس تمام ائمہ، جیسا کہ ہمیں معلوم ہے، سختی سے اس بات سے منع کرتے ہیں کہ ان کے اقوال کو لیا جائے جب وہ قرآن و سنت کے خلاف ہوں۔ اور جان لو، اللہ تم پر رحم کرے، کہ دلائل کو دوسروں کے اقوال پر مقدم رکھنا کوئی اختیاری چیز نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر فرض ہے۔ اللہ نے فیصلہ کیا ہے کہ تم پر یہی واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ ۗ وَمَنْ يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُبِينًا ،،، سورة الأحزاب (33:36) ’’کسی مومن مرد اور عورت کے لیے یہ جائز نہیں کہ جب

اللہ اور اس کا رسول کوئی فیصلہ فرما دیں تو ان کے پاس اپنے معاملے میں کوئی اختیار باقی رہے۔‘‘ اور فرمایا

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا : سورة النساء (4:65) ’’پس نہیں، تیرے رب کی قسم! وہ ایمان والے نہیں ہو سکتے جب تک کہ وہ اپنے جھگڑوں میں آپ ﷺ کو فیصلہ کرنے والا نہ مانیں، اور پھر اپنے دلوں میں تنگی نہ پائیں، اور پورا پورا تسلیم کر لیں۔‘‘ اور فرمایا: وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ’’جس چیز میں تم اختلاف کرو اس کا فیصلہ اللہ کے سپرد ہے۔‘‘ اور فرمایا: فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ’’اگر تم کسی معاملے میں اختلاف کرو تو اسے اللہ اور رسول کی طرف لوٹاؤ اگر تم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔‘‘

یہ سب باتیں ایک ہی جملے میں جمع ہو جاتی ہیں: ’’اللہ اور رسول کے آگے مت بڑھو۔‘‘

پس شریعت کے قول کے مقابلے میں کسی بھی چیز کو پیش کرنا جائز نہیں، چاہے تمہارے دل میں اپنے امام کی کتنی ہی عظمت کیوں نہ ہو۔ چاہے اس کی علم میں کتنی ہی رفعت کیوں نہ ہو۔ چاہے تم اسے کتنی ہی محبت کرتے ہو۔ یہ سب کچھ تمہیں یہ اجازت نہیں دیتا کہ اس کے قول کو صحیح دلیل پر مقدم کر دو۔ اس سے بچو اور خوب بچو۔ جب تک اس کا قول دلائلِ شرعیہ کے مخالف ہے تو تم پر لازم ہے کہ اس کے قول کو چھوڑ دو، کیونکہ شارع (اللہ اور رسول) کا قول سب سے زیادہ مقدم ہے

ایسا عالم جس نے دلیل کو چھوڑ دیا تاکہ اپنے امام کی بات مانے، اس میں کوئی خیر نہیں۔ اور ایسا طالب علم جس نے دلیل کو چھوڑ دیا تاکہ اپنے مذہب سے ٹکرا نہ جائے، اس میں بھی کوئی خیر نہیں۔ اسی لیے علماء نے متفقہ طور پر اس قول پر نکیر کی ہے جو بعض احناف رحمہ اللہ سے منقول ہے (اور میں اس کا نام نہیں لینا چاہتا) کہ: ’’ہمارا اصل یہ ہے کہ جو بھی دلیل ہمارے امام کے قول کے خلاف ہو وہ یا تو مؤول ہے یا منسوخ۔‘‘(اصول کرخی) کیا ہی بڑی خطرناک بات ہے یہ!

اصل یہ ہے کہ جو قول امام کے قول کے خلاف ہو وہ مؤول یا منسوخ ہے! جو خیر حقیقی چاہتا ہے اور جو خالص علم چاہتا ہے، اس پر لازم ہے کہ وہ دلیل کو سب پر مقدم رکھے اور دلیل پر کسی چیز کو مقدم نہ کرے۔

جب تم یہ قاعدہ، اس کی دلائل اور اہل علم کے اقوال کو جان لو، تو اب ہم اس پر کچھ عملی فروع لیں گے تاکہ اس کا عملی استعمال بھی واضح ہو جائے

پہلا فرع یہ ہے کہ اہل علم کا اجماع ہے کہ صحابی کا قول حجت نہیں ہے اگر وہ رسول اللہ ﷺ کے قول کے خلاف ہو۔ اور ہم نے صحابہ کو سب سے بڑے علماء مانا ہے رسول اللہ ﷺ کے بعد۔ اگر ان بلند مرتبہ صحابہ کا قول بھی رسول اللہ ﷺ کے قول کے خلاف ہو تو وہ حجت نہیں، تو پھر بتاؤ ان کے علاوہ کسی اور کا قول کیسے حجت ہو سکتا ہے؟! یقیناً ان کا قول بدرجہ اولیٰ حجت نہیں ہوگا۔

پس ہر وہ قول جو صحابی سے ثابت ہے لیکن وہ رسول اللہ ﷺ کے قول کے خلاف ہے تو وہ کبھی بھی حجت نہیں ہوگا اور نہ ہی اس پر اعتماد کیا جائے گا۔ بلکہ لازم ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے قول کو مقدم رکھا جائے۔کیونکہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ہم سے یہ نہیں پوچھے گا کہ ''تم نے صحابہ کو کیا جواب دیا؟'' بلکہ یہ پوچھے گا: مَاذَا أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ''تم نے رسولوں کو کیا جواب دیا؟' '

اسی لیے ہم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس قول کو نہیں لیتے کہ بڑے حدث (جنابت) کو تیمم سے زائل نہیں کیا جا سکتا جب پانی میسر نہ ہو۔ ابن مسعود کا کہنا تھا کہ تیمم چھوٹے حدث کے لیے تو مفید ہے، لیکن بڑے حدث کے لیے نہیں، بلکہ آدمی پانی ملنے تک نماز نہ پڑھے۔ کیا ہم اس قول کو لیں گے؟ جواب ہے: نہیں۔

وہ کیا چیز ہے جو ہمیں ان کے اس قول کو قبول نہ کرنے پر مجبور کرتی ہے، باوجود اس کے کہ ہمارے دلوں میں ابن مسعود کے لیے عظیم محبت اور احترام ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ(النساء)''اگر تم نے عورتوں سے مباشرت کی اور پانی نہ پایا تو پاک مٹی سے تیمم کرلو۔'' اور یہاں مباشرت سے مراد جماع ہے۔

اور صحیح بخاری و صحیح مسلم میں عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک کام کے لیے بھیجا، اس دوران مجھے جنابت لاحق ہوگئی اور پانی نہ ملا۔ تو میں زمین پر ایسے لوٹنے لگا جیسے جانور لوٹتے ہیں۔ یہ قیاس تھا مگر ظاہر ہے کہ باطل قیاس، کیونکہ یہ نص کے ٹکرانے والا تھا۔ اس نے یہ سمجھا کہ چونکہ جنب کو پورے بدن پر پانی بہانا ہوتا ہے تو تیمم

میں بھی پورے بدن کو مٹی میں لوٹانا چاہیے۔ مگر یہ قیاس غلط ہے، کیونکہ بدل اپنے اصل کے حکم میں ہوتا ہے، نہ کہ اس کی صفت میں۔

پھر عمار رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور سارا واقعہ بیان کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تمہارے لیے کافی تھا کہ یوں کرتے'' اور آپ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور ایک ہی بار دونوں ہاتھوں سے چہرے اور ہاتھوں کا مسح کیا۔

تو اب بتائیے ہم ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول کیسے لے سکتے ہیں جبکہ وہ اس نص کے مخالف ہے؟

اور صحیح بخاری و مسلم میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا جو لوگوں کے ساتھ نماز نہیں پڑھ رہا تھا۔ آپ ﷺ نے پوچھا: ''اے فلاں! تمہیں کس چیز نے روکا کہ ہمارے ساتھ نماز نہیں پڑھی؟'' اس نے کہا: ''اے اللہ کے رسول! مجھے جنابت لاحق ہوئی اور پانی میسر نہ تھا۔'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو پھر تمہارے لیے مٹی کافی ہے، وہ تمہیں پاک کردے گی۔''

ان واضح اور صحیح احادیث کے ہوتے ہوئے ہمیں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کو قبول نہیں کرنا چاہیے، چاہے وہ جلیل القدر صحابی ہوں اور ہمارے دلوں میں ان کے لیے بے پناہ محبت اور احترام ہو۔ لیکن یاد رہے، عالم کا احترام ایک چیز ہے اور اس کے قول کو لینا دوسری چیز ہے۔ کسی عالم کی عظمت اور محبت ہمیں یہ اجازت نہیں دیتی کہ ہم اس کا قول لیں اگر وہ نص کے خلاف ہو۔ اسی طرح یہ بھی درست نہیں کہ نص کے خلاف اس کا قول رد کرنے کو ہم اس کی بے ادبی یا تنقیص کا ذریعہ بنائیں۔ یہی وہ بات ہے جسے ہم دین سمجھ کر مانتے ہیں۔

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی شروع میں ابن مسعود ہی کی رائے رکھتے تھے۔ اسی لیے ایک سفر یا مہم میں عمار اور عمر دونوں کو جنابت لاحق ہوگئی۔ عمار تو مٹی میں لوٹنے لگے جیسے جانور لوٹتے ہیں، اور عمر کئی دن تک نماز نہ پڑھتے رہے کیونکہ ان کا خیال تھا کہ بڑے حدث کے لیے تیمم کافی نہیں۔ لیکن بعد میں عمر رضی اللہ عنہ اس رائے سے رجوع کر گئے، البتہ ابن مسعود کے رجوع کا ثبوت نہیں ملتا۔

اسی واقعے میں عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ جب صحابہ کے سامنے یہ حدیث بیان کرتے تو یہ خبر عمر تک بھی پہنچی جو اس وقت خلیفہ تھے۔ انہیں بتایا گیا

کہ عمار تمہارے بارے میں یہ حدیث بیان کرتے ہیں۔ عمر کو واقعہ یاد نہ رہا تھا۔ انہوں نے عمار کو بلایا اور پوچھا: ''یہ کب ہوا تھا؟'' عمار نے کہا: ''اے امیرالمؤمنین! کیا آپ کو یاد نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اور آپ کو بھیجا تھا اور یہ واقعہ پیش آیا تھا؟'' عمر نے کہا: ''مجھے یاد نہیں۔'' عمار نے کہا: ''اگر آپ چاہیں تو میں یہ حدیث بیان نہ کروں۔'' عمر نے فرمایا: ''نہیں، بلکہ بیان کرو، تم اس کے ذمہ دار ہو۔'' اس کے بعد عمار اپنی روایت میں عمر کا نام نہیں لیتے تھے بلکہ صرف یہ کہتے تھے: ''مجھے رسول اللہ ﷺ نے بھیجا۔'' حالانکہ اصل میں اس مہم میں عمر بھی ساتھ تھے۔

تو معلوم ہوا کہ ہم ابن مسعود کے اس قول کو نہیں لیتے، کیوں؟ اس لیے کہ وہ نص صریح اور صحیح کے خلاف ہے۔

اسی فرع کی ایک اور مثال: صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم میں اختلاف ہوا اور ان کا دور ختم ہوگیا مگر اختلاف باقی رہا۔ بعد میں امت نے اجماع کر لیا کہ اگر آدمی اپنی بیوی سے جماع کرے لیکن انزال نہ ہو تو اس پر غسل واجب ہے۔ یہ رائے مہاجرین کی تھی جبکہ انصار کہتے تھے کہ غسل نہیں ہے بلکہ صرف وضو ہے۔

صحیح مسلم میں اُبی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ مہاجرین اور انصار اس مسئلے میں جھگڑ پڑے۔ مہاجرین نے کہا: ''غسل واجب ہے'' اور انصار نے کہا: ''نہیں، غسل نہیں۔'' پھر انہوں نے مجھے عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا۔ میں نے کہا: ''اے اماں جان! لوگوں میں فلاں مسئلے پر اختلاف ہے، آپ کیا کہتی ہیں؟'' انہوں نے کہا: ''تم جانکار کے پاس آئے ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب مرد بیوی کے چار حصوں کے درمیان بیٹھے اور دونوں شرمگاہیں آپس میں مل جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔'اسی پر صحیح بخاری و مسلم کی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: ''جب مرد عورت کے چاروں حصوں کے درمیان بیٹھ جائے اور سخت محنت کرے تو غسل واجب ہو جاتا ہے، چاہے انزال نہ بھی ہو۔'' مسلم میں اضافہ ہے: ''اگرچہ انزال نہ ہو۔''صحیح مسلم میں عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور پوچھا: ''اے اللہ کے رسول! اگر آدمی بیوی سے جماع کرے اور انزال نہ ہو تو کیا غسل واجب ہے؟'' اور اس وقت عائشہ پاس بیٹھی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں، میں اور یہ (عائشہ) ایسا کرتے ہیں اور پھر غسل کرتے ہیں۔''

اور سنن ابی داود میں اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت صحیح سند کے ساتھ موجود ہے کہ ’’شروع اسلام میں یہ رخصت تھی کہ غسل صرف انزال پر واجب ہوتا تھا، پھر یہ حکم منسوخ ہوگیا۔‘‘اور صحیح مسلم کی حدیث ابو رافع میں ہے کہ انہوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے مجھے بلایا جبکہ میں اپنی بیوی کے پیٹ پر لیٹا ہوا تھا، تو میں اٹھا اور غسل کیا، پھر نکلا اور میرے سر سے پانی ٹپک رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شاید ہم نے تمہیں جلدی میں بلایا ہے؟ میں نے کہا: نہیں یا رسول اللہ۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر کوئی گناہ نہیں تھا اگر تم صرف وضو کر لیتے۔ (یہاں تک حدیث ختم ہوئی)۔ ابو رافع کہتے ہیں: پھر رسول اللہ ﷺ نے ہمیں غسل کا حکم دیا۔

پس جب یہ بات واضح ہوئی کہ ’’الماء من الماء‘‘ (پانی صرف انزال کے ساتھ واجب ہے) والی حدیث، جو کہ ابو سعید کی روایت ہے اور امام مسلم نے اپنی صحیح میں اسے ذکر کیا ہے اور امام بخاری نے اسے اپنے صحیح میں تعلیقاً، اور وہ بھی جزم کے ساتھ، موقوف صورت میں ذکر کیا ہے، تو یہ صرف رخصت تھی جو اسلام کے ابتدائی دور میں دی گئی تھی، پھر اس کے بعد نبی ﷺ نے غسل کا حکم دیا۔

تو اللہ کی قسم! کیا ہم اس صحابی کے قول کو قبول کریں گے جو یہ کہے کہ اگر کسی نے جماع کیا اور انزال نہ ہوا تو صرف وضو کافی ہے اور غسل لازم نہیں؟ جواب: نہیں۔

ہم اس کا قول کیوں چھوڑتے ہیں حالانکہ وہ صحابی ہے؟ اس لیے کہ ہم اللہ اور اس کے رسول کے سامنے کسی کا قول پیشگی نہیں رکھ سکتے۔ "لا تقدموا بين يدي الله ورسوله" (اللہ اور اس کے رسول کے آگے نہ بڑھو)۔

پس جب یہ حکم صحابہ کے بارے میں ہے کہ ان کا قول بھی نص کے مقابلے میں مردود ہے، تو جو لوگ صحابہ سے کم درجے کے ہیں ان کا حال اس سے زیادہ اولیٰ ہے کہ ان کے اقوال بھی نص کے مقابلے میں مردود ہوں گے۔

اے طالب علم! تجھے چاہیے کہ جب بھی کسی عالم کے قول کو نص کے خلاف پائے تو اس کی عظمت اور شان کو دیکھ کر نص کو نہ چھوڑ دے، کیونکہ اللہ کا قول ہر ایک کے قول سے بڑا ہے۔ لہٰذا کسی عالم یا امام کی مخالفت کو صرف اس لیے نہ چھوڑنا کہ اس کا مرتبہ بڑا ہے، کیونکہ نص مقدم ہے۔

سنو! اسی کی مثال تیسری دلیل میں ہے، اسی فرع کے اندر، کہ صحابی کا قول بذات خود حجت نہیں ہے۔

ایک عورت تھی جو نبی ﷺ کے زمانے میں حاملہ تھی، اس کا نام سبیعہ اسلمیہ تھا۔ اس کا شوہر فوت ہوگیا۔ اللہ نے مقدر کیا کہ اس کا شوہر اس کے حمل کے آخری مہینوں میں فوت ہوا۔ وہ عورت اپنے شوہر کی وفات کے چند راتوں بعد ہی بچہ جن گئی۔ امام زہری کی روایت میں ہے کہ وہ اپنے شوہر کی وفات کے چالیس دن بعد بچہ جن گئی۔ اب سوال پیدا ہوا: کیا اس کی عدت ختم ہوگئی یا نہیں؟ اس مسئلے میں صحابہ کرام میں اختلاف ہوا۔ اگر عورت چار مہینے اور دس دن سے پہلے بچہ جن دے تو کیا عدت ختم ہو جائے گی یا اسے چار مہینے اور دس دن پورے کرنے ہوں گے؟ صحابہ میں سے بعض کا قول یہ تھا، جن کے سردار علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہیں اور ان کے ساتھ دوسرے صحابہ بھی، کہ عورت کو دونوں میں سے طویل مدت پوری کرنی ہوگی۔ اگر وہ چار مہینے پورے ہونے سے پہلے بچہ جن دے تو بھی اسے چار مہینے اور دس دن تک عدت گزارنی ہوگی، اور اگر چار مہینے اور دس دن گزر جائیں لیکن حمل باقی ہے تو اسے حمل کی ولادت تک عدت گزارنی ہوگی۔لیکن ہم یہ قول قبول نہیں کرتے۔ کوئی کہے: ''اللہ سے ڈرو، تم کیسے نہیں قبول کرتے حالانکہ یہ صحابہ کرام کا قول ہے؟'' تو ہم کہتے ہیں: جی ہاں! ان کی عزت و توقیر اپنی جگہ ہے، لیکن ہم اسے اس لیے نہیں مانتے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کی صحیح مرفوع حدیث کے خلاف ہے۔

اسی لیے ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک عورت جس کا نام سبیعہ تھا، اور وہ قبیلہ اسلم سے تعلق رکھتی تھی، وہ اپنے شوہر کے نکاح میں تھی۔ اس کا شوہر فوت ہوگیا اور وہ عورت حاملہ تھی۔ پھر اس نے چند راتوں بعد بچہ جنا۔ اس نے نبی ﷺ سے اجازت مانگی کہ کیا وہ نکاح کرسکتی ہے؟ نبی ﷺ نے اسے اجازت دی، پس اس نے نکاح کر لیا۔

یہ صریح اور قطعی نص ہے کہ اگر کسی عورت کا شوہر فوت ہو جائے اور وہ حاملہ ہو تو اس کی عدت ولادتِ حمل کے ساتھ ختم ہو جاتی ہے۔

اور آپ کے پاس ایک اصول ہے کہ ''حمل باقی سب عدتوں پر غالب ہے''۔ حمل، حیض سے بھی مقدم ہے، مہینوں کی عدت سے بھی مقدم ہے، اور شریعت کی طرف سے مقرر کردہ تمام عدتوں پر غالب ہے۔

لہٰذا اگر مطلقہ عورت حاملہ ہے تو اس کی عدت صرف وضعِ حمل ہے۔ اور مطلقہ کے لیے حیض کی عدت کا اعتبار نہیں رہتا۔

پس اگر ایک عورت کا شوہر ظہر کے وقت فوت ہو جائے اور وہ عصر کے وقت بچہ جن دے، یا شوہر کے انتقال کے صرف بیس منٹ بعد اسے لیبر روم میں داخل کیا گیا اور بچہ پیدا ہو گیا، تو اس عورت کی عدت ختم ہو گئی۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَأُوْلَٰتُ ٱلۡأَحۡمَالِ أَجَلُهُنَّ أَن يَضَعۡنَ حَمۡلَهُنَّۚ " (حاملہ عورتوں کی عدت یہ ہے کہ وہ اپنا حمل وضع کر دیں)۔

یہی وہ بات ہے جس پر ہم دین داری کے ساتھ یقین رکھتے ہیں۔

پس جب دلیل بالکل واضح ہو جائے تو نہ کسی صحابی کے قول کو، نہ کسی بڑے عالم کے قول کو، نہ ابن عباسؓ کے قول کو، اور نہ ہی کسی اور کے قول کو، رسول اللہ ﷺ کے فرمان پر مقدم رکھنا جائز ہے۔

فرعِ ثانی:

اور اب میں اس قاعدے میں کچھ طول دوں گا۔

یقیناً ہم سب ائمہ اربعہ (امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد رحمہم اللہ) کی تعظیم کرتے ہیں، کیا ایسا نہیں؟ ہم ان سے محبت کرتے ہیں، قسم ہے اللہ کی کہ ہم انہیں بڑا مانتے ہیں، اور ہمارے دلوں میں ان کے لیے عظیم احترام اور تقدیر ہے۔لیکن یہ سارا احترام اور تقدیر ہمیں اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ ہم ان میں سے کسی کے قول کو رسول اللہ ﷺ کے قول پر مقدم کریں۔

ائمہ اربعہ ہمارے نزدیک بشر ہیں، وہ معصوم نہیں، ان سے خطا بھی ہو سکتی ہے، اگرچہ وہ زیادہ تر حق بات کہتے ہیں۔ چاہے ان کے اقوال باہم متفق ہوں تب بھی ان کا اتفاق حجت یا اجماع شمار نہیں ہوتا۔ یہی اصولیوں کے دو اقوال میں سے صحیح قول ہے۔ لہٰذا وہ بشر ہیں، ان کے اجتہادات ہیں، اور ان میں بعض اجتہادات ثابت ہیں جن میں انہوں نے نص کے خلاف بات کہی۔یہ ثابت ہے کہ ائمہ کے بعض اجتہادات دلائل کے خلاف ہیں۔ تو ایسی صورت میں ہم پر کیا واجب ہے؟ واجب یہ ہے کہ جب بھی ان چاروں ائمہ میں سے کسی ایک کا قول نبی ﷺ کے فرمان کے خلاف ظاہر ہو جائے، تو ہم اس کا قول رد کریں اور نبی ﷺ کے قول کو اختیار کریں۔ ہر ایک امام کی بات لی بھی جاتی ہے اور چھوڑ بھی دی

جاتی ہے، سوائے معصوم کے۔ اور یہ ایک قاعدہ ہے جو آگے تھوڑی دیر میں آئے گا ان شاء اللہ۔

پس اے بھائیو! ہمارے لیے ہرگز حلال نہیں کہ ہم ان ائمہ اربعہ میں سے کسی کے قول کو رسول اللہ ﷺ کے قول پر مقدم کریں۔ رسول اللہ ﷺ کا قول اصل ہے اور ائمہ اربعہ کے اقوال فرع ہیں۔ جب فرع اصل کے مخالف ہو جائے تو ہم فرع کو چھوڑ دیں گے اور اصل کو اختیار کریں گے۔

کیونکہ وہ معصوم نہیں اور رسول اللہ ﷺ کا قول معصوم ہے۔ پس واجب یہ ہے کہ ہم معصوم کے قول کو غیر معصوم پر مقدم کریں۔ اور ہم ان ائمہ میں سے کسی ایک کے قول کو اس لیے رد نہیں کرتے کہ ہمارے دلوں میں ان سے بغض ہے، یا اپنی سرزمین اور اپنے امام کے مذہب کی طرف عصبیت کی وجہ سے، یا ان کی بے ادبی کی وجہ سے۔ نہیں! بلکہ یہ ایک شرعی واجب ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہم پر فرض کیا ہے۔ بلکہ خود انہی ائمہ نے بھی اس بات پر نص کی ہے، جیسا کہ میں نے ابھی آپ کے سامنے ان کے اقوال ذکر کیے تھے۔ انہوں نے اپنے پیروکاروں کو اجازت نہیں دی کہ وہ ان کے اقوال کو رسول اللہ ﷺ کے اقوال پر مقدم کریں۔ لہٰذا ہم امام مالک کے اس قول کو قبول نہیں کرتے جس میں انہوں نے ’’خیارِ مجلس‘‘ (یعنی بیع کے وقت دونوں کو مجلس میں رہتے ہوئے بیع فسخ کرنے کا اختیار) کو رد کیا ہے۔ ہم ان کا قول قبول نہیں کرتے بلکہ حق ’’خیارِ مجلس‘‘ ہے، کیونکہ اس پر حدیث صحیح ثابت ہے۔

بخاری و مسلم کی حدیث حکیم بن حزام میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جب دو آدمی خرید و فروخت کریں تو ہر ایک کو اس وقت تک اختیار ہے جب تک وہ دونوں جدا نہ ہو جائیں۔ پس ہم امام مالکؒ کا وہ قول نہیں لیتے جس میں انہوں نے ’’خیارِ مجلس‘‘ کا انکار کیا، کیوں؟ اس لیے کہ وہ اس صحیح دلیل کے مخالف ہے۔

اسی طرح ہم امام ابو حنیفہؒ کا یہ قول بھی قبول نہیں کرتے کہ نماز میں ’’طمأنینۃ‘‘ (اطمینان) واجب نہیں۔ یہ حنفیہ کا مذہب ہے کہ طمأنیہ نہ رکن ہے اور نہ واجب۔ کیا ہم یہ قول قبول کرتے ہیں؟ جواب: نہیں۔ کیوں؟ اس لیے کہ یہ دلیل کے خلاف ہے۔

جیسا کہ بخاری و مسلم کی حدیث ابو ہریرہ میں ہے: جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو اچھی طرح وضو کرو، پھر قبلہ رخ کھڑے ہو کر تکبیر کہو، پھر جو قرآن میسر ہو وہ پڑھو، پھر رکوع کرو حتی کہ اطمینان سے رکوع میں جاؤ، پھر سیدھے

کھڑے ہو جاؤ حتی کہ مکمل سیدھے کھڑے ہو جاؤ، پھر سجدہ کرو حتی کہ اطمینان سے سجدہ کرو... (یہ پوری حدیث آپ سب کو معلوم ہے)۔

یہ نص صحیح ہے طمأنینہ کے وجوب پر۔

پس ہم امام ابو حنیفہؒ کی بڑی تعظیم کرتے ہیں، وہ ائمہ میں سے ایک ہیں، ہمارے دل انہیں محبت اور عظمت سے یاد کرتے ہیں۔ لیکن ہمارے رب کی تعظیم ہمیں اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ ہم اس مسئلے میں ان کے قول کو رسول اللہ ﷺ کے قول پر مقدم کر دیں۔ بلکہ ہم ان کے لیے عذر بھی بیان کرتے ہیں۔ جیسے کہ انہوں نے عورت کو یہ اجازت دی کہ وہ بغیر ولی کے خود اپنا نکاح کر لے۔ ہم امام ابو حنیفہؒ کا یہ قول قبول نہیں کرتے۔ اگر کوئی پوچھے: کیوں؟ ہم کہتے ہیں: اس لیے کہ یہ صحیح احادیث کے خلاف ہے۔ سنن میں ابو بردہ بن ابو موسیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کوئی نکاح ولی کے بغیر نہیں۔''اور سنن ابی داود میں، جسے ابن حبان نے صحیح کہا ہے، عائشہؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اس کا نکاح باطل ہے۔''

اور کیا خوب کہا امام شافعیؒ نے! اللہ ان پر رحم کرے۔ فرمایا: ''کوئی بھی عالم ایسا نہیں جس سے کوئی سنت فوت نہ ہو گئی ہو یا وہ اس سے غافل نہ ہو گیا ہو۔''

یہ جملہ سونے کے پانی سے لکھنے کے قابل ہے۔ بلکہ آنکھوں کے پانی سے لکھنے کے لائق ہے۔ کیونکہ یہ علماء کے لیے عذر بیان کرتا ہے۔

ورنہ ممکن ہے کہ طلبہ کے دلوں میں یہ سوال آئے کہ: جب دلیل واضح تھی تو امام مالک نے کیوں چھوڑ دی؟ جب دلیل روشن تھی تو فلاں امام نے کیوں ترک کر دیا؟ اس کا جواب امام شافعیؒ نے دیا: ''کوئی بھی نہیں مگر یہ کہ اس سے کوئی سنت فوت ہو جاتی ہے یا وہ اس سے غافل ہو جاتا ہے۔''

اور اس سلسلے میں بہتر ہوگا کہ آپ لوگ اس کورس کے بعد ایک عظیم کتاب کا مطالعہ کریں، جو شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی ہے۔ میں ہمیشہ اس پر زور دیتا ہوں کہ ہمیں اختلاف سے پہلے ''ادبِ اختلاف'' سیکھنا چاہیے۔ کیا آپ مجھ سے یہ بات ہمیشہ نہیں سنتے؟ ''ادبِ اختلاف'' آپ کو ابن تیمیہ کی کتاب ''رفع الملام عن الأئمة الأعلام'' میں ملے گا۔ یہ کتاب ضرور پڑھیں۔ دیکھیں کس عظیم انداز سے علماء کے لیے عذر ذکر کیے ہیں اور کس شان سے ان کا احترام بیان کیا ہے۔ہم نے امام مالک کا ذکر کیا، امام شافعی کا ذکر کیا، اور اب ہم امام ابو حنیفہ کا ذکر کر رہے

ہیں۔اسی طرح ہم امام شافعیؒ کا یہ قول بھی قبول نہیں کرتے کہ بلا عذر صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے والے کی نماز صحیح ہے۔ یہ شافعیہ کا مذہب ہے۔ لیکن ہم اس کو قبول نہیں کرتے۔ کیوں؟ اس لیے کہ یہ سنت کے خلاف ہے۔حدیث وابصة بن معبدؓ میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''صف کے پیچھے اکیلے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے کی کوئی نماز نہیں۔''اور حدیث علی بن شیبان میں بھی ہے: ''صف کے پیچھے اکیلے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے کی کوئی نماز نہیں۔''اور وابصة کی حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جو صف کے پیچھے اکیلا نماز پڑھ رہا تھا، تو آپ ﷺ نے اسے حکم دیا کہ وہ نماز دوبارہ پڑھے۔

حدیث کی دلالت بالکل واضح ہے کہ جو شخص صف میں ملنے کی قدرت رکھتا ہو، اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ صف کے پیچھے اکیلا نماز پڑھے۔ ہاں اگر وہ بالکل عاجز ہو اور صف میں جگہ نہ ہو سکے تو عذر کی وجہ سے اس کی نماز جائز ہے۔ یہی رائے شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی بھی ہے۔

اور اسی طرح ہم امام احمد رحمہ اللہ کا یہ قول بھی قبول نہیں کرتے کہ ایک روایت میں آیا ہے کہ دباغت (چمڑا دباغنے) سے پاکیزگی حاصل نہیں ہوتی۔ یہ روایت ان کے مذہب میں ان سے منقول ہے کہ دباغت مردار کے چمڑے کو پاک نہیں کرتی۔ حالانکہ اگر آپ ان دلائل کو دیکھیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ دباغت مردار کے چمڑے کو پاک کر دیتی ہے تو وہ اتنے زیادہ ہیں کہ شمار میں نہیں آ سکتے۔ میں ان میں سے صرف تین احادیث آپ کے سامنے ذکر کرتا ہوں۔

صحیح بخاری میں سیدہ سودہ بنت زمعة زوجۂ نبی ﷺ سے مروی ہے، وہ کہتی ہیں کہ ہمارے پاس ایک بکری مر گئی تو ہم نے اس کی کھال دباغ لی اور پھر ہم اس میں (پانی وغیرہ) ڈال کر استعمال کرتے رہے یہاں تک کہ...

اور سنن ابی داؤد میں صحیح سند کے ساتھ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ دباغنے کے بعد مردار کی کھالوں سے فائدہ اٹھائیں۔ اور صحیح مسلم میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب کھال کو دباغ دیا جائے تو وہ پاک ہو جاتی ہے۔''

اور بخاری و مسلم دونوں میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو مولاۃ میمونہ رضی اللہ عنہا کو ایک بکری صدقے میں دی گئی جو مر گئی۔ آپ ﷺ اس کے پاس سے گزرے جبکہ وہ اسے گھسیٹ رہے تھے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم نے اس کی کھال کیوں نہیں لی اور اسے دباغ کر کے اس سے فائدہ

کیوں نہیں اٹھایا؟'' انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ تو مردار ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اسے پانی اور قرظ (یعنی ایک پودے کی چھال جس سے دباغ دیا جاتا ہے) پاک کر دیتے ہیں۔''اور سنن ابی داؤد میں صحیح سند کے ساتھ سلمہ بن المحبق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''مردار کی کھالوں کو دباغ دینا ہی ان کو پاک کرنا ہے۔''اور نسائی و ابی داؤد میں میمونہ رضی اللہ عنہا سے بھی مروی ہے کہ نبی ﷺ ایک قوم کے پاس سے گزرے جو ایک مردہ بکری کو اس طرح گھسیٹ رہے تھے جیسے گدھے کو گھسیٹا جاتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم نے اس کی کھال کیوں نہیں لی؟'' انہوں نے کہا: یہ تو مردار ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اسے پانی اور قرظ پاک کر دیتے ہیں۔''اور اس بارے میں دلائل بہت زیادہ ہیں۔ تو ایسی کثرتِ دلائل کے ہوتے ۔۔ہوئے ہمارے لیے جائز نہیں کہ ہم ان سب کو چھوڑ کر امام احمد رحمہ اللہ کا قول اختیار کریں۔

اے طالب علم! اسی طرح مسلسل آگے بڑھو۔ علماء کے اقوال کو اسی طریقے پر قبول کرو: پہلے عالم کا قول سنو، پھر ہرگز اس کے قول کو صرف اس وجہ سے نہ مان لو کہ وہ اس سے صادر ہوا ہے، بلکہ دیکھو کہ اس کا ماخذ کیا ہے۔ اگر تمہیں اس کا ماخذ صحیح اور واضح ملے تو پھر اس کو قبول کرو، لیکن اس وجہ سے نہیں کہ یہ فلاں کا قول ہے، بلکہ اس وجہ سے کہ اس کا قول شریعت کے قول کے موافق ہے۔ لیکن اگر تم دیکھو کہ اس کا ماخذ دلیل کے اعتبار سے اس کی مدد نہیں کرتا، تو تم پر حق لازم ہے کہ اس کو رد کرو، مگر پورے ادب و احترام کے ساتھ۔ یہی دینِ الٰہی کا مطلب ہے۔

اور میں نے آپ کو اپنی رسالہ میں اس کی بے شمار مثالیں دی ہیں۔ اور فروعی مسائل میں سے ایک فرع (یعنی مثال) یہ بھی ہے جو کہ حقیقت میں ایک قاعدہ کی طرف اشارہ ہے جو بعد میں آئے گا۔ ابن القیم رحمہ اللہ ،اللہ کے فرمان ''اپنی آوازوں کو نبی ﷺ کی آواز سے بلند نہ کرو'' کی تفسیر میں کہتے ہیں: ''جب اپنی آواز کو نبی ﷺ کی آواز سے بلند کرنا ان کے اعمال کے برباد ہونے کا سبب بن گیا، تو پھر اپنے آراء، عقلوں، ذوقوں، سیاستوں اور علم کو اس کے اوپر مقدم کرنے کا کیا حال ہوگا؟ کیا یہ بدرجہ اولیٰ ان کے اعمال کو برباد کرنے والا نہیں ہوگا؟'' جواب: کیوں نہیں، بدرجہ اولیٰ۔

اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نصوصِ وحی کو اپنی رائے کے مقابلے میں پیش نہیں کرتے تھے۔ بلکہ نصوص ان کے دلوں میں اس قدر عظیم اور ان کی نگاہوں میں اس قدر بلند تھیں کہ وہ ان کے مقابلے میں کسی کا قول نہیں رکھتے

تھے۔ ہاں، کبھی وہ کسی نص کے بارے میں اشکال کرتے اور اس اشکال کو رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کرتے تو آپ ﷺ ان کو جواب دیتے۔ کبھی وہ آپ ﷺ سے ان نصوص کے بارے میں پوچھتے جن کا بظاہر آپس میں تعارض معلوم ہوتا، لیکن ان میں سے کسی نے بھی کبھی ایسا نہیں کیا کہ کسی عقلی دلیل کو پیش کر کے نص کا انکار کرے۔ اور یہ سب سے زیادہ کامل عقلوں والے لوگ تھے۔(ابن القیم کا کلام ختم کلام۔)

اسی قاعدہ کی ایک اور خوبصورت مثال سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا قول ہے جس کو ابوداؤد نے اپنی سنن میں حسن سند کے ساتھ روایت کیا ہے: ''اگر دین رائے پر مبنی ہوتا تو خف کے نچلے حصے پر مسح کرنا اس کے اوپر کے حصے پر مسح کرنے سے زیادہ اولیٰ ہوتا۔ حالانکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ اپنے خف کے اوپر کے حصے پر مسح کرتے تھے۔''

اللہ تم پر رحم کرے! اس عظیم فقہ کو دیکھو۔ یہی وہ فقہ ہے جس پر ہم اس درس میں اپنی تربیت کرنا چاہتے ہیں۔ علی رضی اللہ عنہ نے اس فقہ کو ایک ہی حدیث میں ہمارے لیے مختصر کر دیا۔ اللہ کی قسم! یہی فقہ زمین پر سب سے عظیم فقہ ہے۔،زمین پر سب سے عظیم فقہ یہ ہے کہ تم اپنی رائے کو چھوڑ دو جب تمہیں دلیل اس کے خلاف نظر آ جائے۔ زمین پر سب سے عظیم فقہ یہ ہے کہ تم اپنے نفس کو الزام دو تاکہ دلیل اپنی جگہ باقی رہے۔ زمین پر سب سے عظیم فقہ یہ ہے کہ تم اپنے عقل، اپنی سوچ اور اپنے اجتہاد کو شک میں ڈال دو کیونکہ تم نے دیکھا کہ دلیل مقدم رکھنے کے زیادہ لائق ہے۔ ورنہ اگر تم خف کو دیکھو تو جو حصہ زمین سے مس ہوتا ہے وہ زیادہ لائق ہے کہ اس پر مسح کیا جائے بہ نسبت اس کے جو زمین سے نہیں لگتا۔ یہ رائے اور عقل ہے۔ لیکن علی رضی اللہ عنہ نے اپنی رائے کو توڑ ڈالا، اپنی عقل کو توڑ ڈالا اور اپنے اعتماد کو رد کیا۔ کیوں؟ اس لیے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنے خف کے اوپر کے حصے پر مسح کیا۔ جب حدیث آ جائے تو بس۔ رائیں ختم، عقلیں خاموش۔ کبھی بھی صحیح نص کے مقابلے میں نہ رائے معتبر ہے، نہ کوئی قول، نہ اجتہاد، نہ عقل، اگر وہ نص کے مخالف ہو۔

اے بھائیو! سیدھے راستے پر جمے رہو۔ یہی سیدھا راستہ ہے۔ اللہ کی قسم! میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ یہی جنت کی راہ ہے۔ اگر تم سچے عالم، پختہ بنیادوں والے، اور امت کے نفع کے لیے بننا چاہتے ہو تو یہی طریقہ ہے۔

اور اسی طرح ایک اور قاعدہ ہے جو آگے بھی آئے گا۔ جان لو اللہ تم پر رحم کرے کہ صحیح حدیث پر عمل کرنا واجب ہے، چاہے اس کی مخالفت کرنے والے اہلِ علم میں سے کوئی بھی کیوں نہ ہو۔اسی وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ صحیح حدیث پر عمل کرنا لازم ہے، اگرچہ اس کے خلاف اہلِ مدینہ کا عمل ہو۔

خبردار! کسی حدیث کو صرف اس لیے نہ چھوڑنا کہ اہلِ مدینہ نے اس پر عمل نہیں کیا۔ اور خبردار! مالکیہ کے اس اصول کو نہ اپنانا کہ ہر وہ حدیث جو اہلِ مدینہ کے عمل کے خلاف ہو تو اہلِ مدینہ کا عمل اس پر مقدم ہے۔ نہیں! یہ بات ناقابلِ قبول ہے، ناقابلِ قبول ہے۔

عیب دلیل میں نہیں ہوتا، اور عذر تلاش کرنے کا تعلق دلیل کے لیے نہیں بلکہ اہلِ مدینہ کے لیے ہے۔ تعریف اسی میں ہے کہ حدیث کی موافقت کی جائے نہ کہ مخالفت کی۔ عالم کے قول کی خوبصورتی اسی وقت ہوتی ہے جب وہ نصوص کے موافق ہو۔ حق وہی ہے جو سنت کے مطابق ہو۔ اگر اہلِ مدینہ نے کسی حدیث کے خلاف عمل کیا تو وہ ان کا عمل ہے، لیکن حدیث ہمارے لیے ہے۔ ان کا اجتہاد ان کے لیے تھا، ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ اللہ ان کو معاف کرے اور درگزر فرمائے۔ لیکن صحیح سنت کو ہم اہلِ مدینہ کی خاطر نہیں چھوڑیں گے، چاہے وہ اس کے مخالف ہی کیوں نہ ہوں۔ اسی لیے آپ دیکھتے ہیں کہ ائمہ مالکیہ کے مذہب میں بہت سے فروع ایسے ہیں جن میں صحیح احادیث موجود ہیں، لیکن آپ پاتے ہیں کہ مالکیہ ان کو قبول نہیں کرتے اور اس کی یہ توجیہ کرتے ہیں کہ "ہمارے علاقے میں اس پر عمل نہیں ہے۔"

اسی وجہ سے مالکیہ کے بعض علماء نے حدیثِ "خِیارُ المَجلِس" (یعنی بیع کرنے والوں کے لیے مجلس میں رہتے ہوئے فسخ کرنے کا اختیار) کو رد کر دیا، کیونکہ اس پر اہلِ مدینہ نے عمل نہیں کیا۔اسی طرح انہوں نے جمعہ کے دن خطبہ کے دوران مسجد میں آنے والے کے لیے دو رکعت نماز پڑھنے کی احادیث کو بھی رد کیا، اس لیے کہ اہلِ مدینہ نے اس پر عمل نہیں کیا۔ اور انہوں نے بہت سی احادیث کو اسی علّت سے رد کیا۔ تو یہ رد کرنا بھی ان فروع میں سے ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کے سامنے پیش نہ ہو۔ اور فروع میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کسی عالم کے قول کو معصوم نہ سمجھا جائے۔ خبردار! اہلِ علم میں سے کسی کے قول پر عصمت کا لبادہ نہ چڑھاؤ۔ محتاط رہو! یہ درست نہیں کہ ہم کسی ایک عالم کے قول کو ایسی حیثیت دے دیں کہ وہ دلیل بن جائے جس کی مخالفت نہ کی جا سکے۔

یا اس کو ایسا نص سمجھیں جو جھگڑوں کا فیصلہ کن ہو۔ یا یہ اعتقاد رکھیں کہ اس کا قول غلطی سے پاک ہے۔ یہ سب کچھ کسی بھی عالم کے کسی بھی قول کے بارے میں ماننا جائز نہیں۔

ہاں، ان کا اجماع حجت ہے اور معصوم ہے اور وہ ہمیشہ حق ہوتا ہے، لیکن یہاں بات اجماع کی نہیں ہو رہی بلکہ ان میں سے کسی ایک کے قول کی ہے۔ اور اہلِ علم کے نزدیک یہ طے شدہ بات ہے کہ علماء کے اقوال کے لیے دلیل پیش کی جاتی ہے، نہ کہ ان سے دلیل قائم کی جاتی ہے۔اس لیے علماء کے اقوال کو ذاتی طور پر لازماً قبول کر لینا درست نہیں۔ بلکہ ضروری ہے کہ ان کو کتاب و سنت کی ادلّہ پر پیش کیا جائے۔ جو اقوال کتاب و سنت کے موافق ہوں ہم ان کو قبول کرتے ہیں اور ان پر اعتماد کرتے ہیں، اور جو ان کے مخالف ہوں ان کو رد کرنا واجب ہے۔

یہ ذکر کرنا ضروری ہے، کیوں؟ اس لیے کہ بہت سے علماء یا طلبہ اپنے امام کے قول کو معصوم سمجھ لیتے ہیں۔ تو جب دلیل ان کے امام کے قول کے خلاف آتی ہے تو وہ اس مخالفت کو بہت بڑا سمجھتے ہیں اور امام کے بارے میں یہ ماننے کو تیار نہیں ہوتے کہ انہوں نے دلیل کے خلاف بات کہی ہو۔ پھر وہ دلیل کا رخ موڑتے ہیں یہاں تک کہ وہ امام کے قول کے مطابق ہو جائے۔ اور یہ سب کچھ جائز نہیں۔

کیا آپ لوگوں نے یہ قاعدہ سمجھ لیا؟

خلاصہ یہ ہے کہ ہمارے لیے جائز نہیں کہ ہم اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے سامنے کسی قول، کسی مذہب، کسی عقل، کسی اجتہاد یا کسی اور چیز کو مقدم کریں۔ شارع کا قول ہی مقدم ہے۔ اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

اب قاعدہ نمبر دو آ رہا ہے۔

قاعدہ نمبر دو: "لا ترفعوا..." کون مکمل کرے گا؟ یہ قاعدہ تعظیمِ دلیل کے اصولوں میں سے ہے: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ------

"اپنی آوازیں نبی ﷺ کی آواز سے بلند نہ کرو۔"

میں تمہیں کچھ مثالیں دیتا ہوں ایسی اصولی قواعد کی جو بعض مذاہب میں مقرر کی گئی ہیں، لیکن اے طالب علم! ان پر عمل کرنے سے بچنا۔ ان سے بچو! کیونکہ بندۂ ضعیف کے استقراء اور مطالعہ کے مطابق ہم نے دیکھا ہے کہ ان پر عمل کرنا صحیح احادیث کو رد کرنے کا باعث بنتا ہے۔

ان میں سے ایک وہ قاعدہ ہے جو ائمہ احناف رحمہم اللہ نے مقرر کیا ہے: اذا تعارض الراوي وروايته فرأيه مقدم على روايته "جب راوی (کا عمل) اور اس کی روایت میں تعارض ہو تو رائے مقدم ہوگی۔" یہ ان کے ہاں قاعدہ ہے۔ اسی بنا پر انہوں نے بہت سی نصوص کو رد کر دیا۔

جبکہ دیگر ائمہ—مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ—کا قول یہ ہے کہ جب رواى کی رائے اور روایت میں تعارض ہو تو روایت کو رائے پر مقدم رکھا جائے گا۔ لیکن احناف نے معاملہ الٹ کر دیا۔ ان کے پاس اس کی کچھ عقلی اور اجتہادی وجوہات ہیں، اور ان کا مقصد ہرگز سنت کی مخالفت نہیں، بلکہ جیسا کہ ابن تیمیہؒ نے کہا تھا، ان کی نیت یہ نہیں تھی کہ سنت کے خلاف جائیں، لیکن یہ اللہ کی تقدیر تھی کہ وہ اس طرف چلے گئے۔ اسی بنا پر انہوں نے صحیحین میں موجود ابو ہریرہؓ کی حدیث کو رد کیا جس میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اگر کتا تم میں سے کسی کے برتن میں پی لے تو اسے سات بار دھوؤ۔" اس پر جمہور نے عمل کیا لیکن احناف نے کہا: ہم اس کو نہیں لیتے، حتیٰ کہ اگر یہ صحیحین میں ہو تب بھی نہیں۔ کیوں؟ کیونکہ راوی یعنی ابو ہریرہؓ سے یہ بھی ثابت ہے کہ وہ کتے کے برتن کو صرف تین بار دھوتے تھے، سات بار نہیں۔

تو ہمارے سامنے ایک طرف روایت ہے اور دوسری طرف راوی کی اپنی رائے۔ اب عصمت کہاں ہے؟ رائے میں یا روایت میں؟ اگر ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے اور غیر رسول کی رائے ہے، تو کس کو ترجیح دیں گے؟ رسول اللہ ﷺ کے فرمان کو یا غیر رسول کی رائے کو؟ قیامت کے دن سوال بھی روایت کے بارے میں ہوگا، رائے کے بارے میں نہیں۔

لہٰذا ابو ہریرہؓ کو ہم معذور سمجھتے ہیں کہ شاید وہ اپنی روایت کو بھول گئے ہوں، یا ان کے نزدیک کوئی اور معارض قوی تر ہو، یا یہ کہ انہوں نے سمجھا کہ سات بار دھونا وجوب کے بجائے استحباب پر محمول ہے، اور اسی طرح کے دوسرے احتمالات۔ لیکن بہرحال روایت محفوظ اور صاف ہے، اور واجب ہے کہ اسے لیا جائے۔پس احناف نے اس صحیح حدیث کو رد کیوں کیا؟ اسی فاسد قاعدے کی وجہ سے۔ اور ہر وہ قاعدہ جو قولِ رسول ﷺ کے خلاف لے جائے، وہ باطل ہے۔

اسی طرح مالکیہ کا قاعدہ ہے: "اگر حدیثِ آحاد اہلِ مدینہ کے عمل کے خلاف ہو تو اہلِ مدینہ کے عمل کو مقدم کیا جائے گا۔" لیکن اگر ہم اس قاعدے پر عمل کریں تو بہت سے نصوص کا رد لازم آتا ہے۔ اور چونکہ اس کا نتیجہ نصوص کے رد پر منتج ہوتا ہے، لہٰذا یہ قاعدہ بھی باطل ہے۔چنانچہ اگر اہلِ مکہ کسی حدیث کے

خلاف عمل کریں تو ہم ان کا عمل رد کریں گے اور حدیث لیں گے۔ اگر اہلِ مدینہ بھی کسی حدیث کے خلاف عمل کریں تو ان کا عمل رد کریں گے اور حدیث کو لیں گے۔ یہی اصل میں دلیل کی تعظیم ہے، کہ اسے کسی کے قول سے ٹکرانے نہ دیا جائے، خواہ کوئی بھی ہو۔

یہ جائز نہیں کہ ہم اسے کسی کے قول کے ساتھ، چاہے وہ کوئی بھی ہو، متعارض قرار دیں۔ اور اسی طرح، ایک اور شاخ بھی ہے۔ میں نے آپ کو مثالیں دی ہیں جہاں اہلِ مدینہ کے عمل کی مخالفت کی گئی، جیسے خیارمجلس کے مسئلہ میں اور خطبہ جمعہ کے دوران دو رکعت نماز میں،

اور اسلامی فقہ میں بعض مذاہب میں جو بعض قواعد ہیں، وہ باطل ہیں۔ ویسے درست اصول شافعیہ اور حنابلہ ہیں، کیونکہ ان میں شاذ و نادر ہی کوئی ایسا اصول ملتا ہے جس میں کسی نص کو رد کرنے کی ہدایت ہو۔ لہٰذا جو شخص فقہ کے اصول طلب کرنا چاہے، اس چاہیے کہ وہ حنابلہ یا شوافع کے اصول طلب کرے، کیونکہ ان کے اصول درست اور قابل اعتماد ہیں، رحمهم الله تعالیٰ۔

اسی طرح ایک اور قاعدہ جو احناف کے ہاں ہے: "خبر واحد ان مسائل میں مردود ہے جن میں عام ابتلاء پایا جاتا ہے۔" یعنی اگر کوئی مسئلہ ایسا ہو جس کی ضرورت سب کو ہو اور سبھی کثرت سے اس کے بارے میں پوچھیں، لیکن اس پر صرف ایک صحابی سے روایت ہو تو اس کی روایت ناقابلِ اعتماد ہوگی۔ یہ بھی محض رائے ہے جس سے انہوں نے نصوص کی مخالفت کی۔ اس لیے ان کو "اہل الرأي" کہا گیا، کہ ان کے ہاں رائے کو نصوص پر مقدم کر دیا جاتا ہے۔

جبکہ جمہور—مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ—کا قول یہ ہے کہ خبر واحد اگر صحیح ہو تو وہ ایسے مسائل میں بھی قابلِ قبول ہے، خواہ عام ابتلاء پایا جاتا ہو یا نہ پایا جاتا ہو۔

مثلاً احناف نے احادیث رد کر دیں جن میں آیا ہے کہ عضوِ خاص کو چھونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ حالانکہ یہ احادیث صحیح ہیں، لیکن انہوں نے کہا: یہ خبر آحاد ہیں اور مسئلہ ایسا ہے جس میں عام ابتلاء ہے، اس لیے ہم انہیں قبول نہیں کرتے۔

(البلوی: ایسے معاملات یا احکام ہیں جو وسیع سطح پر نافذ ہوتے ہیں یا عمومی فلاح و فائدے سے تعلق رکھتے ہیں۔)

اور ہم نے بڑے ادب سے اس کو بیان کیا، اس لیے کسی کے لیے جائز نہیں کہ وہ کسی حدیث کو رد کرے جو صحیح ثابت ہوئی ہو اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم

سے منقول ہو، صرف اس لیے کہ امام نے اس کے خلاف کچھ کہا ہو۔ اس لیے ائمۂ حنفیہ کا اس قاعدے کی تصدیق کرنا ایک غلطی ہے۔ ضروری ہے کہ حنفی علماء اسے درست کریں۔

اسی طرح احناف کے ہاں ایک اور قاعدہ یہ ہے: الزيادة على النص نسخ "نص پر زیادتی نسخ ہے۔" یعنی اگر قرآن نے کسی مسئلے پر حکم دیا اور پھر سنت نے اس میں کوئی شرط یا قید لگا دی، تو وہ زیادتی نسخ ہے، اور چونکہ سنت قرآن کو منسوخ نہیں کر سکتی، اس لیے وہ زیادتی مردود ہے۔

(شیخ نے جب اپنی درس میں احناف کے اصولوں کا رد کیا۔۔ تو ساتھ ہی ائمہ احناف کو دعائیں بھی دی تاکہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ یہ ان سے بغض رکھتا ہے ۔۔ یہی علماء حق کا طریقہ کار ہے ۔۔ شیخ کی دعا یہ ہے "اللهم اجعل هذه الاخطاء بردا وسلاما عليهم في قبورهم يا رب العالمين. اللهم تجاوزها عنهم يا ذا الجلال والاكرام. واعلن نزلهم وافتح لهم ابواب الفردوس الاعلى يا ذا الجلال والاكرام--- اے اللہ! ان غلطیوں کو ان کے لیے قبروں میں آرام اور سلامتی بنادے، اے رب العالمین۔ اے جلال اور اکرام والے! ان پر اسے معاف فرما۔ ان کے مقام کو بلند فرما اور ان کے لیے جنت الفردوس کے دروازے کھول دے، اے جلال اور اکرام والے۔ مترجم)

جبکہ جمہور (المالكية والشافعية والحنابلة) نے اس کو رد کر دیا اور کہا: یہ نسخ نہیں، بلکہ بیان اور تفصیل ہے۔لہٰذا ایسی تمام قواعد جو سنت یا قرآن کے خلاف نتیجہ دیں، وہ باطل اور مردود ہیں، چاہے انہیں کسی بڑے امام نے کہا ہو۔

ان کے اس قول کا کیا مطلب ہے کہ "نص پر زیادتی کرنا نسخ ہے یا نسخ نہیں ہے؟"

جان لو کہ جب ہم اس قاعدے میں "زیادتی" کہتے ہیں تو اس سے مراد سنت ہے، اور جب "نص" کہتے ہیں تو اس سے مراد قرآن ہے۔

خلاصہ قاعدہ یہ ہے کہ: اگر قرآن نے کوئی حکم بیان کیا، پھر سنت آئی اور اس میں کوئی قید یا شرط کا اضافہ کردیا، تو یہ کہلاتا ہے "نص پر زیادتی"، یعنی سنت نے قرآن کے حکم پر اضافہ کردیا۔

احناف ایسی سنت کو قبول نہیں کرتے جو نص پر کوئی اضافہ کرے۔ وہ کہتے ہیں: کیوں؟

اس لیے کہ قرآن کا حکم تو اپنے اندر مکمل اور مستقل تھا، پھر سنت آئی اور اس کی آزادی اور استقلال کو ایک نئے قید کے ساتھ بدل دیا۔ اور یہ گویا نسخ ہے۔ اور سنت قرآن کو منسوخ نہیں کرسکتی۔

ہم نے کہا: اے احناف! یہ نسخ نہیں ہے بلکہ اضافہ ہے۔

انہوں نے کہا: نہیں، یہ قرآن کے حکم کی آزادی کو ختم کرنا ہے۔

کیا ایسا نہیں تھا کہ اضافہ ہونے سے پہلے قرآن کا حکم اپنے طور پر مکمل اور آزاد تھا؟ پھر جب سنت نے شرط کا اضافہ کردیا تو اب قرآن کا حکم اپنے طور پر آزاد نہ رہا بلکہ سنت کے ساتھ مقید ہوگیا۔

تو اب سوال یہ ہے: کیا سنت قرآن کو منسوخ کرتی ہے؟

وہ کہتے ہیں: نہیں، سنت قرآن کو منسوخ نہیں کرتی۔

پھر حل کیا ہے؟

کہتے ہیں: سنت کو رد کر دو۔

سنت کو قرآن کے حکم پر رد کرنا—کیا یہ صحیح ہے؟ اللہ کی قسم! یہ صحیح نہیں ہے۔

اور احناف "زیادتی" سے یہ مراد نہیں لیتے کہ سنت ایسا کوئی بالکل نیا اور مستقل حکم لے آئے جو قرآن میں ذکر ہی نہ ہو۔ نہیں! ایسی زیادتی کو احناف قبول کرتے ہیں۔ لیکن ان کی مشکل کہاں ہے؟ وہ یہ کہ اگر کوئی حکم قرآن میں ذکر ہو، اور سنت اسی پر کوئی چیز مزید بڑھا دے، تو وہاں وہ اشکال کرتے ہیں۔

لیکن اگر سنت ایک بالکل نیا اور مستقل حکم لے آئے، جیسے: "ہر کچلی والے درندے اور ہر پنجہ والے پرندے کا کھانا حرام ہے" ۔ تو ایسی "استقلالی زیادتی" سب کے نزدیک مقبول ہے۔اور میں تمہیں ایک مثال یا دو مثالیں دے کر واضح کرتا ہوں۔

الحمدللہ، والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ—

مثال نمبر 1: صحیحین میں عبادہ رضی اللہ عنہ سے حدیث ثابت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:" جس نے سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی اس کی نماز نہیں ہوئی۔" یہ حدیث کہاں ثابت ہے اے شیخ فہد؟ صحیحین میں۔لیکن حنفیہ اس پر عمل نہیں کرتے۔ وہ

کہتے ہیں: سورۃ فاتحہ پڑھنا نماز کے ارکان میں سے نہیں بلکہ سنن میں سے ہے، نہ ہی یہ واجب ہے۔

ہم نے پوچھا: کیوں؟

انہوں نے کہا: کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا: "پس قرآن میں سے جو میسر ہو وہ پڑھو۔"

تو کیا قرآن نے سورۃ فاتحہ کو خاص کیا؟ نہیں۔

یہ تخصیص کہاں آئی؟ سنت میں۔

تو سنت نے قرآن کے عام پر ایک خاص اضافہ کیا۔

اب ان کے اصول کے مطابق یہ اضافہ نسخ ہے اور سنت قرآن کو منسوخ نہیں کر سکتی۔لہٰذا وہ حدیثِ عبادہ کو رد کرتے ہیں۔ یعنی ان کے اصول نے ان پر لازم کر دیا کہ وہ صحیح سنت کو چھوڑ دیں۔ دیکھا تم نے! کیسے باطل اصول باطل نتائج پیدا کرتے ہیں؟

اس لیے اے طالب علم! ہمیشہ یہ دیکھو کہ کوئی بھی قاعدہ یا اصل اپنانے سے پہلے اس کو نصوص اور سلف کے کلام پر پیش کرو۔ اگر وہ اس کے مطابق ہو تو اس کو اختیار کرو، کیونکہ بعد میں تمہارے اجتہادات انہی اصولوں پر بنیں گے۔ اگر اصول صحیح ہیں تو نتائج بھی صحیح ہوں گے۔ اور اگر اصول باطل ہیں تو نتائج بھی باطل ہوں گے۔

مثال نمبر 2: حنفیہ کیوں تکبیر تحریمہ میں "اللہ اکبر" کو لازم نہیں سمجھتے؟

حالانکہ صحیح حدیث میں یہ موجود ہے۔

صحیحین میں ابوہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"جب نماز کے لیے کھڑا ہو تو اچھی طرح وضو کرو، قبلہ رخ ہو جاؤ اور تکبیر کہو۔"

اور ایک روایت میں ہے: "اللہ اکبر کہو۔"سنن ابی داؤد میں بھی صحیح سند سے وائل بن حجر سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب نماز شروع کی تو قبلہ رخ ہو کر ہاتھ اٹھاتے اور "اللہ اکبر" کہتے۔ لیکن حنفیہ کہتے ہیں: بندہ نماز میں کسی

بھی ذکر و تعظیم کے ساتھ داخل ہو سکتا ہے، جیسے "لا الہ الا اللہ" کہہ دے تو بھی داخل ہوگیا۔

کیوں؟

کیونکہ ان کے اصول کے مطابق قرآن میں آیا: ﴿فَذَكَرَ ٱسْمَ رَبِّهِۦ فَصَلَّىٰ﴾ "اس نے اپنے رب کا ذکر کیا اور نماز پڑھی۔"-- یہاں اللہ نے "ذکر" کہا، "تکبیر" نہیں کہا۔لہٰذا ان کے اصول کے مطابق مخصوص حدیث کو قبول نہیں کیا گیا، اس لیے کہ یہ قرآن پر اضافہ ہے اور سنت قرآن پر اضافہ نہیں کر سکتی۔

پس بندہ جب اللہ کا نام لیتا ہے (نماز میں داخل ہوتا ہے)۔ تو سنت نے اس کو معین کر دیا۔ حنفیہ نے کہا: نہیں، اگر ہم سنت کی ان احادیث کو قبول کرلیں جو معین کرتی ہیں، تو یہ قرآن پر زیادتی ہے۔ اور قرآن پر زیادتی نسخ ہے، اور سنت قرآن کو منسوخ نہیں کرتی۔ (یا-- لا إله إلا الله!)دیکھو علما نے کیا کچھ نہیں کہا۔

جمہور (مالکی،شافعی،حنبلی) کہتے ہیں: ہم سنت کی زیادتی کو قبول کرتے ہیں، خواہ وہ استقلالی ہو یا غیر استقلالی۔ اور غیر استقلالی زیادتی کو ہم "زیادتی بیانی" کہتے ہیں، جو نسخ نہیں ہے بلکہ قرآن کی وضاحت ہے۔ سنت نے قرآن کے مجمل کی تفصیل بیان کی ہے۔

(شیخ طلبہ سے کہہ رہے ہیں:) میری بات غور سے سنو، اِدھر اُدھر نہ دیکھو۔ مجھے کسی کی توجہ بٹتی ہوئی پسند نہیں۔ جیسے ہی کوئی اندر آتا ہے تو تم سب اس کی طرف دیکھنے لگتے ہو۔ آخر کیوں؟ آخر تمہارا دھیان کیوں بٹتا ہے؟ میری طرف متوجہ رہو۔ دیکھو یہ اصولی مسائل بہت اہم ہیں، واللہ! ہم ابھی تمہارے اندر علم کی بنیاد ڈال رہے ہیں، جس سے تم بڑے ہوکر بہت فائدہ اٹھاؤ گے۔)

اور تم سمجھو گے کہ علما نے فلاں حدیث کیوں رد کی؟ کیونکہ اس نے اس کو ایک قاعدے پر بنیاد دی۔ اور فلاں عالم نے حدیث کیوں قبول کی؟ کیونکہ اس نے اسے ایک اصول پر بنیاد دی۔ تو اے طالب علم! یہ کوشش کرو کہ تمہارے سیکھے گئے قواعد تمہیں حدیث قبول کرنے پر آمادہ کریں، حدیث رد کرنے پر نہیں۔

کیا تم نے جانا کہ حنفیہ لفظ "اللہ أکبر" کو کیوں متعین نہیں کرتے (نماز کے تکبیر میں)؟ کیونکہ اگر وہ اس قاعدے کو قبول کرلیں تو ان پر لازم آجائے گا کہ وہ سنت کی کئی باتوں کو رد کریں۔ اس موضوع پر ایک کتاب ہے تحریر القواعد و مجمع الفرائض جس میں یہ باطل اصولوں کی تردید کی گئی ہے۔

یہ باطل اصول ہیں۔ کیونکہ ان پر عمل کرنا شریعت کے دلائل کے بعض حصوں کو رد کرنا لازم کرتا ہے۔ اور یہ ہمارے لیے واجب ہے کہ ہم ان کو رد کریں۔ اے استاد ہارون! یہ صرف ائمہ تک ہی محدود نہیں ہیں بلکہ صحابہ کے اقوال اور مذاہب پر بھی لاگو ہوتے ہیں۔

یعنی یہ قاعدہ صرف ائمہ کے لیے خاص نہیں ہے بلکہ یہ صحابہ کے اقوال تک آتا ہے۔ اور ہم کہتے ہیں: صحابی کا قول حجت ہے، لیکن شرط کے ساتھ اگر تم علما کی شرط کو دیکھو تو پاؤ گے کہ ان میں سب سے پہلی شرط یہی ہے کہ اس کا قول نص کے مخالف نہ ہو۔

جیسا کہ میں نے پہلے کہا تھا، اے پیارے بھائیو! اور دوسری باطل قواعد میں سے ایک قاعدہ یہ بھی ہے جو بعض فقہا نے بیان کیا ہے۔ اور میں نہیں چاہتا کہ اسے کسی خاص مذہب کی طرف منسوب کروں تاکہ ان کے ماننے والوں کو برا نہ لگے۔

وہ قاعدہ یہ ہے: "جب خبر واحد ، اصل(یعنی فقہی اصول) کے خلاف ہو تو اصل مقدم ہوگا"۔ یہ بڑی عجیب بات ہے! کہ خبر واحد جب بھی اصل کے خلاف ہو تو اصل کو ترجیح دی جائے گی۔ تو کہتے ہیں: خبر واحد اگر اصول کے خلاف ہو تو مردود ہے۔

اور یہ قول خود مردود اور باطل ہے۔ کسی کو بھی یہ اختیار نہیں کہ اس قاعدے کو قبول کرے یا اس پر عمل کرے۔ چاہے اسے کوئی بڑا کہے یا چھوٹا۔ کوئی بھی حدیث اگر صحیح ہے تو اسے اس بے بنیاد دلیل کی وجہ سے رد کرنا جائز نہیں۔

بلکہ ہم تو اس "اصل"یعنی فہی اصول کو بھی قبول نہیں کرتے اگر وہ دلائل کے خلاف ہو۔ کوئی طالب علم یا عالم کیونکر خوش ہو سکتا ہے کہ وہ ایک اصل قائم کرے اور اسے "اصل" مانے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ یہ دلائل کے خلاف ہے؟ یہ اصل نہیں ہے، یہ شیطان ہے۔ یہ اصل نہیں ہے بلکہ حدیث کے خلاف ایک فاسد اصول ہے۔

(احناف سے سوال)تو دلیل کیا ہے کہ اسے اصل بنایا جائے؟ (ج) کوئی دلیل نہیں!

لہٰذا ایسے اصول قائم کرنا درست نہیں جو سنت کے مخالف ہوں۔ اصل تو وہی ہے جو کتاب و سنت کے موافق ہو اور انہی سے نکلا ہو۔

پس جو کچھ رسول الله ﷺ سے صحیح ثابت ہوا، وہی اصل ہے۔ وہی اصل ہے جس کی مخالفت جائز نہیں۔ اس کی معارضت جائز نہیں۔ اس پر تقدّم جائز نہیں۔

ہم الله تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ائمہ پر رحم فرمائے۔ اور انہی فروعات کو ختم کرتے ہیں ایک اور فرع کے ساتھ جو بعض فقہا نے کہا ہے (اور ہم نہیں چاہتے اسے بھی کسی خاص مذہب کی طرف منسوب کریں)۔

انہوں نے کہا: "ہر وہ نص جو ہمارے امام کے مذہب کے خلاف ہو، یا تو اس کی تاویل کی جائے گی یا اسے منسوخ مانا جائے گا۔" یعنی ہر وہ دلیل جو ہمارے امام کے قول کے خلاف ہو، اصل یہ ہے کہ وہ یا تو مؤول ہے یا منسوخ۔(اصولی کرخی)

یہ اصول درست ہے یا فاسد؟ أعوذ بالله! یہ فاسد ترین اصولوں میں سے ایک ہے جو میں نے سنا ہے۔ فقہ اسلامی اور اصولِ فقہ میں یہ سب سے زیادہ باطل اور خراب اصول ہے۔ کیونکہ اصل یہ ہے کہ مذہب دلیل کے تابع ہو، نہ کہ دلیل مذہب کے تابع ہو۔ اصل دلیل ہے، مذہب فرع ہے۔ اور فرع اپنے اصل کے تابع ہوتی ہے۔ دلیل آقا ہے، مذہب تابع ہے۔ اور تابع اپنے آقا سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔

پس یہ بات کہاں ہے اور انصاف کہاں؟ أعوذ بالله! یہ تعصب ہے اور تعصب اپنے پیروکاروں کو کیا کچھ نہیں کرواتا!

مقصود یہ ہے کہ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ کسی بھی قاعدے کو نص کے خلاف قائم کرنا جائز نہیں۔ اور نہ ہی کسی اصل کو نص کے خلاف بنیاد بنانا جائز ہے۔ جب بھی تم دیکھو کہ تمہارا قائم کیا ہوا قاعدہ یا اصل ایسا ہے جس کے نتیجے میں کسی دلیل کو رد کرنا لازم آ رہا ہے، تو فوراً اپنی بنیاد کو درست کرو۔ اسے صحیح رخ پر لاؤ۔ صحیح دلائل کو رد کرنا جائز نہیں صرف اس لیے کہ وہ کسی امام کا اصل یا کسی شیخ کا ضابطہ یا تمہارے علاقے کے اہلِ مذہب کا قول ہے۔ یہ سب اس وقت تک قابل قبول نہیں جب تک نصوص ان کی تائید نہ کریں۔ اور جب بھی یہ نصوص کے مخالف ہوں، انہیں ترک کرنا واجب ہے۔

والله أعلم۔

تیسرا درس

فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا (النساء: 59)

تو اگر تم کسی بات میں اختلاف کرو تو اسے اللہ اور اس کے رسول کی طرف لوٹا دو، اگر تم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔ یہ بہتر اور بہترین انجام ہے۔ میں نے اس شرعی معنی کو نص کے الفاظ میں بیان کرنے کو ترجیح دی۔ کیوں؟ کیونکہ شرعی معانی کو نصوص کے الفاظ میں بیان کرنا زیادہ مناسب ہے۔ اس سے یہ قاعدہ ایک ہی وقت میں اصول اور دلیل دونوں بن جاتا ہے۔ جو اس قاعدے پر عمل کرے، وہ ادلّہ کو حق قدر سمجھتا ہے۔اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا﴾

اور اسی طرح: ﴿وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ﴾

اور اسی طرح:﴿وَأَنْ يَحْكُمَ بَيْنَهُم بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ﴾

علماء نے اتفاق کیا ہے کہ متنازع امور کو کتاب اور سنت کی طرف لوٹانا واجب ہے۔ علماء نے اتفاق کیا کہ "رد کرنے کا مطلب اللہ کی طرف ہے" یعنی کتاب کی طرف، اور "رد رسول کی طرف" کا مطلب ہے زندگی میں ان کی طرف رجوع اور ان کے انتقال کے بعد سنت کی طرف رجوع۔

پس یہ قاعدہ یہ کہتا ہے کہ جو بھی اختلاف علماء کے درمیان ہو، اس کا حل صرف کتاب اور سنت سے لیا جائے۔ کیوں؟ کیونکہ کتاب اور سنت کی اطاعت لازمی اور بلا شرط ہے۔ اور کسی بھی قول کو متنازع امور کی طرف رجوع کے لیے قبول نہیں کیا جا سکتا، جب تک کہ وہ بلا شرط اطاعت کے قابل نہ ہو۔ لہٰذا، کسی امام، عالم، مذہب، انسانی رائے، عقل، حاکم یا دیگر امور کی طرف اختلاف کو رجوع نہیں کیا جا سکتا۔ متنازع امور کی رجوع صرف کتاب اور سنت کی طرف ہو گی۔

تو جب کہیں اختلاف ہو، جیسے کہ فرمایا: "فإن تنازعتم في شيء"، یہ شرط کے طور پر آیا ہے۔ یہاں "شيء" کا مطلب کسی شے سے ہے، اور "تنازعتم" شرط ہے۔ اس میں اختلاف دینی اور دنیاوی دونوں امور میں شامل ہے۔ اختلاف کا حل ہمیشہ اللہ کے کتاب اور نبی کی سنت کے مطابق ہوگا، اور وہ ہدایت کے لیے کافی ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ﴾

"اور *الکتاب* سے مراد قرآن ہے، ایک تفسیر کے مطابق۔"، قران و سنت ایک دوسرے سے متصادم نہیں۔ اصول میں یہ طے ہے کہ اگر لفظ کے متعدد معنی ہوں تو وہ سب پر اترتا ہے۔ اس لیے ہر وہ معاملہ جس کی ضرورت انسان کو دنیا یا دین میں ہو، کتاب و سنت میں اس کا ذکر موجود ہے، چاہے وہ صریح بیان ہو یا مفہوم یا ضمنی آثار۔

مطلب یہ ہے کہ لوگوں کو اہل علم سے رجوع کرنا چاہیے، جو دلائل سے واقف ہیں اور استدلال کے مواقع جانتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جو دین کے امین ہیں۔ اور جو یہ عقیدہ رکھے کہ دلائل (یعنی قرآن و سنت) زمانے کے نئے نئے واقعات کی ضروریات کو پورا نہیں کرتے، تو وہ اہلِ بدعت میں سے ہے۔

اور یہ مسئلہ ۔ یعنی یہ گمان کہ دلائل زمانے کے نئے واقعات کے لیے کافی نہیں ۔ اس وقت داخل ہوا جب اصولِ فقہ میں تصنیف و تالیف کی باگ ڈور اہلِ کلام کے ہاتھ میں آگئی، جو قرآن و سنت میں غور و فکر ہی نہیں کرتے تھے۔ ورنہ سلف اس بات پر متفق تھے کہ قرآن و سنت میں استدلال کے پہلو اور دلائل ایسے موجود ہیں جو لوگوں کی تمام ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے کافی ہیں، خواہ ان کے سامنے کیسے ہی نئے مسائل آئیں یا مختلف قسم کے حالات پیش ہوں۔ چاہے وہ تمام نئے بینکوں کے معاملات ہوں، یا نئی کاروں کے لین دین کے مسائل، یا زمینوں اور جائیدادوں کے نئے مسائل، یا ریاستوں کے درمیان سیاسی تعلقات کے مسائل ہوں یا کوئی اور صورت۔ یہ سب قرآن میں کسی نہ کسی اصل کے تحت ضرور موجود ہیں۔

لیکن یہ سمجھ بوجھ اللہ تعالیٰ اپنے جس بندے کو چاہے عطا فرماتا ہے، اور یہی وہ مقام ہے جہاں علماء دوسروں سے ممتاز ہوجاتے ہیں۔ بلکہ جو علم اصول پر مضبوط بنیادوں کے ساتھ حاصل کرے، وہ بھی ممتاز ہوتا ہے۔ کیونکہ کوئی بھی نیا جزوی مسئلہ (نازلہ) لازمی طور پر قرآن کے کسی نہ کسی اصل کے تحت داخل ہوتا ہے۔لہٰذا، جو لوگ کہیں کہ موجودہ دور کے مسائل کے لیے دلائل کافی نہیں ہیں، وہ بدعتی اور نامقبول ہیں۔ متنازع امور کی رجوع کسی مکتب، انسانی رائے، عقل یا فاسد اجتہاد کی طرف نہیں ہوتی، بلکہ صرف کتاب و سنت کی طرف رجوع ہوتی ہے۔ اختلاف کا فیصلہ دلائل سے کیا جاتا ہے۔میں یہ بات بار بار کہہ رہا ہوں تاکہ یہ قاعدہ ذہن میں مضبوط ہو جائے۔

"اور ہمیشہ اگر تم کسی کے دل میں کوئی بات بٹھانا چاہو تو اسے بار بار اس کے کانوں میں دہراتے رہو، چاہے وہ جھوٹ ہی کیوں نہ ہو۔ کثرتِ تکرار کے بعد وہ اسے سچ سمجھنے لگے گا۔"

پس اختلاف کا فیصلہ کسی فرد عالم، کسی علمی جماعت یا فقہی مجلس کی رائے سے نہیں ہوتا، بلکہ ہمیشہ کتاب و سنت سے ہوتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اختلاف کی صورت میں براہ راست کتاب و سنت کی طرف رجوع کرتے تھے۔ جب انہیں کسی مسئلے پر دلیل معلوم ہو جاتی، تو اس کے مطابق عمل کرتے اور اس کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرتے۔ نہ اس سے انکار کرتے، نہ ٹال مٹول کرتے، نہ اپنی رائے کے مطابق فیصلہ کرتے۔

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ ٱلْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوٓاْ إِلَى ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَن يَقُولُواْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۚ
"مؤمنوں کا قول تو یہی ہوتا ہے کہ جب انہیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جائے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے، تو وہ کہتے ہیں: ہم نے سنا اور اطاعت کی۔ اور جو لوگ نص کے مخالفت کرتے ہیں، جب حدیث یا آیت سنی جاتی ہے، تو سوال کرتے: "کیا یہ حکم ہے یا نہی؟" یہ نص کی مخالفت ہے۔ واجب یہ ہے کہ کہا جائے: "سمعنا وأطعنا"، یعنی سبقت دی جائے سماعت اور اطاعت میں۔

اور اگر تم ہمارے زمانے کے لوگوں کو دیکھو تو (تم پاؤ گے کہ) جب وہ سوال کرتے ہیں: "کیا یہ حکم وجوب کا ہے یا نہی (حرمت) کا؟" تو یہ اس لیے نہیں ہوتا کہ وہ اس کی حقیقت اور درجے کو جاننا چاہتے ہیں، بلکہ اس لیے ہوتا ہے کہ اس سے بچ نکلنے کا راستہ ڈھونڈ سکیں۔

پھر اگر وہ حکم وجوب کا نہ ہو تو کہتے ہیں: "الحمدللہ، یہ تو واجب نہیں ہے۔"

اور جب تم انہیں کوئی نص (دلیل) بیان کرو جو کسی چیز کو حرام قرار دیتی ہو، تو ہمارے زمانے کے لوگ ۔ اللہ ہی ان پر مددگار ہو ۔ اگر ان کے درمیان اختلاف ہوجائے اور کوئی دلیل ایک مذہب کو دوسرے مذہب پر راجح قرار دے، تو تم دیکھو گے کہ وہ دلائل کی گردنیں مروڑنے لگتے ہیں، یہاں تک کہ وہ دلائل ان کے مذہب کے موافق ہو جائیں، چاہے اس کے لیے ان کی اصل دلالت کو قربان ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ پھر اگر دلیل واضح ہو جائے اور ان پر قائم ہو جائے، تو کہتے ہیں: "یعنی یہ آخری دلیل ہے نا؟" وہ ایسا تب کہتے ہیں جب ان کے پاس حجتیں ختم ہو جاتی ہیں۔

اور وہ یہ بھی کہتے ہیں: "اگر تمہاری دلیل سچی ہوتی تو فلاں بڑے عالم نے اس کو ضرور کہا ہوتا۔" اور ہم سے بھی اکثر کہا گیا: "اگر تمہاری بات یا تمہاری دلیل حق ہوتی تو فلاں بڑے عالم نے اس پر عمل ضرور کیا ہوتا۔ کیا تم فلاں سے زیادہ جانتے ہو؟ اچھا، اب تم ایک دلیل لے کر آئے ہو!!!

(شیخ) : تو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ فلاں (عالم) معصوم ہے؟ یا یہ عقیدہ رکھتے ہو کہ وہ سنت کے سارے علم کا احاطہ کیے ہوئے ہے؟

یہی حال ہمارے زمانے کے لوگوں کا ہے۔ یہ دراصل اس شخص کی بات ہے جس نے دلائل کی تعظیم نہیں کی اور نہ انہیں ان کے شایانِ شان مقام دیا۔ اور وہ یہی چاہتا ہے کہ دلائل اس کے امام کے مذہب کے تابع رہیں۔

بلکہ اگر تم انہیں وہ دلائل سنا دو جو ان کے اقوال اور ان کی خواہشات کے خلاف ہوں، تو ان کے چہرے بجھ جاتے ہیں اور ان کی پیشانیوں پر دلیل سے نفرت اور کراہت صاف پہچانی جاتی ہے۔یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے تحت آجاتے ہیں:

﴿وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ﴾

"اور جب ان پر ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں، تو تم ان کافروں کے چہروں پر انکار و بیزاری کے آثار پہچان لیتے ہو۔"

سب ایسے نہیں ہیں کہ وہ کافر ہوں، لیکن یہ آیت جس کیفیت کا ذکر کرتی ہے، اسی طرح وہ دلیل کا استقبال کرتے ہیں۔ جب دلیل ان کے سامنے پیش کی جائے جس کے خلاف ان کا مذہب ہو، تو ان کے چہرے پر بیزاری چھا جاتی ہے۔

اور تم اس کیفیت کو ان کے نقوش اور تاثرات میں پہچان لو گے۔ چنانچہ جب بھی تم ان کے سامنے کوئی ایسی دلیل پیش کرو جو ان کے مذہب کے خلاف ہو، تم دیکھو گے کہ ان کا چہرہ بگڑ جاتا ہے، وہ غصے میں آجاتے ہیں، ان کی آواز سخت اور بلند ہوجاتی ہے، گویا تم ان کے پاس کوئی بم یا بارودی سرنگ لے آئے ہو جس سے وہ بھاگنا چاہتے ہیں۔ بلکہ اس قاعدے کے تحت یہ بات بھی آتی ہے کہ اگر دلیل ظاہر کرنے سے کسی کے قول کی مخالفت لازم آتی ہو تو وہ دلیل کو چھپا لیتا ہے۔ چنانچہ تم دیکھتے ہو کہ وہ شخص (العیاذ باللہ) دلائل میں تحقیق کرتا ہے اور ان دلائل تک پہنچ بھی جاتا ہے جو اس کے امام کے قول کے خلاف ہوتے ہیں، لیکن وہ اس دلیل کو لپیٹ دیتا ہے اور اپنے اختلاف میں ذکر نہیں کرتا۔ کیونکہ

اگر وہ اس کو ظاہر کرے تو اس کا اپنا قول یا اس کے امام کا قول رسوا ہوجائے گا۔ اس لیے نہ وہ خود اسے ظاہر کرنا چاہتا ہے اور نہ چاہتا ہے کہ کوئی اور اسے ظاہر کرے۔

کیا یہ عمل دلائل کی تعظیم کرنے والے کا ہے؟
نہیں، اللہ کی قسم! یہ کبھی بھی اس شخص کا عمل نہیں ہوسکتا جو دلائل کی عظمت دل میں رکھتا ہو۔ کیونکہ جس کے دل میں دلائل کی تعظیم ہو وہ ہرگز یہ پسند نہیں کرے گا کہ کوئی دلیل اس کے امام کے مذہب کے خلاف آجائے اور پھر وہ اسے چھپائے یا اس پر افسوس کرے اور اعتراض جتائے۔

بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت اور خطرناک بات یہ ہے کہ اگر تم کسی چیز کو صحیح دلیل سے حرام قرار دو، تو تم ایسے لوگوں کو پاؤ گے جو یہ کہتے ہیں: "اگر یہ حرام ہوتا تو حکومت اسے کیوں منظور کرتی؟"

یوں وہ دلیل کو رد کر دیتے ہیں، اسناد کو رد کر دیتے ہیں، اور علماء کے اقوال کو بھی رد کر دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک دلیل کا وزن ہی نہیں رہتا، کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ اگر یہ واقعی حرام ہوتا تو حکومت اسے منظور ہی نہ کرتی۔

تو کیا یہ مخالفت صحیح ہے؟
کیا یہ اس شخص کی بات ہے جس نے دلیل کی تعظیم کی ہو؟
جواب ہے: نہیں، اللہ کی قسم! یہ ہرگز اس شخص کی بات نہیں جس نے دلیل کی عظمت کو سمجھا اور اس کا حق ادا کیا ہو۔

چنانچہ وہ حق اور باطل کے فیصلے کا مدار ریاست کے نظام یا قانون کو قرار دیتے ہیں۔ اور یہ بات، اللہ کی قسم، بہت ہی خطرناک ہے۔ ہمیں ڈر ہے کہ کہیں اس پر وہ حدیث صادق نہ آ جائے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی:

"کیا وہ تمہارے لیے اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال نہیں کرتے اور تم اسے حلال کر لیتے ہو؟ اور کیا وہ تمہارے لیے اللہ کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام نہیں کرتے اور تم اسے حرام کر لیتے ہو؟"اس پر صحابی نے کہا: کیوں نہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یہی تو ان کی عبادت ہے۔" یہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر ہے: ﴿اتَّخَذُوا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِن دُونِ اللَّهِ﴾

لہٰذا ہمیں ایک پکا عقیدہ رکھنا چاہیے، اے بھائیو! کہ حق و باطل، مردود و مقبول کے فیصلے کا اصل معیار صرف اور صرف کتاب و سنت ہے۔ اور چاہے ساری

دنیا اس حق کو رد کر دے، اگر وہ دلیل اپنے سند اور دلالت کے اعتبار سے صحیح ہے تو وہی حق ہے اور ساری دنیا باطل پر ہے۔ دلیل ہی حق ہے، چاہے سب لوگ گمراہی میں ہوں۔ مگر الحمد لله، امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہوگی۔ پس فیصلہ نہ عقل پر ہے، نہ آراء پر، نہ اس پر جو نظام نے منظور کیا، نہ اس پر جو ریاست نے منظور کیا، نہ بین الاقوامی رواج اور قوانین پر۔ بلکہ حق وہی ہے جو کتاب و سنت نے مقرر کیا ہے، چاہے دنیا کے سب لوگ اسے رد کر دیں۔ اور باطل وہی ہے جسے کتاب و سنت نے باطل کہا ہے، چاہے دنیا کے سب لوگ اسے منظور کر لیں۔ کیا ہم اس سوچ کے ساتھ جی سکتے ہیں؟ ان شاء اللہ۔

اسی لیے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا مطلب سمجھتے ہیں: "اسلام اجنبی طور پر شروع ہوا اور اسی طرح اجنبی ہو جائے گا جیسے شروع ہوا تھا۔" کیونکہ اگر آپ دنیا کے ساتھ متفق نہ ہوئے تو آپ خود کو تنہا پائیں گے۔ ایسے لوگوں کے درمیان جو آپ کے دین پر نہیں ہیں، جن کے رجحانات آپ جیسے نہیں، جن کے اصول آپ جیسے نہیں، جن کے دلائل کے طریقے آپ جیسے نہیں، جن کے نظام آپ جیسے نہیں۔ آپ اپنے دل میں یہ دیکھتے ہیں کہ وہ باطل پر ہیں۔ تو آپ کو اجنبی محسوس ہوتا ہے۔ یہ اجنبیت ظاہر کی نہیں بلکہ باطن کی اجنبیت ہے، عقیدے کی اجنبیت ہے۔ آپ لوگوں کے درمیان رہتے ہیں، اپنے گھر والوں کے ساتھ ہیں، بیوی بچوں کے درمیان ہیں، لیکن دل میں اجنبیت محسوس کرتے ہیں۔

یہی ہے وہ دین جس پر اللہ نے اپنے بندوں کو قائم کیا ہے۔ اور یاد کرو کہ ہم کچھ دینی بھائیوں (یعنی اسلام میں بھائی، نہ کہ سیاسی معنی میں اخوان المسلمین) کے ساتھ گفتگو کر رہے تھے۔ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی میلاد کے جشن کے مسئلے پر بحث کر رہے تھے۔ جب ان کی دلیل ختم ہو گئی اور ہم نے اسے اصولوں اور قواعد کی بنیاد پر توڑ دیا، تو اس نے کہا: "اگر یہ حرام ہوتا تو بڑے بڑے علماء اسے نہ مناتے، اور ریاست اسے منظور نہ کرتی۔" دیکھو یہ کس طرح کی دلیل ہے! ان کی آخری دلیل یہی ہوتی ہے: "اگر یہ حرام ہوتا تو فلاں فلاں عالم وہاں موجود نہ ہوتا، اور فلاں ریاست اسے منظور نہ کرتی۔"

پھر کہا جاتا ہے: "کیا تم زمین پر اکیلے حق پر ہو اور یہ سب، یعنی عامۃ المسلمین، سب کے سب باطل پر ہیں؟" یہ بات آپ بہت سنیں گے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ میلاد کا حق یا باطل ہونا اس سے معلوم نہیں ہوتا کہ کسی عالم نے اسے مانا یا نہیں، یا کسی نے اس میں شرکت کی یا نہیں۔ بلکہ فیصلہ صرف کتاب و سنت اور سلف صالحین کی روش سے ہوتا ہے۔ اگر دلائل کے مطابق یہ باطل ہے تو یہ باطل

ہے، چاہے ہزار علماء اس میں شریک ہوں۔ اور اگر حق ہے تو حق ہے، چاہے کوئی بھی اس میں شریک نہ ہو۔ پس فیصلہ نہ کثرت و قلت سے ہوتا ہے اور نہ ہی یہ کوئی معیار ہے۔ بلکہ معیار کتاب و سنت ہے۔اس سے خلاصہ یہ نکلتا ہے کہ متنازع امور کو لوٹانا صرف کتاب و سنت کی طرف واجب ہے۔ یہی وہ دین ہے جس پر اللہ نے اپنے بندوں کو قائم کیا ہے، اور یہ بہت بڑی اصولی قاعدہ ہے۔

قاعدہ نمبر سات: «لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يَكُونَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِهِ»

"تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک اس کی خواہش میرے لائے ہوئے دین کے تابع نہ ہو۔"(الاربعون للنوی)

یہ قاعدہ تعظیمِ دلیل کے سب سے عظیم قواعد میں سے ہے۔ کیا ہی زبردست قاعدہ ہے، کیا ہی اعلیٰ اصول ہے! یہی اصل پیمانہ اور معیار ہے کہ کون اللہ کی رضا کو مقدم رکھتا ہے اور کون اپنی خواہشات و شہوات کو۔

تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہوگا جب تک اس کی خواہش حق کے تابع نہ ہو، نہ کہ خواہش کے تابع۔ اس قاعدے کی اصل ایک حدیث ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی گئی ہے۔ اس حدیث کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے، بعض نے اسے صحیح کہا ہے، بعض نے حسن کہا ہے اور بعض نے ضعیف قرار دیا ہے۔ لیکن ہم نے اسے صرف ایک قاعدے کے طور پر ذکر کیا ہے جو تعظیمِ ادلہ کے باب میں آتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دلائل کی مخالفت کی سب سے بڑی وجہ کیا ہے؟ سب سے بڑی وجہ خواہشات کی پیروی ہے یعنی محبت اور جھکاؤ۔

کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو حدیث کو اس لیے رد کردیتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی حجت یا دلیل نہیں ہوتی، بلکہ صرف اپنی خواہش کی وجہ سے۔ وہ اپنی خواہش کی بنا پر فلاں قول کو دوسرے قول پر ترجیح دیتے ہیں، نتیجہ یہ کہ حدیث کو چھوڑ دیتے ہیں یا پھر اس کی ایسی تاویل کرتے ہیں جو ان کی خواہشات سے میل کھا سکے۔ پس ہمارے لیے درست ہے کہ ہم اس کو اصولِ تعظیمِ دلیل میں سے ایک قاعدہ مانیں، کیونکہ جو بھی حق کو چھوڑتا ہے وہ دراصل اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے۔ اور حق کو چھوڑنے کے پیچھے صرف اور صرف خواہش کی پیروی ہے۔

پس اے ابنِ آدم! تم دو ہی حالتوں کے درمیان گھوم رہے ہو: یا تو تم حق کے پیروکار ہو یا خواہش کے۔ اس کے درمیان کوئی تیسرا درجہ موجود نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿يَا دَاوُودُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوَى﴾

(اے داؤد! ہم نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنایا ہے، پس لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کرو اور خواہش کی پیروی نہ کرو۔)

یعنی یا تو حق کے ساتھ فیصلہ کرو گے یا خواہش کی پیروی کرو گے۔ کوئی تیسرا درجہ نہیں۔ جو حق کو چھوڑ دے گا وہ خواہش کی پیروی میں گرا، اور جس نے خواہش کو چھوڑ دیا وہ حق کے ساتھ فیصلہ کرنے والا بنا۔

اب تھوڑی دیر میں اس پر مزید دلائل آئیں گے، لیکن میں نے وضاحت کی خاطر اسے پہلے ہی ذکر کردیا ہے۔ پس جب بھی کتاب و سنت میں خواہش کی پیروی کو حرام کہا گیا ہے تو یہ اس قاعدے پر ہی دلیل ہے۔ مشرکین نے رسولوں کی پیروی کیوں نہ کی؟ اپنی خواہشات کی وجہ سے۔ اور ان میں سب سے بڑی خواہش اپنے آباء و اجداد کی تعظیم تھی۔ اور تعظیم بھی خواہش کی ایک قسم ہے، یعنی اسلاف و آبا کی حالت سے محبت۔ بلکہ آج بھی کچھ لوگ ایسے ہیں جو عالمِ سوء ہیں اور حق کو پہچاننے کے باوجود باطل کی پیروی کرتے ہیں۔ کیوں؟ اس لیے کہ اس میں مالی مفادات ہیں۔ مثال کے طور پر بعض صوفی علماء جانتے ہیں کہ سنت کی پیروی کرنی چاہیے لیکن اگر وہ ایسا کریں تو ان کے پاس کچھ نہیں بچے گا۔ وہ کہتے ہیں: "تم اہلِ سنت کے پاس ہے ہی کیا؟ تم تو اپنے ماننے والوں سے کچھ نہیں لیتے۔" اہلِ سنت کے علماء نہ اپنے متبعین سے کچھ لیتے ہیں اور نہ ان سے کچھ مانگتے ہیں۔

لیکن رافضی علماء اپنے پیروکاروں سے خمس مانگتے ہیں۔ پھر ان ہی پیسوں سے امریکہ و یورپ کے ہوٹلوں میں عیاشیاں کرتے ہیں اور اربوں روپے اڑاتے ہیں۔ صوفی حضرات نذورات کے ذریعے اربوں ریال جمع کرتے ہیں۔ ذرا سوچئے کہ صرف احمد البدوی کے عرس پر دو ملین سے زیادہ لوگ جمع ہوتے ہیں، ہر شخص نذر و نیاز اور پیسہ لے کر آتا ہے۔ یہ سب کون لیتا ہے؟ ان کے متولی اور گدی نشین اسے اپنی قبروں پر قبضہ جما کر کھا جاتے ہیں۔ لیکن اہلِ سنت نہ کسی سے کچھ لیتے ہیں اور نہ ہی کسی سے کوئی معاوضہ طلب کرتے ہیں۔ وہ اللہ کی آیات کو تھوڑی قیمت پر بیچنے والے نہیں ہوتے۔ اور ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ

ہمیں موت اسی حالت پر دے کہ ہم کبھی اللہ کی آیات کو دنیا کے بدلے نہ بیچیں۔ اگر کبھی ہماری کوتاہیوں کی وجہ سے اللہ کی خاص معیت اور حفاظت کم بھی ہوجائے، تب بھی ہم آیاتِ الٰہی کو ہرگز دنیا کے بدلے نہ بیچیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ اب تک وہ ہمیں محفوظ رکھے ہوئے ہے، اور ان شاء اللہ وہ ہمیں موت تک محفوظ رکھے گا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ذرا دیکھو! جب اللہ نے ہجرت کا حکم دیا تو کچھ لوگوں نے ہجرت کی اور کچھ نے چھوڑ دی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو سورۂ توبہ میں ذکر کیا اور لوگوں کو متنبہ کرتے ہوئے فرمایا:﴿قُلْ إِنْ كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُمْ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُوا حَتَّى يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ﴾

(کہہ دو! اگر تمہارے باپ، تمہارے بیٹے، تمہارے بھائی، تمہاری بیویاں، تمہارا خاندان، وہ اموال جو تم نے کمائے ہیں، وہ تجارت جس کے مندی میں پڑنے سے ڈرتے ہو، اور وہ مکانات جنہیں تم پسند کرتے ہو، یہ سب تمہیں اللہ، اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں تو پھر انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لے آئے۔)

یہ سب محبتیں انسان کو حق چھوڑنے پر مجبور کرتی ہیں۔ کوئی اپنی قوم کی خاطر حق چھوڑ دیتا ہے، کوئی اپنی بیوی کے لیے، کوئی اپنے بچوں کے لیے، کوئی اپنے وطن کے لیے، کوئی اپنے مال و تجارت کے لیے۔

ہم کہتے ہیں: بھائی! یہ معاملہ سودی ہے۔ وہ کہتا ہے: "نعوذ باللہ، سود کہاں سے آگیا؟" پھر کہتا ہے: "شیخ نے اس کی اجازت دی ہے" حالانکہ اسے معلوم ہے کہ اس شیخ کا فتویٰ معتبر نہیں۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ اس کے پیچھے پیسہ ہے، تجارت ہے، بڑے بڑے کاروبار ہیں۔ وہ تجارت کے نقصان کا خوف رکھتا ہے اور اپنے گھروں کے آباد رہنے کی خواہش۔ یہی سب اللہ اور رسول سے زیادہ محبوب ہوجاتا ہے۔

پس اکثر لوگ حق کی مخالفت انہی آٹھ محبتوں کی وجہ سے کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:﴿زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ ذَٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَاللَّهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الْمَآبِ﴾

(لوگوں کے لیے خواہشات کی محبت خوشنما بنادی گئی ہے، جیسے عورتیں، بیٹے، ڈھیروں سونے چاندی کے خزانے، نشان لگے ہوئے گھوڑے، مویشی اور کھیتیاں۔ یہ سب دنیا کی زندگی کا سامان ہے، اور اللہ ہی کے پاس بہترین ٹھکانا ہے۔)

پس جس نے ان میں سے کسی چیز کو دلیل کے تقاضے پر مقدم کیا تو اس نے اپنی خواہش کو دلیل کے تقاضے پر مقدم کیا۔ بندے کا ایمانِ واجب اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک وہ ان نفسانی خواہشات پر دلیل کے تقاضے کو مقدم نہ کرے۔ یعنی نفس کی خواہشات جیسے مال، منصب، عزت، محبت، تجارت، اور عام دنیاوی متاع۔ یہی مراد ہے ہمارے اس قاعدے سے: "تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک اس کی خواہش میرے لائے ہوئے دین کے تابع نہ ہو۔"

اگرچہ اس کا نتیجہ یہ نکلے کہ ان محبوب چیزوں میں سے کچھ کو ترک کرنا پڑے۔ بلکہ علماء نے کہا ہے: جو کوئی ان محبوب چیزوں کو دلیل کے تقاضے پر مقدم کرتا ہے وہ اس کا دشمن ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ﴾

(اے ایمان والو! تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں، لہٰذا ان سے بچو۔)

پس جو بھی حق تمہیں اس کے اتباع سے روک دے وہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ تمہارا دشمن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَلَنْ تَرْضَى عَنكَ الْيَهُودُ وَلَا النَّصَارَى حَتَّى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ﴾

(اور یہود و نصاریٰ تم سے ہرگز راضی نہ ہوں گے جب تک کہ تم ان کے دین کی پیروی نہ کرو۔)

غور کرو! اللہ نے کیا فرمایا؟ "اللہ کی ہدایت ہی ہدایت ہے۔" اور اگر تم نے ان کی پیروی کی تو کیا ہوا؟ تو معاملہ یوں ہے: یا تو ہدایت ہے یا خواہش۔ اللہ کی ہدایت ہی اصل ہدایت ہے، اور اگر تم نے ان کی خواہشات کی پیروی کی تو تم خواہش کی پیروی کرنے والے ہوگئے۔ پس اے ابنِ آدم! تم دو ہی چیزوں کے درمیان ہو: یا خواہش یا ہدایت۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ﴾

(پس آپ ان کے درمیان اللہ کے نازل کردہ کے مطابق فیصلہ کریں اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔)

تو یا تو اللہ کے نازل کردہ کے مطابق فیصلہ ہے، یعنی دلیل کا سہارا، یا خواہش کی پیروی ہے۔ کوئی تیسری چیز موجود نہیں۔ یہ نہ کہو کہ ہم کبھی دلیل کے ساتھ ہیں اور کبھی خواہش کے ساتھ، یہ ممکن نہیں۔

تم رات میں ہو یا دن میں، یا حرکت میں ہو یا سکون میں۔ تمہارے سامنے ہمیشہ ہدایت اور خواہش آمنے سامنے کھڑے ہیں۔ یہ دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں، نہ یہ دونوں اکٹھے ہوسکتے ہیں اور نہ دونوں کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿كَذَلِكَ أَنْزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ بَعْدَ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ﴾

(اسی طرح ہم نے اسے عربی فیصلہ بنا کر اتارا ہے، اور اگر آپ نے ان کی خواہشات کی پیروی کی اس علم کے بعد جو آپ کے پاس آچکا ہے...)

تو یا اللہ کے نازل کردہ کے مطابق فیصلہ ہے یا خواہش ہے۔ ان دونوں کے درمیان کوئی اور درجہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿فَإِنْ لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءَهُمْ﴾

(پس اگر وہ آپ کی بات نہ مانیں تو جان لیں کہ وہ صرف اپنی خواہشات کی پیروی کررہے ہیں۔)

پس جس چیز نے انہیں آپ کی اطاعت اور دلیل کے اتباع سے روکا وہ خواہش ہی تھی۔ خواہش نفس کو دلیل کے اتباع سے روکنے والی سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں خواہشات سے۔ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں خواہشات سے۔ اللہ کی پناہ طلب کرو! یہ دشمن ہے، دشمن! اللہ کی پناہ لو اس سے اور اگر نجات چاہتے ہو تو اس قاعدے کو مضبوطی سے پکڑو۔

ابن القیم رحمہ اللہ نے فرمایا: اللہ نے معاملے کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے، تیسرا کوئی نہیں: یا تو اللہ اور رسول کی اطاعت اور اس کے لائے ہوئے دین کی پیروی، یا پھر خواہشات کی پیروی۔ جو کچھ بھی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نہیں لائے وہ خواہش ہے، خواہش ہی ہے۔ چاہے لوگ اسے اپنی خوبصورت باتوں سے سجائیں یا اپنے قوانین اور سیاست سے اس کو آراستہ کریں، لیکن حقیقت یہی ہے کہ وہ خواہش ہے۔

پس یہ دونوں راستے ہیں، اپنے لیے ایک راستہ منتخب کرو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ﴾

(پس آپ دعوت دیجئے اور اسی طرح استقامت اختیار کیجیے جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔)

تو یا استقامت ہے یا خواہش۔ اللہ نے حق اور خواہش کو ایک دوسرے کے مقابل کھڑا کیا ہے۔ اس نے اللہ کے نازل کردہ فیصلے اور خواہش کو آمنے سامنے کھڑا کیا ہے۔ اس نے استقامت اور خواہش کو مقابل کیا ہے۔ اس نے علم اور خواہش کو آمنے سامنے کھڑا کیا ہے۔ پس حق، اللہ کے نازل کردہ فیصلہ، استقامت اور دلیل کے تقاضے کے مقابل میں جو چیز کھڑی ہے وہی یہ ملعون دشمن ہے، شیطان۔ خواہش ہی ہمارا دشمن ہے،

اللہ تعالیٰ نے آیات میں یہ بات بار بار ذکر کی ہے (اگرچہ ہم سب آیات نقل نہیں کریں گے کیونکہ وہ طویل ہیں) لیکن اے بھائیو! سمجھو کہ یہی وہ چیز ہے جو لوگوں کو دلائل کی تعظیم سے روک دیتی ہے۔ یہی وہ چیز ہے جو لوگوں کو اکثر دلائل کے معانی رد کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ یہ اس لیے نہیں کہ وہ اپنے دل میں انکار کرتے ہیں، بلکہ وہ دل ہی دل میں جانتے ہیں کہ یہ حق ہے، وہ اس بات پر مطمئن ہیں کہ یہ حق ہے۔ لیکن... خواہش! خواہش کی وجہ سے وہ مخالفت کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ﴾

(پس وہ آپ کو جھوٹا نہیں کہتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی آیات سے انکار کرتے ہیں۔)

اور فرمایا: وہ جانتے ہیں کہ یہ سب کچھ ربّ السماوات والارض کی طرف سے بصیرت کے طور پر اتارا گیا ہے، لیکن انہیں معلوم ہے کہ اگر وہ اسلام قبول کریں گے تو ان کے قاضی ان کے خلاف ہوجائیں گے اور ان کا تختہ الٹ دیا جائے گا۔ پس انہوں نے اپنے ملک کو اس پر ترجیح دی۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط کسریٰ کے پاس پہنچا تو اس نے کیا کیا؟ اس نے خط کو پھاڑ ڈالا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر کیا فرمایا؟ "اس خبیث نے اپنے ملک پر غرور کیا ہے، اللہ اس کی سلطنت کو ٹکڑے ٹکڑے کردے۔" تو اللہ تعالیٰ نے اس کی سلطنت کو پارہ پارہ کردیا۔ ایک عظیم متحد سلطنت کئی ٹکڑوں میں بٹ کر باہم لڑنے والے چھوٹے چھوٹے ملکوں میں تقسیم ہوگئی۔

ابن القیم رحمہ اللہ نے فرمایا: "بھائیو! سمجھو کہ صحیح فہم ایک نور ہے جو اللہ بندے کے دل میں ڈال دیتا ہے۔ اس نور کے ذریعے وہ حق و باطل، ہدایت و ضلالت، گمراہی و رشد میں فرق کرتا ہے۔ یہ نور حسنِ نیت سے پروان چڑھتا ہے۔ یعنی صحیح فہم کا فیض اچھی نیت اور باطنی تقویٰ سے بڑھتا ہے، ظاہر و باطن میں اللہ کے خوف سے بڑھتا ہے۔"پھر فرمایا: "اس نور کی غذا کو کاٹ دینے والی چیز خواہش کی پیروی ہے، دنیا کی رغبت ہے، مخلوق کی محبت ہے، اور تقویٰ کو چھوڑ دینا ہے۔" خواہش کی پیروی ہی وہ چیز ہے جو حق کے نور کو بجھا دیتی ہے۔ ایسی حالت میں فطرت اندھی ہوجاتی ہے، العیاذ باللہ انسان معروف کو منکر اور منکر کو معروف سمجھنے لگتا ہے۔ اہلِ دین اور اہلِ استقامت کو دشمن قرار دیتا ہے اور دشمنوں کو دوست سمجھ لیتا ہے۔

یہ نورِ فطرت کب بجھتا ہے؟ خواہش کی وجہ سے۔ خواہش ہی وہ چیز ہے جو سلامتیِ فطرت اور بصیرت کے نور کو بجھا دیتی ہے۔ خواہش اندھیرا ہے، اندھیرا ہے بھائیو! اور اللہ کی قسم! جو اپنی خواہش کا غلام بن گیا وہ اندھیرے میں جیتا ہے، اور اس اندھیرے میں کبھی کوئی روشنی نہیں ہوتی۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ أَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ﴾

(کیا آپ نے اُس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو ہی اپنا معبود بنا لیا، تو اللہ نے اسے علم کے باوجود گمراہ کر دیا؟)

یہ خواہش پرستی کے پہلے اثرات ہیں: گمراہی۔

پھر فرمایا: اور اُس کے کان اور اُس کے دل پر مہر لگا دی، اور اُس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا۔یعنی اُس کا باطن بھی اندھا ہے اور ظاہر بھی اندھا ہے۔ وہ اندھا ہے، اُس کی آنکھ ہے مگر وہ اُس سے نہیں دیکھتا، اُس کا دل ہے مگر وہ اُس سے نہیں سمجھتا، اُس کے کان ہیں مگر وہ اُن سے نہیں سنتا۔ یہ سب کس نے مٹا دیا؟ خواہش نے۔ یہی خواہش، یہ ملعون خواہش۔ یہ سب سے بڑا شیطان ہے۔ یہی خواہش، یہ شہوت پرستی ہے۔

اسی لیے ہم میں سے کوئی اس وقت تک سچا مومن نہیں بن سکتا جب تک اُس کی خواہش محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تعلیمات کے تابع نہ ہو جائے۔

پس جان لو کہ لوگوں کو حق کے خلاف جانے پر اُبھارنے والی چیز صرف اور صرف خواہشات کی پیروی ہے۔ خواہشات کی پیروی ہی وہ چیز ہے جو لوگوں کو حق کی پیروی سے روک دیتی ہے۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ سب کی نیتوں کو اہلِ حق والوں میں شامل کر دے۔

چوتھا درس

الحمد للہ رب العالمین، تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں، اور درود و سلام رسولِ امین صلی اللہ علیہ وسلم پر، اور اُن کے اہلِ بیت اور پاکیزہ صحابہ پر، اور اُن سب پر جو قیامت تک اُن کی نیک پیروی کریں۔ --- اس کے بعد...

یہ قاعدہ جسے ہم بیان کر رہے ہیں اس کا عنوان ہے ﴿قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ﴾: "کہہ دو اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔" اور آپ لوگ جانتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب سورۃ آلِ عمران کی آیت ہے۔ اس کی اصل اللہ کا یہ فرمان ہے: "کہہ دو اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ تمہیں محبوب بنا لے گا اور تمہارے گناہ معاف فرما دے گا، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔"

پس اللہ تعالیٰ نے اس آیتِ کریمہ میں صاف بیان فرما دیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنا اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کا سبب ہے۔ لہٰذا جو چاہتا ہے کہ اللہ اُس سے محبت کرے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرے۔ اس میں یہ دلیل بھی ہے کہ رسول اللہ کی اطاعت دراصل اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس مفہوم کو اپنے فرمان میں واضح کیا ہے: "جس نے رسول کی اطاعت کی اُس نے اللہ کی اطاعت کی۔" اور اپنے فرمان میں فرمایا: "رسول تمہیں جو کچھ دے وہ لے لو اور جس چیز سے منع کرے اُس سے باز آجاؤ۔"

امام ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں اس آیت کے بارے میں فرمایا: یہ آیت ہر اُس شخص پر حجت ہے جو دعویٰ کرے کہ وہ اللہ سے محبت کرتا ہے، مگر وہ طریقۂ محمدیہ پر نہ ہو، تو وہ اپنی اس دعویٰ میں جھوٹا ہے۔ یعنی ہر وہ شخص جو کہے کہ "میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں" لیکن ہم اُسے دیکھتے ہیں کہ نہ وہ آپﷺ کے اقوال کی پیروی کرتا ہے اور نہ آپﷺ کے اعمال کی، تو وہ اپنی اس دعویٰ میں جھوٹا ہے۔ پھر ابن کثیر رحمہ اللہ نے کہا: وہ اپنی

اس دعویٰ میں جھوٹا ہے جب تک کہ وہ شریعتِ محمدیہ اور دینِ نبوی کی تمام باتوں اور احوال میں اتباع نہ کرے۔ ــــ ختم کلام۔

اس قاعدے پر بہت سی دلیلیں ہیں۔ اُن میں سے ایک دلیل یہ ہے کہ صحیحین میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے ہمارے دین میں کوئی نئی بات ایجاد کی جو اُس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے۔" یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اتباع واجب ہے۔ اور امام مسلم کی روایت میں ہے: "جس نے کوئی ایسا عمل کیا جو ہمارے طریقے کے مطابق نہیں، وہ مردود ہے۔"

پس جو بھی دعویٰ کرے کہ "میں اللہ سے محبت کرتا ہوں" ہم دیکھیں گے کہ اُس کا طریقہ رسول اللہ کے منہج کے ساتھ کیسا ہے۔ کیونکہ اللہ سے محبت کی علامت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع ہے۔ خواہ دین کے اصول ہوں یا فروع، اقوال ہوں یا اعمال، عقائد ہوں یا شریعت کے تمام ظاہر و باطن احکام ــــ سب میں رسول کی پیروی کرنی ہوگی۔ اگر کوئی رسول کی اتباع کرتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اُس کا دعویٰ "میں اللہ اور رسول سے محبت کرتا ہوں" سچا ہے۔

ہم نے اس کتاب میں بہت سی احادیث ذکر کی ہیں جو اتباعِ رسول کے وجوب پر دلالت کرتی ہیں۔ ان میں سے ایک مسلم کی صحیح روایت ہے، جابر رضی اللہ عنہ سے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر خطبے میں فرمایا کرتے تھے: "اما بعد! بے شک سب سے سچی بات اللہ کی کتاب ہے اور سب سے بہتر ہدایت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت ہے، اور سب سے بُری بات نئی بدعتیں ہیں، اور ہر بدعت گمراہی ہے۔"

اسی طرح صحیح بخاری میں جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فرشتے آئے جبکہ آپ سو رہے تھے۔ انہوں نے کہا: تمہارے ساتھی کی ایک مثال ہے، اس کے لیے کوئی مثال بیان کرو۔ بعض نے کہا: یہ تو سو رہا ہے۔ بعض نے کہا: آنکھ سو رہی ہے مگر دل جاگ رہا ہے۔ تو انہوں نے کہا: اس کی مثال ایک ایسے شخص کی ہے جس نے ایک گھر بنایا اور اُس میں دعوت کا کھانا رکھا اور لوگوں کو بلایا۔ جس نے بلانے والے کی بات مانی وہ گھر میں داخل ہوا اور کھانا کھایا، اور جس نے نہ مانا وہ نہ گھر میں داخل ہوا اور نہ کھانا کھایا۔ پھر فرشتوں نے کہا: اس کی تعبیر کرو تاکہ یہ سمجھ لے۔ بعض نے کہا: یہ سو رہا ہے۔ بعض نے کہا: آنکھ سو رہی ہے مگر دل جاگ رہا ہے۔ پھر کہا: وہ گھر جنت ہے، وہ بلانے والا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پس جس نے

محمد کی اطاعت کی اُس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے محمد کی نافرمانی کی اُس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ اور محمد لوگوں کے درمیان فرق کرنے والے ہیں۔

صحیحین میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: تین آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے گھروں میں آئے اور آپ کی عبادت کے بارے میں پوچھا۔ جب اُنہیں بتایا گیا تو وہ گویا اُسے کم سمجھے اور کہا: ہم رسول اللہ کے برابر کہاں؟ آپ کے تو پچھلے اور اگلے سب گناہ معاف ہیں۔ پھر اُن میں سے ایک نے کہا: میں ہمیشہ رات بھر نماز پڑھوں گا، نہیں سوؤں گا۔ دوسرے نے کہا: میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا، نہیں چھوڑوں گا۔ تیسرے نے کہا: میں عورتوں سے کنارہ کش رہوں گا اور کبھی شادی نہیں کروں گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے پاس آئے اور فرمایا: کیا تم ہی وہ لوگ ہو جنہوں نے یہ کہا؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ تو آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تم سب سے زیادہ اللہ کو جاننے والا اور اُس سے سب سے زیادہ ڈرنے والا ہوں، لیکن میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں، نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں، اور عورتوں سے شادی بھی کرتا ہوں۔ اور جس نے میری سنت سے منہ موڑا وہ مجھ میں سے نہیں۔

پس جو رسول اللہ کی سنت سے اعراض کرتا ہے وہ حقیقت میں اللہ سے محبت نہیں کرتا، چاہے وہ اللہ کی تعریف کے الفاظ سے اپنے منہ بھر دے، وہ جھوٹا ہے۔ کیونکہ اللہ کی محبت کی سچی علامت رسول کی اتباع ہے۔

صحیحین میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسا کام کیا جس میں آپ نے رخصت دی تھی۔ کچھ لوگوں نے اُس سے بچنے کا رویہ اختیار کیا۔ جب یہ بات رسول اللہ کو پہنچی تو آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا، اللہ کی حمد و ثنا کی، پھر فرمایا: "کیا وجہ ہے کہ کچھ لوگ اُس چیز سے اجتناب کرتے ہیں جو میں کرتا ہوں؟ اللہ کی قسم! میں تم سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا اور پرہیزگار ہوں۔"

صحیح مسلم میں ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو لوگ کھجوروں کو بارآور کر رہے تھے۔ آپ نے پوچھا: تم کیا کر رہے ہو؟ کیونکہ آپ مکہ کے رہنے والے تھے جو بےآب و گیاہ وادی ہے۔ انہوں نے کہا: ہم یہ کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: شاید اگر تم نہ کرو تو بہتر ہو۔ تو انہوں نے چھوڑ دیا، پھر پیداوار کم ہوگئی۔ انہوں نے آپ سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: "اے لوگو! میں بھی تو ایک انسان ہوں، جب میں تمہیں دین کے کسی معاملے

میں کچھ کہوں تو اُسے لے لو، اور جب میں اپنی رائے سے کچھ کہوں تو میں بھی تو ایک انسان ہوں۔"

اس بارے میں دلیلیں بہت ہیں۔ صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسے ایک آدمی نے آگ جلائی، جب اُس نے اردگرد روشن کر دیا تو پروانے اور جانور اُس میں گرنے لگے، اور وہ انہیں روکتا ہے مگر وہ اُس پر غالب آ کر اُس میں کود پڑتے ہیں۔" آپ نے فرمایا: "میں تمہیں آگ سے روک رہا ہوں، اِدھر آؤ آگ سے بچو! مگر تم ہو کہ مجھ پر غالب آ کر آگ میں گھس جاتے ہو۔"

بخاری اور مسلم دونوں نے ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ’میری مثال اور اس ہدایت و علم کی مثال جس کے ساتھ اللہ نے مجھے مبعوث فرمایا ہے، بڑی بارش کی طرح ہے جو زمین پر برسی۔ ان زمینوں میں ایک حصہ اچھی اور زرخیز تھا، اس نے پانی کو قبول کیا اور گھاس اور سبزہ کثرت سے اگا دیا۔‘‘ اور کچھ زمین ایسی تھیں جو پانی کو روک لیتی تھیں، تو اللہ نے ان کے ذریعے لوگوں کو نفع پہنچایا، چنانچہ انہوں نے اس سے پانی پیا، اپنے جانوروں کو پلایا اور کھیتوں کو سیراب کیا۔یعنی کچھ لوگ ایسے ہیں جو علم حاصل کرتے ہیں، اس پر عمل بھی کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچاتے ہیں، جیسے کہ وہ خود پیتے ہیں اور دوسروں کو بھی پلاتے ہیں۔اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو علم تو حاصل کرتے ہیں لیکن اس پر پورا عمل نہیں کرتے، وہ ان زمینوں کی مانند ہیں جو پانی کو روک لیتی ہیں لیکن خود اسے نہیں پیتیں، مگر دوسرے لوگ ان سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ وہ لوگوں کو تعلیم دیتے ہیں لیکن اپنی ذات میں صرف فرائض تک محدود رہتے ہیں۔ اگر کوئی عالم نوافل کے ترک پر عمل نہیں کرتا حالانکہ وہ ان کے دلائل جانتا ہے تو اس پر ملامت نہیں، بس فرائض پر قائم رہے۔ یہی مثال ہے اس زمین کی جو پانی روک کر دوسروں کو فائدہ پہنچائے۔ اور کچھ زمینیں ایسی ہیں جو بالکل بانجھ ہیں، نہ پانی کو روکتی ہیں اور نہ سبزہ اگاتی ہیں۔ یہ مثال ان لوگوں کی ہے جو دین میں سمجھ بوجھ نہیں رکھتے اور نہ اس ہدایت سے فائدہ اٹھاتے ہیں جس کے ساتھ نبی ﷺ کو بھیجا گیا۔

دلائل بہت ہیں، و للہ الحمد۔

امام ابو داود نے اپنی سنن میں صحیح سند کے ساتھ ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میں ہرگز نہ پاؤں تم میں سے کسی کو اپنی

چارپائی پر ٹیک لگائے ہوئے، اس کے پاس میرے کسی حکم یا ممانعت کی خبر پہنچے، اور وہ کہے: ہمیں نہیں معلوم، ہمارے پاس تو اللہ کی کتاب ہے۔‘‘

اور ابو داود نے ہی ایک اور صحیح سند کے ساتھ مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:قریب ہے کہ ایک آدمی سیر ہو کر اپنی چارپائی پر ٹیک لگائے ہوئے کہے: تمہارے لیے بس یہی قرآن ہے، جو کچھ اس میں حلال پاؤ اسے حلال سمجھو اور جو کچھ اس میں حرام پاؤ اسے حرام سمجھو۔‘‘

یعنی وہ صرف قرآن کو کافی سمجھے اور حدیث کو ترک کر دے۔پھر نبی ﷺ نے فرمایا:خبردار! رسول اللہ نے جو کچھ حرام قرار دیا وہ بھی بالکل اسی طرح حرام ہے جیسے اللہ نے حرام قرار دیا ہے۔‘‘امام ترمذی نے ایک ایسی سند کے ساتھ جو قابلِ اعتبار ہے، عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

کیا ایک آدمی یہ سمجھتا ہے کہ اللہ نے صرف وہی چیزیں حرام کی ہیں جو اس قرآن میں مذکور ہیں؟ سن لو! میں بھی چیزوں کو حرام قرار دیتا ہوں، نصیحت کرتا ہوں اور حکم دیتا ہوں، اور یہ سب قرآن کے مثل یا اس سے زیادہ ہیں۔‘‘

امام احمد اور ابو داود نے بھی صحیح سند کے ساتھ عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:میں تمہیں اللہ کے تقویٰ کی وصیت کرتا ہوں، اور سننے اور اطاعت کرنے کی۔ خواہ تم پر حبشی غلام ہی کیوں نہ مقرر کر دیا جائے۔ تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ بہت زیادہ اختلاف دیکھے گا، لہٰذا تم میری سنت اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت کو لازم پکڑو۔ اس کو مضبوطی سے تھام لو، دانتوں سے پکڑ کر رکھو۔ اور نئی پیدا کی ہوئی باتوں سے بچو، کیونکہ ہر نئی بات بدعت ہے، اور ہر بدعت گمراہی ہے۔‘‘اور اسی طرح بہت سی احادیث موجود ہیں جو سب کی سب اسی اصول پر جمع ہوتی ہیں، کہ اللہ نے فرمایا:کہہ دو! اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ تمہیں محبوب بنا لے گا۔‘‘اور میں نہیں سمجھتا کہ اس اصول کو مزید فروعی تفصیل کی ضرورت ہے، جو چاہے وہ اس کی تفصیل مذکورہ رسالہ میں دیکھ سکتا ہے۔اور اصولوں میں سے ایک اور قاعدہ یہ ہے کہ: صحیح حدیث بذاتِ خود حجت ہے۔

"لہٰذا جان لیجیے، اللہ آپ پر رحم کرے، کہ سنت میں ایسا کوئی صحیح حدیث موجود نہیں ہے جس پر تمام ائمہ نے بالاتفاق عمل ترک کر دیا ہو۔ اور یہ کبھی

ممکن نہیں کہ امت اس چیز کو جس کا ثبوت شریعت میں ہے، بالکل چھوڑ دے؛ کیونکہ یہ تو گمراہی پر اجماع کرنے کے مترادف ہوگا۔"۔لہٰذا سنت میں جو بھی حدیث صحیح ثابت ہوئی، اس پر امت کے کسی نہ کسی گروہ نے عمل ضرور کیا ہے، خواہ وہ گروہ تھوڑا ہو یا زیادہ۔ اور جو عالم یہ کہتا ہے کہ فلاں حدیث پر کسی نے عمل نہیں کیا، تو وہ دراصل اپنے علم کی خبر دیتا ہے، ورنہ ''کسی کے علم میں نہ ہونا'' یہ دلیل نہیں کہ وہ چیز وجود ہی نہیں رکھتی۔

(سمجھے؟) اچھا۔ ہمارا قاعدہ یہ ہے کہ اگر بالفرض کوئی صحیح حدیث ایسی ہو جس پر کسی نے عمل نہ کیا ہو، تو بھی یہ بات اس کی حجیت پر اثر انداز نہیں ہوگی، کیونکہ صحیح حدیث بذاتِ خود حجت ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے اقوال کسی کے عمل سے حجت نہیں بنتے، بلکہ وہ اپنی ذات میں حجت ہیں۔اگر ان پر عمل کیا جائے تو بھی وہ حجت ہیں، اور اگر عمل نہ کیا جائے تو بھی وہ حجت ہی رہیں گے۔پس سنت اپنی ذات کے اعتبار سے حجت ہے، نہ کہ کسی اور چیز کے ذریعے۔

اس کے برعکس:پہلے شریعتیں حجت ہیں لیکن بذاتِ خود نہیں بلکہ کسی اور کے ذریعے۔

صحابہ کا قول حجت ہے لیکن کسی اور کے ذریعے۔

اجماع حجت ہے لیکن کسی اور کے ذریعے۔

عرف حجت ہے لیکن کسی اور کے ذریعے۔

مصلحت حجت ہے لیکن کسی اور کے ذریعے۔

استقراء حجت ہے لیکن کسی اور کے ذریعے۔

لیکن کتاب اور سنت حجت ہیں اپنی ذات سے۔

آیت بذاتِ خود حجت ہے۔ حدیث بذاتِ خود حجت ہے۔

یعنی دلیل قرآن و سنت کی حجیت ایک ایسی صفت ہے جو اس میں راسخ ہے، اور اپنی ذات میں ثابت ہے۔ کیونکہ وہ قرآن ہے تو بذاتِ خود حجت ہے۔ وہ حدیث ہے تو بذاتِ خود حجت ہے۔ خواہ علماء نے اس پر عمل کیا ہو یا نہ کیا ہو۔اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ ''اگر یہ حدیث حجت ہوتی تو امام مالک اسے نہ چھوڑتے'' یہ بات بالکل باطل ہے۔ یا یہ کہنا کہ ''اگر یہ حدیث حجت ہوتی تو اہلِ مدینہ ضرور اس پر عمل کرتے'' یہ بھی باطل ہے۔ --- یا یہ کہنا کہ

''اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو فلاں کمیٹی یا فلاں فقہی جماعت یا فلاں عالم اس پر عمل نہ چھوڑتے'' یہ سب باتیں حجت کے اعتبار سے بے وزن ہیں۔۔ ایسا کہنا دراصل دلیل کی تعظیم نہ کرنے کے مترادف ہے۔ لہٰذا دلیل کی تعظیم کا تقاضا یہ ہے کہ پکا یقین رکھا جائے کہ قرآن اور سنت کی حجیت بذاتِ خود ہے، اور ان کے اندر ایک راسخ صفت ہے۔لہٰذا جب سنت صحیح ثابت ہو جائے تو وہ اپنی ذات میں حجت ہے۔ تو خبردار رہو کہ کسی حدیث کو، جس کی صحت ثابت ہو چکی ہو، اس لیے رد نہ کرو کہ فلاں عالم یا فلاں امام یا فلاں مذہب نے اس پر عمل نہیں کیا۔ اس سے بچو۔ اسی وجہ سے میں نے اس قاعدے کو "تعظیمِ دلیل" کے قواعد میں شامل کیا ہے۔

حاشیہ (حجت بالغیر (کسی اور کے واسطے سے حجت)

آج اگر احمد (شیخ کا شاگرد) مجھے حق بات بتائے، تو نہ میں احمد کو قبول کروں گا نہ ہی اس حق کو، جو وہ کہہ رہا ہے، صرف اس لیے کہ میرے اور اس کے درمیان بغض اور دشمنی ہے۔ اسی طرح اگر میں احمد کو کوئی حق بات سناؤں، تو وہ بھی قبول نہیں کرے گا کیونکہ ہمارے درمیان کینہ ہے۔ پس اگر ہمارے قبول اور رد کرنے پر حاکم ہماری دشمنی اور محبت بن جائیں، تو یہ بہت خطرناک ہے۔

اسی لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" :*جس نے اللہ کے لیے محبت کی، نہ کہ اپنی خواہش کے لیے، اور اللہ کے لیے بغض رکھا، نہ کہ اپنی خواہش کے لیے، اس نے اپنا ایمان مکمل کر لیا* ."یہی ہے اصل ایمان۔

اہلِ سنت والجماعت نے یہ اصول طے کیا ہے کہ حق، جس کے پاس سے بھی آئے، قبول کیا جائے گا، اور باطل، جس کے پاس سے بھی آئے، رد کیا جائے گا۔ اسی بنیاد پر اہلِ باطل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو بھی رد کر دیا کیونکہ ان کے دلوں میں بغض، حسد اور عناد تھا۔ اور انہوں نے کہا: ﴿لَوْلَا نُزِّلَ هَٰذَا الْقُرْآنُ عَلَىٰ رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ﴾ یہ قرآن دو بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہ اتارا گیا؟"

یہ تھی ان کی دلیل حق رد کرنے کی! کہ اگر یہ واقعی حق ہوتا تو اللہ اسے کسی بڑے آدمی پر نازل کرتا، نہ کہ آپ جیسے کمزور انسان پر۔ اسی طرح قومِ نوح نے کہا: ﴿وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ﴾ ہم تو یہی دیکھتے ہیں کہ آپ کی پیروی وہی لوگ کر رہے ہیں جو ہمارے نزدیک کمینے اور پست ہیں۔"

اور کافروں نے قریش سے کہا: اے محمد! اگر تم چاہتے ہو کہ ہم تمہاری بات مان لیں، تو ہمارے لیے الگ مجلسیں بناؤ، ان فقیروں کے ساتھ نہیں بیٹھیں گے۔

یہ سب بغض، حسد اور جذبات کی باتیں تھیں، نہ کہ حق کی تعظیم۔ حق کو صرف اس وجہ سے رد کرنا کہ لانے والے کے ساتھ بغض ہے، یہ ہرگز دلیل کی تعظیم نہیں۔

پھر قاعدہ یہ ہے: کہ انصاف اور تجرد (یعنی غیر جانبداری) کا تقاضا یہ ہے کہ تمہاری دلیلوں میں وہ بھی شامل ہوں جو تمہارے خلاف ہیں اور وہ بھی جو تمہارے حق میں ہیں۔ یہ بات بالکل واضح ہے۔ انصاف یہ ہے کہ تم صرف وہی دلائل بیان نہ کرو جو تمہارے موقف کو مضبوط کرتے ہیں بلکہ وہ بھی پیش کرو جو تمہارے خلاف ہیں۔ صحیح دلیل کو اس خوف سے نہ چھپاؤ کہ اگر تم نے اسے بیان کر دیا

تو تمہارے مخالف کو فائدہ ہوگا اور تمہاری بات باطل ہو جائے گی۔ یہ دلیل کی تعظیم نہیں بلکہ خیانت ہے۔

بعض لوگ کتابوں کے گوشوں میں چھپی ہوئی ایسی دلیلوں کو جانتے ہیں، ان کی صحت سے بھی واقف ہیں، لیکن وہ انہیں چھپاتے ہیں۔ کیوں؟ اس لیے کہ اگر وہ ظاہر کر دیں تو ان کی اپنی رائے باطل ہو جائے گی اور ان کے مخالف کی بات درست ہو جائے گی۔ تو وہ دعا کرتے رہتے ہیں کہ اللہ ان کے مخالف کو اس دلیل سے غافل رکھے۔ کیا یہ دلیل کی تعظیم ہے؟ ہرگز نہیں۔ دلیل کی تعظیم یہ ہے کہ آپ اس کو ظاہر کریں خواہ وہ آپ کے حق میں ہو یا آپ کے خلاف۔

پس انصاف اور دیانت داری یہ ہے کہ اپنی دلیلیں بھی پیش کریں اور مخالف کی بھی۔ اگر وہ دلیل ضعیف ہے تو اس کی کمزوری واضح کریں، اور اگر صحیح ہے تو اس کا جواب دیں۔ لیکن اسے چھپانا انصاف نہیں بلکہ خیانت ہے۔

لہٰذا طلبۂ علم کو چاہیے کہ وہ خواہشات اور جذبات کو دلیل پر حاکم نہ بنائیں۔ متقین کا طریقہ یہ ہے کہ دلیل پر نظر ایمان، تقویٰ اور خوفِ خدا کے ساتھ ہو۔ اگر آپ دلیل کو صرف اللہ کی رضا کے لیے دیکھیں گے، تو اللہ آپ کو ہدایت دے گا اور کبھی رسوا نہیں کرے گا۔ اللہ نے کبھی اس بندے کو رسوا نہیں کیا جو اخلاص کے ساتھ دلیل میں صرف اس کی رضا چاہتا تھا۔﴿هَلْ جَزَاءُ الإحْسَانِ إِلَّا الإحْسَانُ﴾ "کیا احسان کا بدلہ احسان کے سوا کچھ اور ہو سکتا ہے؟"

جیسا کرو گے ویسا پاؤ گے۔ لیکن اگر کوئی شخص دلیل کو اس لیے دیکھتا ہے کہ اسے اپنی خواہش کے مطابق موڑ سکے، تو اللہ اسے گمراہی میں ڈال دیتا ہے، اس کے دل اور کان پر مہر لگا دیتا ہے اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیتا ہے۔ کیوں؟ کیونکہ اس نے اللہ کی رضا نہیں چاہی بلکہ اپنی خواہش کی پیروی چاہی۔ تو اللہ اس سے توفیق چھین لیتا ہے اور وہ گمراہی میں جا پڑتا ہے، اور اس کے اجتہاد سے امت کے فائدے کے بجائے نقصان ہوتا ہے۔ خواہ وہ بڑا عالم ہی کیوں نہ لگے، لمبی داڑھی ہو، متون اور دلائل یاد ہوں، مگر اس کے نتائج امت کے لیے فساد پیدا کرتے ہیں۔

کیوں؟ کیونکہ اس نے دلائل کو تجرد اور اخلاص سے نہیں دیکھا۔ وہ صرف وہی دلائل بیان کرتا ہے جو اس کے موافق ہوں اور باقی کو چھپا دیتا ہے۔

پس اے طلبۂ علم! اللہ سے ڈرو، اور اپنی خواہشات کو حاکم نہ بناؤ۔ دلیل پر نظر ایمان اور تقویٰ کے ساتھ رکھو تاکہ اللہ تمہیں حق تک پہنچائے۔ دلیل پر نظر کا

مقصد صرف یہ ہونا چاہیے کہ اللہ کی مراد کیا ہے اور اس کی رضا کس میں ہے۔ اس سے یہ لازم آتا ہے کہ آپ اپنی مخالفت کرنے والی دلیلیں بھی ظاہر کریں، پھر ان پر جواب دیں یا ان کی کمزوری بیان کریں۔ لیکن انہیں چھپانا خیانت ہے۔

ایک اور قاعدہ یہ ہے کہ دلائل کو تعطیل (بے معنی کرنا) اور تحریف (معنی کو بدل دینا) سے بچایا جائے۔ دلائل کی سب سے بڑی بربادی یہ دو ملعون چیزیں ہیں: تعطیل اور تحریف۔

تعطیل یہ ہے کہ دلیل کو اس کے صحیح معنی سے خالی کر دینا، جیسے کہ قرآن میں ہے:﴿وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ﴾ اور ایک بے کار کنواں (یعنی خالی کنواں)"یعنی کنواں جس میں کچھ نہ رہا۔ اسی طرح "خالی جیب"۔

تحریف یہ ہے کہ دلیل سے اس کے صحیح معنی کو چھین کر اس کی جگہ باطل معنی ڈال دینا۔یہ دونوں چیزیں بہت بڑی ہیں، لیکن تحریف میں دو مصیبتیں ہیں: ایک صحیح معنی کو ختم کرنا اور دوسری باطل معنی کو ٹھونس دینا۔اسی لیے علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ صحیح دلالت کو سلب کرنا حرام ہے، اور یہ بھی اجماع ہے کہ فاسد دلالت کو ٹھونسنا حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:﴿يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهِ﴾ یعنی جب ایک لفظ کا واضح اور جلی معنی اپنے مقام پر مقرر ہو جاتا ہے، تو یہ لوگ آ کر اس کے معنی کو بدل دیتے ہیں اور صحیح معنی سے پھیر کر غلط معنی پہنا دیتے ہیں۔مثال کے طور پر اللہ تعالیٰ کے اس فرمان پر آتے ہیں:﴿ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ﴾
اور کہتے ہیں: اللہ کے لیے "استوی" نہیں ہے، بلکہ (استولی) مراد ہے۔ یعنی صحیح دلالت کو سلب کر لیا اور ایک فاسد دلالت گھسیڑ دی۔ یہ ہے تحریف۔اسی طرح آیت:
﴿بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ﴾پر آتے ہیں اور کہتے ہیں: اللہ کے ہاتھ نہیں ہیں۔ یہ صحیح دلالت کو ختم کر دیتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ مراد اس سے نعمت یا قدرت ہے۔ یہ فاسد دلالت داخل کرنا ہے۔ یہ ہے تحریف۔اسی طرح:
﴿وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ﴾ پر کہتے ہیں: اللہ کا کوئی چہرہ نہیں ہے، بلکہ "چہرہ" سے مراد ذات ہے۔ یہ بھی تحریف ہے۔ اسی لیے عموماً کوئی بندہ محرف (تحریف کرنے والا) نہیں بنتا جب تک کہ پہلے وہ تعطیل (انکار) کی سیڑھی نہ چڑھے۔ پہلے وہ صفات کا انکار کرتا ہے، پھر تحریف کرتا ہے۔ یہ دونوں بڑی مصیبتیں ہیں۔

اے وہ لوگو جو نصوص کی تعظیم چاہتے ہو! خبردار، ان دونوں میں نہ پڑنا۔ اے وہ لوگو جو نصوص کی تعظیم چاہتے ہو! تعطیل اور تحریف کے دائرے میں نہ جانا۔ اور یہ دونوں آج کے زمانے میں اور پچھلے زمانے میں بھی بہت تھے، بلکہ ہر دور کے بدعتی نصوص کو محرف کرتے آئے ہیں۔

سوچو تو! انہوں نے کتنی ہی آیات و احادیث میں اسماء و صفات کی نصوص کو تحریف کیا؟ کتنی نصوصِ قدر کو بگاڑا؟ کتنی نصوصِ احکام، دین اور ایمان کی بدلی گئیں؟ عذابِ قبر، نعیمِ قبر اور سوالِ قبر کی نصوص کو کیسے تحریف کیا؟ قیامت کی حقیقتوں مثلاً میزان، جنت، جہنم وغیرہ کی نصوص کو کہا: "اس سے مراد یہ نہیں بلکہ کچھ اور ہے"۔ ہر جگہ یہی انداز۔ یوں نصوص کو تحریف اور تعطیل کی دو تلواروں سے ذبح کر دیا گیا۔ یہ دو خنجر ہیں۔ بچو کہ ان دونوں سے نصوص کی گردن نہ کاٹو۔ نہ انکار کرو، نہ تحریف۔ نصوص کو ان کے صحیح معانی پر ثابت رکھو۔ اور جب نصوص اپنے صحیح معنی پر قائم رہیں تو تحریف کا راستہ بند ہو جاتا ہے۔ لیکن جب کوئی انکار کر کے صحیح معنی کو نکال دیتا ہے، تو وہاں پھر تحریف گھس آتی ہےـلہٰذا نصوص کو دونوں گڑھوں سے بچاؤ: تعطیل اور تحریف۔ ہم نصوص پر ان کے صحیح ظاہر کے مطابق ایمان لائیں۔

اسی لیے ایک اہم قاعدہ یہ بنتا ہے **:نص کی تعظیم یہ ہے کہ اس کے ظاہر پر قائم رہا جائے۔**

پس ہم کہتے ہیں: نصوص کا اصل اصول یہ ہے کہ ان کے ظاہر پر قائم رہا جائے، جب تک کوئی قوی دلیل اس ظاہر سے پھیر نہ دے۔

یہی اصول ہے جس پر اہلِ سنت و جماعت متفق ہیں۔

یعنی جب بھی تمہارے سامنے کوئی نص آئے تو اس کے ظاہر سے تجاوز مت کرو۔ کوئی اور باطنی یا مجازی معنی تلاش مت کرو، جب تک کہ کوئی قطعی قرینہ نہ آجائے جو تمہیں ظاہر سے پھیر کر دوسرے معنی پر لے جائے۔ یہی نص کی تعظیم ہے کہ ظاہر پر رہو، اس سے آگے نہ بڑھو۔

لیکن اگر تم اہلِ بدعت کے طریقے دیکھو تو سب نصوص کو بلا کسی قرینے کے ظاہر سے پھیر دیتے ہیں۔ کیا یہ نصوص کی تعظیم ہے؟ نہیں، ہرگز نہیں۔ اسی لیے اللہ نے ان کو ذلیل کر دیا، ان سے توفیق چھین لی، وہ بدعت سے بدعت کی طرف بھٹکتے رہے، اپنی عمر اللہ کے غضب والے راستوں میں کاٹ دی۔ کیوں؟ کیونکہ انہوں نے نصوص کی تعظیم نہ کی۔

اہلِ کلام نے اسماء و صفات کی تمام نصوص کو ان کے صحیح معنی سے پھیر دیا۔ ان پر کبھی تو تعطیل کی، کبھی تحریف کی۔ اللہ نے ان کو خوار کر دیا۔ اے طالبِ علم! ڈر کہ کہیں اللہ تجھے بھی محروم نہ کر دے۔ یاد رکھ، تیرے علم کی کامیابی کا راز نصوص کی تعظیم میں ہے۔ اگر تو نصوص کو عظمت دے گا تو تیرا سفر محفوظ ہوگا، ورنہ برباد۔اسی لیے بڑے بڑے ذہین اہلِ بدعت، جو ہزاروں احادیث یاد رکھتے تھے، پھر بھی بے توفیق رہے۔ کیوں؟ کیونکہ وہ نصوص کو موڑتے اور ان کے صحیح معنی رد کرتے تھے تاکہ ان کی بدعت کے موافق بن سکیں۔

لیکن وہ علماء جنہوں نے نصوص کی تعظیم کی، اللہ نے ان کی زندگی کا خاتمہ بھی نصوص کی تلاوت پر کیا۔ دیکھو! ابن تیمیہؒ کا خاتمہ اس آیت کی تلاوت پر ہوا:﴿إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ، فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ﴾
یہ اللہ کا کرم ہے، نصوص کی تعظیم کرنے والوں کو انہی پر موت آتی ہے۔

لیکن اہلِ کلام کا خاتمہ دیکھو۔ ان میں سے کئی اپنی موت کے وقت بھی فلسفیانہ بحثوں میں پڑے ہوتے۔ رازی نے خود کہا: "ہم نے اپنی عمر قیل و قال میں ضائع کی"۔

اسی لیے سب سے زیادہ شک میں مرنے والے اہلِ کلام ہیں، کیونکہ وہ نصوص پر شک کرتے اور عقل کو نقل پر مقدم رکھتے تھے۔ جو نص کے ظاہر کو ظنی قرار دے اور عقل کے قیاسات کو قطعی مانے، اس کا خاتمہ کیسے اچھا ہو سکتا ہے؟

پس اے طالبِ علم! نصوص کی عظمت اختیار کر۔ ان کے ظاہر پر قائم رہ۔ خواہش یا شبہ کے لیے ظاہر سے آگے مت بڑھ۔ یہی نجات ہے۔میں اللہ کے ہاتھ کو اس کے جلال و عظمت کے لائق ثابت کرتا ہوں، میں اللہ کے ہاتھ ثابت کرتا ہوں۔کیونکہ قرآن کہتا ہے:﴿بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ﴾، میں اللہ کے عرش پر استواء کو ثابت کرتا ہوں۔ اس لیے کہ اللہ کہتا ہے ﴿الرَّحْمَنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَى﴾، ﴿اسْكُنْ أَنتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ﴾
اس سے مراد جنت الخلد ہے، کیونکہ ظاہر یہی ہے۔

اسی طرح ایک اور قاعدہ یہ ہے :**نص پر زیادتی بیان ہوتی ہے، نسخ نہیں ہوتی۔**
لیکن بعض لوگوں نے کہا: "زیادہ نص نسخ ہے"۔ اسی بنا پر انہوں نے کئی نصوص رد کر دیں۔مثلاً احناف نے کہا: وضو نیت کے بغیر صحیح ہے۔ کیونکہ

قرآن میں آیتِ وضو:
﴿فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ...﴾ میں نیت کا ذکر نہیں۔ انہوں نے کہا: نیت احادیث سے آئی ہے، یہ زیادتی ہے، اور زیادتی نسخ ہے، لہٰذا ہم نیت کی احادیث رد کرتے ہیں۔

کیا یہ صحیح ہے؟ نہیں، یہ غلط ہے۔ کیونکہ "إنما الأعمال بالنيات" صحیح حدیث ہے اور اس کا تقاضا ہے کہ وضو نیت کے بغیر صحیح نہیں۔ پس نیت شرط ہے۔

اسی طرح عجیب بات یہ ہے کہ احناف تیمم میں نیت کو شرط مانتے ہیں، حالانکہ آیت تیمم:﴿فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا﴾ میں نیت نہیں۔ یہ ان کا تناقض ہے۔اسی طرح وہ وضو میں "موالاۃ" (اعضا کو پے در پے دھونا) شرط نہیں مانتے۔ کیوں؟ کیونکہ قرآن میں ذکر نہیں۔ حالانکہ صحیح مسلم میں حدیث ہے کہ ایک شخص کے وضو میں ایک جگہ خشک رہ گئی تو نبی ﷺ نے فرمایا: "ارجع فأحسن وضوءك"۔ لیکن انہوں نے کہا: یہ زیادتی ہے، اس لیے ہم نہیں مانتے۔یہ ہے ان کی بنیاد۔ کیا یہ نصوص کی تعظیم ہے؟ نہیں، ہرگز نہیں۔ (لیکن پھر بھی ہم کہتے ہیں:اللہ احناف پر رحم کریں ۔اے اللہ! اس فقہی اور اصولی لغزش کو ان کے لیے دنیا اور آخرت میں ٹھنڈک اور سلامتی بنا دے، اے رب العالمین۔) اور حنفیہ کے متاخرین پر لازم ہے کہ وہ اس کو درست کریں۔ جو حنفیہ علماء آج زندہ ہیں، ان پر واجب ہے کہ وہ اس اصل کو، جس میں ان کے اسلاف سے خطا ہوئی ہے، درست کریں، اگر ان پر اس کا خطا ہونا واضح ہو جائے۔ اور تعصبِ مذہبی انہیں یہ نہ پر مجبور کرے کہ وہ خطا پر ہی چلتے رہیں۔ کیونکہ حق کی طرف رجوع کرنا باطل پر ڈٹے رہنے سے بہتر ہے، میرے بھائی۔ یہ واجب ہے۔ جو گزر گئے اور وفات پا گئے ہم اللہ سے ان کے لیے مغفرت مانگتے ہیں۔ لیکن جو باقی ہیں ان کے لیے جائز نہیں کہ اس غلط اور باطل و فاسد قاعدے کو، سنتِ نبوی کی بہت سی باتوں کو رد کرنے کا سبب بنا لیں۔ اسی لیے ہمارے نزدیک قاعدہ یہ ہے کہ: "نص پر زیادتی بیان ہے، نسخ نہیں ہے"۔ تو موالات (اعضا کو پے در پے دھونا) والی احادیث نے آیت وضو کو بیان کیا، نسخ نہیں کیا؛ اور نیت والی احادیث نے وضو کی آیت کو بیان کیا، نسخ نہیں کیا؛ اور فاتحہ پڑھنے والی احادیث نے نماز کے بارے میں بیان کیا، نسخ نہیں کیا۔بیان اور نسخ میں فرق ہے۔ بیان دونوں دلیلوں میں جمع کر لیتا ہے، جبکہ نسخ میں ایک دلیل کو منسوخ اور باطل کر دیا جاتا ہے۔ اور جب تک ممکن ہو دونوں دلائل کو جمع کرنا واجب ہے۔

اور حنفیہ کے بارے میں عجیب تر بات ۔ بہت عجیب ۔ ایک اور فرع ہے، جسے ہم بطور مشق ذکر کرتے ہیں: زانی غیر شادی شدہ پر "تغریب" (یعنی ایک سال کے لیے جلاوطنی کی سزا) کا مسئلہ۔حنفیہ کہتے ہیں: ہم اسے قبول نہیں کرتے، کیونکہ یہ نص پر زیادتی ہے۔ کیونکہ قرآن میں فرمایا گیا:﴿الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ﴾ زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والے مرد، ان میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو۔" اور یہ نہیں فرمایا: "اور ایک سال کے لیے جلاوطن کرو"۔ جبکہ تغریب (جلاوطنی) صحیح مسلم کی حدیث عبادہ میں آیا ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "غیر شادی شدہ کے لیے سزا ہے سو کوڑے اور ایک سال کے لیے جلاوطنی"۔

سو کوڑوں کو انہوں نے قبول کر لیا، کیونکہ وہ قرآن میں ہے۔ لیکن ایک سال جلاوطنی کو رد کر دیا، کیونکہ یہ قرآن پر زیادتی ہے۔ اور قرآن پر زیادتی ان کے نزدیک نسخ ہے۔

(اب تم لوگو! اے قاعدے کے دعویدارو! تم کیا کہتے ہو؟ یہ زیادتی ہے؟ اے نعمان (شاگرد)! کیا ہی مزیدار بات ہے! اگر یہ ہذیان ہے تو بھی کیا ہی شیریں ہذیان ہے، کیونکہ یہ زیادتی "بیانیہ" ہے۔)

اللہ ہدایت کرے ائمہ حنفیہ پر رحم فرمائے۔ میرے بھائی! اللہ کی قسم، تعجب ہوتا ہے کہ اتنے بڑے ذہین لوگ بھی کیسے اس لغزش میں گر گئے! یہ اس بات کی علامت ہے کہ حق تک پہنچنا محض اللہ کا توفیق دینا ہے۔ نہ تمہارے زور بازو سے، نہ عقل سے، نہ کوشش سے۔اسی لیے حق پر وہ لوگ کامیاب ہوئے جو ان سے کم بحث کرنے والے، کم ذہانت والے اور کم علم والے تھے۔ انہیں حق پر کامیاب کس نے کیا اور ان ذہینوں کو گمراہ کس نے کیا؟ اللہ نے۔

لہٰذا اے طالب علم! خبردار! اپنی علمی راہ میں اور حق تک پہنچنے میں اپنے زور بازو، اپنی طاقت، اپنی محنت، اپنی کتابوں، اپنے وقت، اپنی یادداشت، اپنے ساتھیوں یا اپنے استاد کی قوت پر بھروسہ نہ کرنا۔یہ خیال نہ کرنا کہ تیرے دل میں اعتماد ہے ان مادی اسباب پر۔ اللہ تعالیٰ تیرے دل میں صرف یہی دیکھے کہ تو بالکل عاجز اور اس کا محتاج ہے۔ باقی یہ سب اسباب ہیں، جنہیں اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ لیکن اصل توفیق ان میں سے کسی میں بھی ذاتی طور پر نہیں ہے۔ اسی لیے ہمیں ہر سانس اور ہر لمحے میں اللہ تعالیٰ کے محتاج ہونا چاہیے۔ کہا جاتا ہے کہ امام ابن تیمیہ جب کسی مسئلے پر الجھ جاتے تو کہتے: میں اللہ سے ایک ہزار مرتبہ استغفار کرتا ہوں، پھر مسئلہ کھل جاتا ہے۔ اور وہ کون تھے! اگر

ان پر مسئلہ بند ہوتا تو وہ ہزار مرتبہ استغفار کرتے اور پھر حل ہو جاتا۔ بلکہ بعض اوقات وہ سنسان دیہاتوں میں نکل جاتے، چہرہ مٹی پر رکھ دیتے اور اللہ سے دعا کرتے: "اے وہ ذات جس نے داؤد کو علم سکھایا، اور سلیمان کو سمجھایا، مجھے بھی سکھا دے"۔ پھر اس سجدے سے اٹھتے نہیں مگر یہ کہ ان پر وہ مسئلہ کھل جاتا۔"

کیا تم ہمیشہ ایسا نہیں دیکھتے؟ کہ انسان اپنی ہر حرکت و سکون میں اللہ تعالیٰ کا محتاج ہے؟چاہے دلائل موجود ہوں، چاہے معاملہ آسان لگ رہا ہو۔ خبردار! غفلت نہ کرنا۔

کیا تم جاننا چاہتے ہو کہ تم حقیقت میں اللہ پر متوکل اور اس کے محتاج ہو یا نہیں؟ دیکھو کہ ان کاموں میں بھی، جو تمہارے اختیار میں ہیں، تم اللہ کے محتاج ہو یا نہیں۔

اگر تم ان چیزوں میں بھی، جو بظاہر تمہارے اختیار میں ہیں، اللہ کے محتاج ہو، تو یہی حقیقت میں اللہ پر افتقار ہے۔

جوتا میرے سامنے ہے اور اس تک صرف دو قدم ہیں۔ کیا اس کے لیے بھی اللہ کا محتاج ہونا ضروری ہے؟ جی ہاں۔ میں اپنی طاقت سے چل سکتا ہوں، لیکن غور کرو: انہی دو قدموں میں تمہاری روح قبض ہو سکتی ہے، یا تمہارے پاؤں شل ہو سکتے ہیں۔ ہے نا؟ تم چل ہی نہ سکو۔ پس ہر وقت، حتیٰ کہ اپنے اختیار میں آنے والے کاموں میں بھی، اپنی عاجزی اور بے بسی کو دیکھو۔ یہی توفیق کی ایک خدمت ہے جو اللہ چاہتا ہے۔ کیونکہ اللہ جانتا ہے کہ یہ دل اس کا محتاج ہے۔

لیکن جو شخص اپنی طاقت، اپنی کتابوں اور اپنے حافظے پر بھروسہ کرتا ہے، اور کبھی رات کو اللہ کے سامنے سجدے میں گر کر دعا نہیں کرتا کہ:یا رب! میرے لیے اس مسئلے میں فتح دے۔ یا رب! مجھے حق کی طرف ہدایت دے۔ یا رب! مجھے صواب کی توفیق دے۔ یا رب! مجھے میری گمشدہ بات دکھا دے۔ یا رب! مجھے غلط بات سے بچا دے۔ اور پھر جب تحقیق کر لیتا ہے تو اللہ سے دعا کرتا ہے:اللهم إن كان هذا هو الحق فانشره بين الناس، وإلا فاطوه في عالم النسيان يا رب".اے اللہ! اگر یہ بات حق ہے تو اسے لوگوں میں پھیلا دے، اور اگر باطل ہے تو اسے بھلا دے۔"یہی ہے توفیق کا راستہ۔۔۔

لہٰذا تغریب (جلاوطنی) کی زیادتی نسخ نہیں ہے جیسا کہ حنفیہ نے کہا، بلکہ یہ بیان ہے۔

اسی طرح گواہ اور قسم سے فیصلہ کرنا، اس کو حنفیہ نہیں مانتے کیونکہ یہ سنت سے ثابت ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے:﴿فَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِنْ رِجَالِكُمْ فَإِنْ لَمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ﴾ تو اپنے مردوں میں سے دو گواہ بنا لو، اور اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں"--- اور یہ نہیں فرمایا: "اور ایک گواہ اور ایک قسم"۔ گواہ اور قسم سنت نے بڑھائے ہیں۔ یہ قرآن پر زیادتی ہے، لیکن ہم کہتے ہیں: یہ بیان ہے، نسخ نہیں ہے۔ اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

قاعدہ

اور اصولوں میں سے ایک یہ بھی ہے: "اگر راوی کی رائے اور اس کی روایت میں تعارض ہو تو اعتبار اس کی روایت کا ہوگا نہ کہ رائے کا"۔ یہ وہی حق ہے جس سے انحراف جائز نہیں۔ ؐ(شیخ اپنے شاگردوں سے)میں نے یہ تمہیں پہلے بھی سمجھایا ہے، ؟ کہاں سمجھایا تھا اور کس قاعدے کے تحت؟ آفرین! درست کہا۔ کون دہرائے گا؟ آواز دو!)ہر قاعدہ جس میں اللہ تعالیٰ کے کلام کے خلاف اختیار کرنا یا اس کی مخالفت شامل ہو تو واجب ہے کہ اسے رد کر دیا جائے۔ واجب ہے کہ اسے رد کر دیا جائے۔

ہم نے ذکر کیا تھا کہ ان قواعد میں سے ایک یہ ہے کہ نصف دلائل پر ہی عمل ہوتا ہے۔ یہ قاعدہ کس کے مذہب پر ہے؟ حنفیہ رحمہم اللہ کے۔

پس جو ہم نے تمہیں اس قاعدے میں باندھا ہے وہی حق ہے جسے قبول کرنا واجب ہے۔ اور یہی قول جمہور کا ہے۔ اور یہی ہے جو دلائل پر عمل کا تقاضا کرتا ہے، نہ کہ دلائل کو معطل کرنے کا۔

اے طالب علم! خوش ہو جا اپنے اصول پر اگر وہ دلائل پر عمل کو اپنے اندر رکھتا ہے۔ خوش ہو جا، اس پر مضبوطی سے پکڑ لے، اور اس پر خوب قائم رہ، اور اللہ کا شکر ادا کر۔ اگر تیرا اصل وہی ہے جس پر تُو دین داری کرتا ہے اور وہ دلائل پر عمل کو اپنے اندر رکھتا ہے تو یہ اللہ کی طرف سے بڑی نعمت ہے۔

(اور میں نے تمہیں اس کے فروع پہلے بھی بتا دیے ہیں، اور الحمد للہ۔ کیا تم نئے فروع چاہتے ہو؟ چاہتے ہو؟ ٹھیک ہے۔)

ایک مسئلہ: نماز میں چار مواقع پر ہاتھ اٹھانے کا مسئلہ۔ تکبیر تحریمہ کے وقت، رکوع کے لیے جھکتے وقت، رکوع سے اٹھتے وقت، اور پہلی تشہد کے بعد جب

کھڑا ہوتا ہے۔ ان مواقع پر ہاتھ اٹھانے پر صحیح اور صریح دلائل موجود ہیں کہ ہاتھ یا تو کندھوں تک یا کانوں تک اٹھائے جاتے ہیں۔ کیا یہ تمہارے لیے واضح ہے یا نہیں؟

جو شخص رفع ہاتھ کرنے کی روایت بیان کرتا ہے، وہ ابن عمر ہے، اور نافع نے ابن عمر سے صحیحین میں روایت کی ہے کہ انہوں نے دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی ابتداء میں، رکوع کے لئے تکبیر کرنے پر اور رکوع سے اٹھنے پر اپنے ہاتھ کندھوں کے برابر اٹھاتے تھے۔ اور بخاری کی روایت میں ہے کہ جب دو رکعت مکمل کرنے کے بعد کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھ اٹھاتے۔ ابن عمر نے یہ رفع ہاتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بیان کیا۔

حنفی علماء کہتے ہیں: اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو اس کے راوی اس سے اختلاف نہ کرتے، کیونکہ ابن عمر سے روایت ہے کہ وہ صرف پہلی تکبیر میں ہاتھ اٹھاتے تھے۔ اس مسئلے میں ہمارے پاس روایت بھی ہے اور رائے بھی۔ حنفیوں نے رائے کو روایت پر مقدم کیا، جس کی وجہ سے انہوں نے دلیل کے مطابق عمل ترک کیا۔ جبکہ اکثریت نے روایت کو رائے پر مقدم رکھا، جس کی وجہ سے انہوں نے دلیل کے مطابق عمل کیا۔

اصل اکثریت کو اختیار کریں، کیونکہ یہی وہ طریقہ ہے جو دلیل کے مطابق عمل کرنے کو یقینی بناتا ہے۔ صحیح قول یہ ہے کہ نماز میں چار مواقع پر ہاتھ اٹھانا سنت ہے۔

اگر ہم ان کی بحث کو مزید بڑھائیں، تو ثابت ہے کہ صحیح اسناد کے مطابق ابن عمر اپنے ہاتھ اٹھاتے تھے، اور جو روایت میں ہاتھ اٹھانے کا ذکر نہیں ہے وہ کمزور ہے۔ یعنی حنفیوں نے غلط جمع کی، نہ اصل روایت صحیح، نہ رائے صحیح، بلکہ صحیح ثابت ہے کہ ابن عمر ہاتھ اٹھاتے تھے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ ابن عمر نماز کی تکبیر کے وقت ہاتھ اٹھاتے، رکوع کے وقت اٹھاتے، اور "سمع الله لمن حمده، ربنا ولك الحمد" کہنے کے بعد بھی اٹھاتے۔

اور جب دو رکعت مکمل کر کے کھڑا ہوتا، تو اپنے ہاتھ اٹھاتا، اور ابن عمر نے یہ رفع ہاتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بیان کیا۔ یہ حدیث صحیح ہے، اور اللہ بہتر جانتا ہے۔

اب ہم اُس اصول کی طرف آتے ہیں جو اس کے بعد ہے: ہر قیاس جو نص سے متصادم ہو، وہ باطل ہے۔ اس اصول کا نمبر چوبیس ہے۔

(شیخ اپنے شاگردوں سے) کیا آپ چاہتے ہیں کہ ہم اسے مغرب کے بعد ترک کر دیں اور آگے نہ بڑھائیں؟ نہیں، یہ طریقہ ہمیں پسند نہیں۔ میں نہیں چاہتا کہ کوئی ایسا طریقہ اختیار کرے جو درس کو بھاری یا مشکل بنائے۔

یہ شخص، شیخ حمد، میں نہیں چاہتا کہ علم کو بھاری سمجھنے والے لوگوں کے لیے تفصیل بیان کروں۔ یہ میرے دل کو توڑتا ہے اور مجھے افسوس میں مبتلا کر دیتا ہے کہ علم حاصل کرنے کے لیے وقت ضائع ہو رہا ہے۔ لیکن شاید اللہ چاہے کہ یہ فائدہ پہنچے، ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ آپ کو حنفیوں کے ساتھ معاف کرے۔)

اصل اصول یہ ہے: ہر قیاس جو نص سے متصادم ہو، وہ باطل ہے۔ یہ سب سے اہم دلائل میں سے ہے جنہیں لازم ہے کہ ان کی تعظیم کی جائے۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض مذاہب میں بعض دلائل کو قبول کرنے سے انکار کیا گیا، کس وجہ سے؟ کیونکہ انہوں نے نصوص کے برخلاف قیاس کیا۔ اس لیے اہل سنت و جماعت کے نزدیک ہر قیاس جو نص سے متصادم ہو، وہ دین کا حصہ نہیں ہے۔

ہر قیاس جس کے قبول کرنے سے نصوص ترک ہو جائیں، وہ دین کا حصہ نہیں۔ یہ قیاس فاسد ہے۔ کیونکہ قیاس کی صحیحیت میں شرط ہے کہ وہ نص سے متصادم نہ ہو۔ اگر آپ اصولی کتابوں میں جائیں تو آپ دیکھیں گے کہ انہوں نے پہلی شرط میں نص سے مخالفت نہ ہونا بیان کیا ہے۔ نصوص کی مخالفت کرنا گناہ اور پرانی بیماری ہے، اور سب سے پہلے اس میں ابلیس پڑا۔

جب اللہ تعالیٰ نے ابلیس سے صحیح نص کے مطابق کہا: ﴿اسْجُدْ لِآدَمَ﴾، یہ قطعی نص ہے جو کسی بحث کا متحمل نہیں، ابلیس نے اسے قیاس سے مخالفت کی۔ اس نے کہا: میں آدم سے بہتر ہوں، مجھے آگ سے بنایا گیا اور اسے مٹی سے بنایا گیا۔ یہی نص سے قیاس کی مخالفت ہے۔

ابلیس نے ایک مدرسہ قائم کیا، جس کا نام ہے "نصوص کی مخالفت کے قیاس کا مدرسہ"، اور بہت سے لوگ وہاں سے تعلیم حاصل کرنے لگے۔ اگر کوئی دلائل کی مخالفت اپنے قیاس سے کرتا ہے تو سمجھو کہ وہ اس شیطانی مدرسہ سے فارغ التحصیل ہوا ہے۔ تو کبھی بھی ایسا قیاس قبول نہ کرنا جو نص سے متصادم ہو۔یہ معاملہ ہر مذہب میں پایا جاتا ہے، خاص طور پر حنفی مکتب میں، جہاں نصوص کی مخالفت والے قیاسات زیادہ ہیں۔ جب آپ کوئی قیاس دیکھیں جو نص سے متصادم ہو، تو نص کو مقدم رکھیں۔علماء رحمھم اللہ نے ابلیس کے قیاس کا

جواب دیا کہ قیاس تین وجوہات کی بنا پر فاسد ہے:
۱ (قیاس نص سے متصادم ہے، اور ہر نص سے متصادم قیاس باطل ہے۔
۲ (قیاس کرنے والے نے صحیح دلیل کا علم نہیں، جیسے ابلیس نے کہا "میں آگ سے ہوں، مٹی سے نہیں"، حالانکہ آگ تباہی کا ذریعہ ہے اور مٹی دنیا کی تعمیر کا ذریعہ۔
۳ (قیاس جزوی غلط ہے، جیسے ابلیس خود آگ کا حصہ تھا، جو فاسد اور برّا تھا۔

شاعر نے بھی کہا:

إِذَا افْتَخَرْتَ بِآبَاءٍ لَهُمْ شَرَفٌ ** قُلْ: صَدَقْتَ، وَلَكِنْ بِئْسَ مَا وَلَدُوا
"اگر تم اپنے آباؤ اجداد کے فخر پر فخر کرو، تو کہو: سچ کہا، لیکن انہوں نے برا بیج پیدا کیا"۔

اگر تم اپنے ان آبا و اجداد پر فخر کرتے ہو جنہیں شرف حاصل ہے تو کہو: نہیں، تم سچ نہیں کہہ رہے۔ ہاں یہ درست ہے کہ تمہارے ماں باپ کامیاب تھے، تمہارے ماں باپ بہادروں کے بہادر تھے، لیکن تم ان کے بعد آئے ہو جو بکریوں میں سے نکلتے ہیں۔ تم، تم ہو، تم ایک بکری ہو۔ اللہ زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے۔ تم اپنے باپ دادا اور اپنے اسلاف اور اپنے اصل پر فخر کرتے ہو، حالانکہ اصل پر فخر کرنے والے درحقیقت اسی شیطانی ایجنڈے کو آگے بڑھاتے ہیں: "میں بہتر ہوں، میں آگ سے بنا ہوں۔" یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی کہے: میں فلاں قبیلے سے ہوں، میں فلاں خاندان سے ہوں۔ اور پھر؟ پھر کیا؟ جوان وہ نہیں ہے جو کہے میرا باپ یہ تھا یا میرا باپ وہ تھا، بلکہ جوان وہ ہے جو کہے: یہ میں ہوں۔ اپنا مجد اپنے ہاتھوں سے بنا۔

علماء رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ اصل عزت و عظمت وہ ہے جو تم نے خود کی ہو، نہ کہ وہ جو دوسروں نے تمہارے لیے کی ہو۔ اصل عزت وہ ہے جو تمہارے عمل سے ہے، نہ کہ وہ جو تمہارے ساتھ ویسے ہی ہو گئی۔ کیا تم نے خود منتخب کیا تھا کہ فلاں قبیلے میں پیدا ہو؟ نہیں، تم زبردستی وہاں آئے۔ حتیٰ کہ تم نے اپنا نام بھی نہیں چنا، نہ اپنی رنگت، نہ اپنی قومیت۔ تو پھر تم ان عطاؤں پر کیسے فخر کرتے ہو جو دوسروں نے تمہیں دیں، جن میں تمہارا کوئی عمل دخل ہی نہیں؟ لیکن یہ کہ تم تعلیم حاصل کرو، اعلیٰ ڈگریاں لو، بڑی نوکریاں حاصل کرو، پھر علم سیکھو، کتابیں لکھو، لوگوں کی رہنمائی کرو، شیخ اور مفتی بن کر لوگوں کو

نفع پہنچاؤ، یہ چیزیں حقیقتاً فخر کے قابل ہیں۔ اور اگر ان پر بھی تم انکساری کرتے ہوئے فخر نہ کرو تو یہ اور بھی بہتر ہے۔ لیکن اگر بالفرض تمہیں فخر کرنا ہی ہو تو پھر بھائی! ان چیزوں پر فخر کرو جن میں تمہاری اپنی محنت شامل ہے، جن پر تم نے اپنا پسینہ بہایا ہے۔

کہنا کہ "میرا باپ یہ تھا، میں فلاں قبیلے سے ہوں، میرے دادا یہ کرتے تھے، میرے پردادا ایسے تھے"۔ اچھا، اور پھر؟ تمہارا اپنا کیا کارنامہ ہے؟ یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی کہے: میرے پڑوسی کے پاس اچھا سا گھر ہے، میرے پڑوسی کی گاڑی بہت اچھی ہے۔ تو تمہارا فخر کیا ہے؟ یہ ساری شیخیاں وہ ہیں جن میں تمہارا کوئی حصہ ہی نہیں۔ کیا تم نے اس بات کو سمجھا؟

پس ابلیس اس پر پورا اترتا ہے۔ اور یہ اس کی عقل مندی پر دلیل ہے یا اس کے بیوقوف ہونے پر؟ یہ اس کے بیوقوف ہونے پر دلیل ہے۔ وہ عزت والا اور مکرم تھا، ایک خاص مقام میں، اور اللہ تعالیٰ کے فرمان میں شامل تھا: ﴿اسْجُدُوا لِآدَمَ﴾۔ اس لیے جب اس نے انکار کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس سے کہا: ﴿مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ﴾۔ تو وہ اس حکمِ سجدہ میں شامل تھا یا نہیں؟ وہ شامل ہی تھا۔

(یہ ایک فائدہ ہے جو میں نے ولَدِ راشد سے سیکھا۔ یہ آخری بات میں نے اس سے سیکھی، جب ہم شیطان کے بارے میں بات کر رہے تھے کہ آیا وہ فرشتوں میں سے تھا یا نہیں؟ تو میں نے کہا کہ وہ ان کے ساتھ سجدے میں شامل تھا، اور میں دیگر دلائل سے استدلال کرتا رہا، لیکن اس نے سیدھا کہا: دلیل یہی ہے کہ اللہ نے فرمایا: ﴿إِذْ أَمَرْتُكَ﴾۔ اللہ کی قسم یہ درست ہے، یہ آیت میرے ذہن میں نہیں آئی تھی، ہم نے یہ اس سے سیکھ لی، اللہ اسے توفیق دے۔)

اب وہ موجود نہیں ہے، تم نہیں جانتے وہ کہاں ہے، اس سے پوچھو۔ پس ہر قیاس جو نص سے ٹکرا جائے وہ باطل اور ناقابلِ اعتبار ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں فرماتا ہے: ﴿يُجَادِلُونَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ﴾۔ تو کیا یہ واضح حق کے بعد ہے یا صرف کوئی قیاس، کوئی رائے یا اجتہاد ہے؟ اللہ نے فرمایا: ﴿يُجَادِلُونَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُونَ﴾۔

اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنْفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ﴾۔ یہ بالکل واضح اور صاف نص ہے، کسی بحث کی گنجائش نہیں، لیکن انہوں نے قیاس سے جواب دیا: ﴿أَنُطْعِمُ مَنْ لَوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ﴾۔ اچھا، جب عیسیٰ علیہ السلام آئے اور انہیں اللہ کی عبادت کا حکم دیا تو انہوں نے کہا: "أَآلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ؟" اور جب ان پر سود حرام

کیا گیا تو انہوں نے کہا: "إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا"۔ یہ سب قیاسات ہیں۔ قیاساتِ فاسدہ۔ قیاساتِ فاسدہ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَكَذَلِكَ مَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِي قَرْيَةٍ مِنْ نَذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَى أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَى آثَارِهِمْ مُقْتَدُونَ﴾۔ تم نے درست کہا اور میں نے غلط کہا۔

تو یہ لوگ کیا کرتے ہیں؟ اپنی حالت کو اپنے آباء و اجداد پر قیاس کرتے ہیں۔ یہی سب سے بڑا سبب ہے جس کی وجہ سے حق کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔ یہی وہ قیاسات ہیں۔ یہی وہ قیاسات ہیں۔ میں تمہیں چند فقہی مثالیں دوں گا جن میں قیاس کے ذریعے نص کی مخالفت کی گئی ہے۔

اس میں نص کے مقابلے پر قیاس کی مثالیں شامل ہیں۔ ان میں سے ایک مثال یہ ہے – بھائیو! – کہ حنفیہ عورت کو اجازت دیتے ہیں کہ وہ خود اپنا نکاح اپنے ہاتھ سے کر لے۔ یہ ہمارے سامنے ایک حاضر مثال ہے اور ہم نے کئی بار ذکر کیا ہے۔ انہوں نے اس پر یہ دلیل دی کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس میں لوگوں کو بہت زیادہ ابتلاء اور حاجت پیش آتی ہے۔ یہ دلیل تو انہوں نے لے لی۔ لیکن ان کے پاس اس سے بھی بہتر دلیل ان کے نزدیک یہ تھی کہ انہوں نے نکاح کو مال پر قیاس کیا۔ جس طرح عورت کو یہ حق ہے کہ وہ اپنے مال میں اپنی مرضی کے مطابق تصرف کرے، بغیر اپنے ولی کی اجازت کے، تو اسی طرح اسے یہ بھی حق ہے کہ وہ اپنی مرضی سے خود نکاح کر لے، بغیر ولی کی اجازت کے۔ یہ قیاس ہے یا نہیں؟ لیکن یہ قیاس نص کے مقابلے میں ہے، اور ہر وہ قیاس جو نص سے ٹکرا جائے وہ باطل اور ناقابلِ اعتبار ہے۔ ہر وہ قیاس جو نص کے مقابل ہو وہ فاسد ہے۔ اللہ ائمہ احناف پر رحم فرمائے۔

اور فقہی مسائل میں سے ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ علماء کے درمیان اختلاف ہوا ہے کہ کیا شوہر اپنی بیوی کو اس کے مرنے کے بعد غسل دے سکتا ہے یا نہیں؟ اور کیا بیوی اپنے شوہر کو اس کے مرنے کے بعد غسل دے سکتی ہے یا نہیں؟ یا پھر میاں بیوی ایک دوسرے کو مرنے کے بعد غسل نہیں دے سکتے؟ اس بارے میں علماء کے درمیان اختلاف ہے۔ بعض نے کہا: یہ جائز نہیں ہے۔ اچھا، ان کے پاس اس کے ناجائز ہونے کی دلیل کیا ہے؟ انہوں نے کہا: اس لیے کہ میاں بیوی کے درمیان نکاح کا رشتہ ختم ہو چکا ہے۔ پھر انہوں نے قیاس کیا کہ جیسے اب اسے اپنی بیوی سے جماع کرنا جائز نہیں رہا، کیونکہ رشتہ ختم ہو گیا، تو کیا وہ مردہ بیوی سے جماع کرے گا؟ ظاہر ہے نہیں۔ تو انہوں نے کہا کہ چونکہ رشتہ

ختم ہو گیا ہے تو اسی طرح غسل دینا بھی جائز نہیں۔ یہ قیاس ہے یا نہیں؟ لیکن یہ قیاس بھی فاسد ہے۔

اگر پوچھا جائے کہ آپ نے اس کو فاسد کیوں کہا؟ تو ہم کہیں گے کہ اس لیے کہ یہ نص کے خلاف ہے۔ کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا:
»دخل عليّ النبي صلى الله عليه وسلم وأنا أقول: وارأساه. فقال: بل أنا وارأساه، ما ضَرّكِ يا عائشة لو مِتِّ قبلي فغسَّلْتُكِ وكفَّنتُكِ.«

یعنی نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ اے عائشہ! تمہیں کوئی نقصان نہ ہوتا اگر تم مجھ سے پہلے فوت ہو جاتیں اور میں تمہیں غسل دیتا اور تمہیں کفن پہنانے کا انتظام کرتا۔ یہ بات بالکل واضح ہے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا یہ بھی فرماتی ہیں:لو استقبلتُ من أمري ما استدبرتُ، ما غسَّل رسولَ الله صلى الله عليه وسلم إلا نساؤه.«یعنی اگر میں اپنے معاملے کے آغاز میں وہ جانتی جو آخر میں جانا تو رسول اللہ ﷺ کو کوئی اور نہ غسل دیتا سوائے ان کی بیویوں کے۔اور دارقطنی میں یہ بھی روایت ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے وصیت کی تھی کہ ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ غسل دیں۔

تو یہ نصوص کیوں حنفیہ نے نہیں لیں؟ اس لیے کہ انہوں نے ان کے مقابلے میں قیاس کو ترجیح دی، تو ان کا یہ قیاس فاسد ہوا، کیونکہ ہر قیاس جو نص کے مقابل آجائے وہ فاسد الاعتبار ہوتا ہے۔

اور فقہی مسائل میں سے ایک اور مثال یہ ہے کہ علماء کے درمیان شراب سے علاج کرنے کے بارے میں اختلاف ہوا ہے۔ بعض اہلِ علم نے اس کو جائز کہا اور دلیل قیاس سے لی۔ انہوں نے کہا: جس طرح حرمتوں کو ضرورتیں جائز کر دیتی ہیں، اسی طرح شراب بھی ضرورت کے وقت علاج کے طور پر جائز ہو سکتی ہے۔ پس انہوں نے شراب سے علاج کو مردار کے کھانے پر قیاس کیا۔ تو انہوں نے دلیل کس چیز سے لی؟ قیاس سے۔ لیکن یہ قیاس فاسد ہے۔

اگر پوچھا جائے کہ آپ نے اس کو فاسد کیوں کہا؟ تو ہم کہیں گے: اس لیے کہ یہ نصِ صحیح و صریح کے خلاف ہے۔ کیونکہ طارق بن سوید جُعفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ سے شراب کے بارے میں پوچھا کہ کیا اسے دوا کے طور پر بنایا جا سکتا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: «إنها ليست بدواء، ولكنها داء» (یہ دوا نہیں بلکہ بیماری ہے)۔ اور سنن میں آپ ﷺ سے مروی ہے

کہ آپ نے فرمایا: «أنه نهى عن الدواء الخبيث» (آپ ﷺ نے خبیث دوا سے منع فرمایا)۔ اور آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا: «إن الله لم يجعل شفاءكم فيما حرّم عليكم» (اللہ نے تمہاری شفا ان چیزوں میں نہیں رکھی جو تم پر حرام کی گئی ہیں)۔

پس یہ سب صحیح اور صریح نصوص ہیں جو شراب سے علاج کو حرام قرار دیتی ہیں۔ لہٰذا وہ قیاس جو ان کے مقابل آیا وہ بھی انہی فاسد قیاسات میں سے ہے، جس کو قبول کرنا، اس پر اعتماد کرنا یا اس پر تکیہ کرنا جائز نہیں۔

اسی طرح علماء کے درمیان اختلاف ہوا ہے کہ جو شخص رمضان کے دن میں بھول کر کھا پی لے اس کا کیا حکم ہے؟ بعض علماء نے کہا: اس کا روزہ ٹوٹ گیا اور اس پر قضا لازم ہے۔ اور انہوں نے اس پر قیاس سے دلیل لی۔ کہا کہ چونکہ وہ روزے کے سب سے بڑے رکن (یعنی امساک) کو فوت کر بیٹھا، اس لیے اس کا روزہ فاسد ہوا۔ لیکن اللہ کی قسم! یہ محض رائے، اجتہاد اور فاسد قیاس ہے، کیونکہ یہ نص کے مقابل ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ تو یہ ہے: «مَن أكل أو شرب ناسيًا في نهار رمضان فليتم صيامه، فإنما هو شيء أطعمه الله وسقاه» (جو شخص رمضان کے دن میں بھول کر کھا پی لے تو اپنا روزہ پورا کرے، یہ تو ایسی چیز ہے جو اللہ نے اسے کھلائی اور پلائی ہے)۔

پس اس لیے خبردار رہو کہ تم کسی نص کو قیاس کے ذریعے رد نہ کرو۔ اے طالبِ علم! خبردار رہو کہ تم کسی نص کو قیاس کے ساتھ ٹکرا کر رد نہ کرو، ورنہ تم ان لوگوں میں شامل ہو جاؤ گے جنہوں نے دلیل کی تعظیم نہیں کی۔

آؤ! اللہ کی قسم کھاؤ کہ یہ اصول بہت اہم اور نہایت مفید ہیں۔

ایک اور قاعدہ یہ بھی ہے: صحیح خبر الآحاد ہر صورت حجت ہے۔

خبر الآحاد سے مراد وہ خبر ہے جسے صرف ایک، دو یا تین لوگ روایت کریں، جب تک کہ وہ تواتر تک نہ پہنچ جائے۔ اور اس کے برعکس ہے خبر المتواتر۔ جب بھی خبر الآحاد صحیح ہو تو اہل سنت و جماعت کے نزدیک یہ حجت ہے۔ اگر یہ صحیح ہو اور نہ منسوخ ہوئی ہو — یعنی اس کا سند صحیح ہو اور اس کی دلالت منسوخ نہ ہوئی ہو — تو قسم ہے اللہ کی کہ یہ ہرگز حجت نہ ہونے کی صورت میں نہیں آتی۔ لہٰذا اسے قبول کرنا اور اس پر عمل کرنا واجب ہے، اور اس کی مخالفت یا معارضت حرام ہے، کیونکہ یہ بذات خود حجت ہے۔

چاہے قیاس کے موافق ہو یا مخالف۔ (دھیان دو۔)چاہے عقائد میں ہو یا کسی اور معاملے میں۔ لہٰذا ہمارا قاعدہ یہ ہے: خبر الآحاد عقائد میں حجت ہے، خلاف اہل بدعت جو عقائد میں صرف متواتر قبول کرتے ہیں۔چاہے وہ کسی مسئلے میں عام ہو یا نہ ہو۔
چاہے اہلِ مدینہ کے عمل کے مطابق ہو یا نہ ہو۔چاہے اصول کے موافق ہو یا مخالف۔

ہمارے لیے صرف ایک بات اہم ہے: اگر یہ صحیح ہو تو یہ حجت ہے۔جب بھی یہ صحیح ہو تو اسے قبول کرنا، اس پر عمل کرنا، اس کے مطابق چلنا، اس کی اطاعت کرنا واجب ہے، اور نہ کہ اس کی مخالفت کرنا، نہ قولاً اور نہ فعلًا اور نہ کسی اور طریقے سے۔ یہ واضح ہے۔ لہٰذا اس قاعدے کے تحت آتا ہے:

خبر الآحاد عقائد میں حجت ہے۔

خبر الآحاد حجت ہے اگر چہ یہ واضح قیاس کے مخالف ہو۔

خبر الآحاد حجت ہے جہاں یہ عام ہو۔

خبر الآحاد اہل مدینہ کے عمل پر مقدم ہے۔

خبر الآحاد حجت ہے اگر چہ یہ اصول کے مخالف ہو۔

یہ سب ہم نے پہلے اس کے اصول، دلائل اور مثالوں کے ساتھ بیان کیا، اور اللہ کی حمد و ثنا کے ساتھ، اور اسی کے ذریعے توفیق اور ہدایت ملتی ہے۔

ایک اور قاعدہ یہ بھی ہے: صرف احتمال کی بنیاد پر نسخ باطل ہے۔
اور قواعد میں سے ایک قاعدہ یہ بھی ہے کہ محض احتمال کی بنیاد پر نسخ کو ماننا باطل ہے۔ محض احتمال کی بنیاد پر نسخ کو ماننا باطل ہے۔ اور یہ بات ائمہ حنفیہ رحمہم اللہ کے ہاں بہت زیادہ پائی جاتی ہے، کہ جب بھی ان کے نزدیک دو نصوص میں کسی درجے کا تعارض پیدا ہو جاتا ہے، تو ان میں سے کوئی کہہ دیتا ہے کہ یہ ناسخ ہے اور یہ منسوخ۔ اس مسئلے کو علما "نسخ بمجرد الاحتمال" کہتے ہیں۔

اسی لیے دلائل کے تعظیم کا تقاضا یہ ہے کہ تم کسی دلیل میں نسخ کو داخل نہ کرو، اور اس بات سے ڈرو کہ یہ نہ کہو کہ یہ دلیل منسوخ ہے، جب تک اس پر عمل کرنا ممکن ہو۔ خبردار رہو! اللہ کی قسم، جس نے معمولی احتمال یا ہلکی

سی مناسبت یا معمولی سا شبہِ تعارض کی بنا پر نسخ کا قول اختیار کیا، اس نے دلائل کی تعظیم حق کے ساتھ نہیں کی۔ کبھی نہیں! جیسا کہ بعض احناف ایسا کرتے ہیں۔

اور اگر تم امام طحاوی (صاحب العقیده الطحاویہ) رحمہ اللہ کی کتاب *شرح مشکل الآثار* کا مطالعہ کرو تو تمہیں اس قاعدے کی اہمیت اچھی طرح معلوم ہو جائے گی۔ اور اس عاجز بندے کی بھی ایک مستقل تحریر ہے جس میں میں نے قرآن میں کہی جانے والی منسوخ آیات اور سنت میں کہے جانے والے منسوخ احادیث کا پیچھا کیا ہے، اور تحقیق کے بعد میرے سامنے یہ بات واضح ہوئی کہ ان میں سے اکثر دعوے محض احتمال کی بنیاد پر کیے گئے نسخ کے دعوے ہیں۔ حالانکہ وہاں جمع ممکن تھا۔ اور جہاں جمع ممکن ہو، وہاں نسخ کا قول کرنا جائز نہیں۔

پس ہر وہ شخص جو دلائل میں جمع کی قدرت رکھنے کے باوجود نسخ کی طرف مائل ہوا، وہ درحقیقت احتمال کی بنیاد پر نسخ کی طرف مائل ہوا۔ اور احتمال کی بنیاد پر نسخ کرنا دلیل کی تعظیم کے منافی ہے۔ یہ دلیل کی تعظیم کے منافی ہے۔

اے طالب علمو! دلائل کی تعظیم کرو۔ خبردار! یہ نہ کہو کہ یہ ناسخ ہے اور یہ منسوخ۔ جب تک دو دلائل کے درمیان جمع ممکن ہے، نسخ کی طرف ہرگز مت بھاگو۔ جمع ممکن ہے۔ اور یہ بات علما کے کلام میں بہت زیادہ پائی جاتی ہے۔

اور میرا گمان ہے کہ اس رسالے کا نام یہی ہے :*ابطال کثیر ممن دعا النسخ بالاحتمال*، یعنی "ان لوگوں کی ایک بڑی تعداد کے دعوے کا ردّ، جنہوں نے احتمال کی بنیاد پر نسخ کا دعویٰ کیا۔"

اور یہ بات ہمیں اگلے قاعدے کی طرف لے جاتی ہے: دلیل کو استعمال کرنا اسے چھوڑ دینے سے بہتر ہے۔ بلکہ دونوں دلائل کو استعمال کرنا، معاف کیجیے، دونوں دلائل کو استعمال کرنا بہتر ہے بجائے اس کے کہ ان میں سے کسی ایک کو چھوڑ دیا جائے، جب بھی ایسا ممکن ہو۔ دونوں دلائل کو استعمال کرنا اس بات سے بہتر ہے کہ ان میں سے ایک کو ضائع کر دیا جائے، جب بھی ایسا ممکن ہو۔ اسی کو ہم اس قاعدے کے ذریعے بیان کرتے ہیں کہ: "دلائل کے درمیان جمع کرنا واجب ہے جب بھی ممکن ہو۔"

چنانچہ جب بھی تمہیں دو دلائل کے درمیان کسی قسم کا بظاہر تعارض نظر آئے، تو کوشش کرو کہ ان کے درمیان تطبیق پیدا کرو اور ان کے مفہوم کو اس طرح ہم آہنگ کرو کہ وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ موافق ہو جائیں، اور تم دونوں پر عمل کرسکو۔ پس جب تک تمہارے لیے دونوں دلائل میں تطبیق دینا ممکن ہے، چاہے وہ عموم اور خصوص کے قاعدے کے ذریعے ہو، یا اطلاق اور تقیید کے ذریعے، یا دلائل میں تطبیق دینے کے دیگر اصولوں کے ذریعے، تو یہ تم پر لازم ہے، اے طالب علم!

اللہ کی قسم! اللہ کی قسم! جس نے دلیل کو چھوڑ دیا حالانکہ وہ اس پر عمل کر سکتا تھا، اس نے دلیل کی تعظیم حق کے ساتھ نہیں کی۔ کلام کو باقی رکھنا اسے ضائع کرنے سے بہتر ہے۔ یہ تو انسانوں کے کلام میں بھی ہے میرے بھائی۔ انسانوں کی باتوں میں بھی تمہارے لیے جائز نہیں کہ ان کے کسی لفظ کو ردّ کر دو، جب تک کہ اس کو باقی رکھنا ممکن ہو۔ تو پھر اللہ رب العالمین کے کلام اور سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کے بارے میں کیا خیال ہے؟

خبردار! کسی موقع پر حدیث کو نہ چھوڑ دینا، اور نہ ہی اس کی دلالت کو ذرا سی مناسبت کے بہانے ردّ کرنا۔ نہیں، اصل یہی ہے کہ حدیث پر عمل کیا جائے۔ کلام کو باقی رکھنا اسے ضائع کرنے سے بہتر ہے۔

اگر میرے اختیار میں ہوتا تو میں فقہ کے بڑے بڑے قواعد پانچ معروف قواعد کے بجائے چھ کر دیتا: وہ پانچ مشہور قواعد اور اس کے ساتھ ایک چھٹا قاعدہ: "کلام کو باقی رکھنا اسے ضائع کرنے سے بہتر ہے۔" یہ ایک عظیم قاعدہ ہے اور دونوں جہانوں کے علما کے درمیان متفق علیہ ہے، اور یہ دلائل کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

پس جب بھی دو دلائل کے درمیان تطبیق ممکن ہو تو، اے طالب علم! تمہارے لیے جائز نہیں کہ تم نسخ کا قول کرو۔ بالکل نہیں، نہ ابتدا میں اور نہ انتہا میں۔ نہ کسی سرے سے اور نہ کسی پہلو سے۔

اگلا قاعدہ یہ ہے: اصل یہ ہے کہ دلیل کے حقیقی معنی پر باقی رہا جائے، الا یہ کہ کوئی قرینہ ہمیں اس کے مجازی معنی کی طرف منتقل کر دے۔ اصل یہ ہے کہ دلیل کے حقیقی مفہوم پر باقی رہا جائے یہاں تک کہ ایسا قرینہ آ جائے جو ہمیں اس کے مجاز کی طرف لے جائے۔ اصل یہ ہے کہ دلیل کے ظاہر

پر باقی رہا جائے یہاں تک کہ ایسا قرینہ آ جائے جو اسے مجاز کی طرف پھیر دے۔

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ گفتگو میں اصل حقیقت ہی ہے۔ گفتگو میں اصل حقیقت ہی ہے۔ اور گفتگو میں اصل وہی حقیقت ہے جو ظاہر ہو رہی ہو، اس لیے بغیر کسی واضح دلیل یعنی قرینہ کے مجاز کی طرف منتقل ہونا جائز نہیں۔ یہی اصل ہے اور اسی پر اہل سنت والجماعت کا طریقہ چلا آ رہا ہے۔

پس نصوصِ صفات (اللہ تعالیٰ کی صفات سے متعلق نصوص) میں اصل یہی ہے کہ ان کے حقیقی معنی مراد لیے جائیں، اور ان کو ان کے مجازی معنی کی طرف پھیرنا جائز نہیں، الا یہ کہ کوئی دلیل ایسا کرنے پر مجبور کرے۔ اسی طرح آخرت کے دن سے متعلق نصوص میں بھی اصل یہی ہے کہ ان کے حقیقی معنی پر باقی رہا جائے، اور ان کو مجاز کی طرف منتقل کرنا ہمارے لیے جائز نہیں، سوائے اس کے کہ کوئی معتبر ناقل اس کی طرف لے جائے۔

یہ قاعدہ دلائل کے تعظیم کے اصولوں میں سے ہے۔ اس نے دلیل کی تعظیم حق کے ساتھ نہیں کی جو دلیل کے مجازی معنی کی طرف منتقل ہو گیا حالانکہ وہ اس کے حقیقی معنی لینے پر قادر تھا۔

قاعدہ: وحی کے دونوں سرچشموں (قرآن و سنت) کے لوازم بھی حق ہیں۔ وحی کے دلائل کے لوازم بھی حق ہیں۔ وحی کے دلائل کے لوازم بھی حق ہیں۔

پس جب بھی کوئی نص شارع کی طرف سے صحیح ثابت ہو گیا تو وہ اپنے منطوق (صاف الفہم معنی) میں بھی حق ہے، اپنے مفہوم (سمجھ میں آنے والے اشاروں) میں بھی حق ہے، اور اپنے لوازم (جو نتیجے اس سے نکلتے ہیں) میں بھی حق ہے، (اے احمد!) لہٰذا یہ بالکل ناممکن ہے کہ کسی صحیح دلیل سے کوئی باطل لازم نکلے۔

اور اگر کبھی تمہارے ذہن میں کسی دلیل سے کوئی باطل نتیجہ پیدا ہوتا ہے تو جان لو کہ یہ خرابی تمہارے اپنے عقل کی ہے، دلیل کی نہیں۔ یہ خرابی تمہارے اپنے فہم میں ہے، دلیل میں کوئی خرابی نہیں۔ کیونکہ یہ دلائل دراصل اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ وہی ہے جس نے قرآن اور سنت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا۔ اور شارع کا کلام ہمیشہ حق ہی ہوتا ہے اپنی ہر جہت

سے: منطوق میں، مفہوم میں اور لوازم میں۔ ان سب میں وہ ہمیشہ حق ہی ہوتا ہے۔

پس جب بھی تم سنو کہ کوئی شخص دلائل پر کوئی باطل نتیجہ لازم آنے کا ذکر کرتا ہے تو سمجھ لو کہ خرابی اس کے دماغ کی ہے۔ اگر وہ دلیل پر صحیح اصولوں کی بنیاد پر غور کرتا تو اللہ کی قسم، اس پر کوئی باطل لازم نہیں آتا۔

جیسے بعض مبتدعین نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو سنا: ﴿وَلِتُصْنَعَ عَلَى عَيْنِي﴾ (اور تاکہ تم میری آنکھ کے سامنے تیار کیے جاؤ)۔ تو اس نے کہا: اس کا مطلب یہ لازم آتا ہے کہ اللہ نے موسیٰ کو اپنی آنکھ تک اٹھا لیا تاکہ اپنی آنکھ پر اس کی پرورش کرے، تو موسیٰ اللہ کی آنکھ کا حصہ ہو گئے!

اللہ کی قسم! کیا یہ وحی کے نصوص کے لوازم میں سے ہے؟ میری رائے میں تو یہ نصوص کا مذاق اڑانا ہے، دلیل کے ساتھ استہزا اور تحقیر ہے۔ اگر تیرے ذہن میں جو بات ہے وہ عقلِ صحیح ہوتی تو تم اس کا صحیح لازم سمجھتے۔ یہ باطل نتیجہ اہلِ عقلِ کامل پر لازم کیوں نہ آیا؟ اہلِ سنت والجماعت پر یہ لازم کبھی نہ آیا۔

لہٰذا وہ تمام باطل لوازم جو بعض لوگ دلائل پر تھوپنا چاہتے ہیں، اللہ کی قسم، یہ صرف اہلِ بدعت ہی کرتے ہیں۔ ہم نے کبھی اہلِ سنت میں نہیں دیکھا اور نہ سنا کہ کسی دلیل پر کوئی باطل لازم آتا ہو۔ کیونکہ وحی کے لوازم حق ہیں، اے آدمی!

جیسے کہ اشعریہ (و ماتریدیہ)نے کہا: ہم صفتِ استواء پر ایمان نہیں لاتے، کیونکہ اس کا لازم یہ ہے کہ عرش اللہ سے بڑا ہو! اور اگر ہم عرش کو اللہ سے دور کر دیں تو رب گر پڑے گا! کیا ان باطل لوازم کی وجہ سے انہوں نے قرآن کی سات آیات کو، جن میں اللہ تعالیٰ نے بیان کیا ہے کہ وہ عرش پر مستوی ہے، تحریف کا شکار کر دیا؟ اے آدمی! یہ تو ایک لازم ہے جو تم نے خود گھڑ لیا، تم نے ہی فرض کیا۔

پھر کوئی دوسرا آدمی آتا ہے اور کہتا ہے: میں اللہ کی صفتِ علو (بلندی) کو ثابت نہیں کرتا۔ ہم نے کہا: کیوں؟ کہنے لگا: کیونکہ اگر میں آج اللہ کے لیے علو ثابت کرتا ہوں تو زمین کی نچلی طرف جو لوگ ہیں، ان کے پاؤں اللہ کی طرف ہوں گے! اور پاؤں اللہ کی طرف کیسے ہو سکتے ہیں؟ یہ بھی ایک لازم ہے! لیکن یہ باطل لازم ہے۔ تم بس یہ ایمان رکھو کہ اللہ بلند ہے اور ان تفصیلات کو

چھوڑ دو۔ اللہ کی بلندی تمہارے عقل کے تابع نہیں کہ تم اسے سمجھ سکو، اور نہ ہی اس کی کیفیت معلوم ہے کہ تم اسے جان سکو۔ تم پر بس یہ ہے کہ کہو: میرا رب بلند ہے۔ ختم۔ کیا تم یہ نہیں کہہ سکتے؟ کہو: اللہ بلندی میں ہے۔

تفصیلات کو چھوڑ دو، ان لوازم کو چھوڑ دو، اور ان اعتراضات کو چھوڑ دو جو دلائل پر وارد ہوتے ہیں۔ ان سب کو چھوڑ دو۔

پھر ایک اور شخص آتا ہے اور کہتا ہے: حضرت ابو ہریرہ کی حدیث کہ "ہمارا رب آسمانِ دنیا پر اترتا ہے" یہ صحیح نہیں، یہ عقل کے خلاف ہے۔ ہم نے کہا: کیوں؟ کہنے لگا: کیونکہ رات کا آخری تہائی حصہ سورج کے گھومنے کے ساتھ گھومتا ہے۔ تو جہاں بھی رات ہو وہاں آخری تہائی رات ساتھ ساتھ آتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اللہ ہر وقت آسمانِ دنیا پر نازل رہتا ہے! اور یہ درست نہیں۔

ہم کہتے ہیں: نہیں، یہ لازم درست نہیں، کیونکہ تم نے اپنی عاجز عقل کو ایک غیبی معاملے میں گھسیٹ دیا ہے جسے تمہاری عقل جاننے کی طاقت ہی نہیں رکھتی۔ تمہارے ذمہ صرف ایک کام ہے: یہ کہنا کہ میرا رب اپنے عرش پر مستوی ہے، ایسا استواء جو اس کی جلالت اور عظمت کے لائق ہے۔ میرا رب چہرہ رکھتا ہے، ایسا چہرہ جو اس کی جلالت اور عظمت کے لائق ہے۔ میرا رب کے دو ہاتھ ہیں، ایسے ہاتھ جو اس کی جلالت اور عظمت کے لائق ہیں۔ میرا رب آسمانِ دنیا پر رات کے آخری تہائی حصے میں نازل ہوتا ہے، ایسا نزول جو اس کی جلالت اور عظمت کے لائق ہے۔ بس، اور خاموش رہو۔ اپنی عقل کو یہ اجازت نہ دو کہ وہ دلائل پر باطل لوازم مسلط کرے۔

اسی لیے یہ قاعدہ دلیل کے تعظیم (بزرگی اور احترام) میں سے ہے۔ کیونکہ اگر ہم دلیل کی تعظیم کریں — دھیان دیں بھائیو! — اگر ہم دلیل کی تعظیم کریں تو اس کی تعظیم کے لازمی تقاضوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس کے لوازم کی تعظیم کی جائے، اس کے منطوق کی تعظیم کی جائے، اس کے مفہوم کی تعظیم کی جائے، یعنی اس کی تمام متعلقہ چیزوں کی تعظیم کی جائے۔ یہ ممکن نہیں کہ ہم دلیل کی ذات کی تعظیم کریں اور اس کی متعلقہ چیزوں کو نظرانداز کرکے انہیں اہانت کا نشانہ بنائیں۔ نہیں۔ بلکہ دلیل کی تعظیم کے لازمی تقاضوں میں سے ہے کہ اس کے لازمی نتائج کی بھی تعظیم کی جائے، اس کے مفہوم کی بھی تعظیم کی جائے اور اس کے منطوق کی بھی تعظیم کی جائے۔ دلیل کے اردگرد جو چیزیں ہیں ان کو بھی عظیم سمجھو، کیونکہ اردگرد کی چیزوں کی تعظیم کرنا اس چیز کی تعظیم کو لازم کرتا ہے جس کے گرد وہ چیزیں ہیں۔ اس کے

گرد موجود چیزوں کی تعظیم خود اس کی تعظیم کو واجب کرتی ہے۔ یہی وہ بات ہے جس پر ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے دین داری کے طور پر قائم ہیں اور اپنے آپ کو اس کا پابند بناتے ہیں۔ اور اسی لیے دلائل حق ہیں۔

سنو! اللہ تبارک وتعالیٰ کیا فرماتا ہے۔ اللہ عز وجل فرماتا ہے: ﴿وَيَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِي أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ﴾ یعنی وہ حق ہے اپنے منطوق میں بھی، اپنے مفہوم میں بھی اور اپنے لازمی نتائج میں بھی۔ پس جو شخص کسی دلیل پر کوئی باطل لازم ٹھہراتا ہے تو وہ اہل علم میں سے نہیں ہے، بلکہ یہ اس کی علمی اہلیت پر ایک قدح ہے۔ وہ (قرآن) حق ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿أَفَمَن يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ الْحَقُّ﴾ یعنی وہ حق ہے اپنے لازمی نتائج میں بھی، اپنے منطوق میں بھی، اپنے مفہوم میں بھی۔ کیا وہ شخص جو جانتا ہے کہ تیرے رب کی طرف سے اتارا گیا (کلام) حق ہے، اس کے برابر ہے جو اندھا ہے؟ یعنی وہ اندھا ہے جو نص کے منطوق سے اندھا ہو کر اس پر کوئی باطل چیز تھوپتا ہے، یا نص کے مفہوم سے اندھا ہو کر اس پر کوئی باطل چیز تھوپتا ہے، یا نص کے صحیح لازمی نتائج سے اندھا ہو کر اس پر جھوٹے اور باطل لوازم تھوپتا ہے؟ یہی وہ کجی اور فساد ہے جو ایسے فاسد فہم سے پیدا ہوتی ہے۔ یہی اس بگڑے ہوئے فہم کا انجام ہے۔

اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ﴾ یعنی حق کے ساتھ، اور وہ حق ہے اپنے منطوق میں بھی، اپنے مفہوم میں بھی اور اپنے لازمی نتائج میں بھی۔ پس جس بات پر ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے دین داری کے طور پر قائم ہیں اور میں پوری امت سے بھی مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے اسی بات پر دین داری اختیار کرے، وہ یہ ہے کہ قرآن کی دلیلوں میں جو "حقانیت" ہے وہ حقانیت مطلق اور کامل ہے، ایسی کہ جس میں کسی پہلو سے بھی کوئی کمی یا نقص نہیں۔ یہ ایسا حق ہے کہ اس کے الفاظ میں اس سے بڑھ کر کوئی حق نہیں، یہ ایسا حق ہے کہ اس کے معانی میں اس سے بڑھ کر کوئی حق نہیں، یہ ایسا حق ہے کہ اس کے لوازم میں اس سے بڑھ کر کوئی حق نہیں، یہ ایسا حق ہے کہ اس کے مفاہیم میں اس سے بڑھ کر کوئی حق نہیں، اور اسی طرح قرآن سے متعلق یا اس کے گرد جو بھی چیز ہے وہ سب میں حق ہی حق ہے۔ یہی وہ بات ہے جس پر ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے دین داری اختیار کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا بِالْحَقِّ﴾۔ تو نبی ﷺ کو اللہ نے حق کے ساتھ بھیجا ہے، اور اللہ تعالیٰ نے انہیں کتاب اور سنت کے ساتھ بھیجا ہے، اور کتاب

و سنت حق ہیں۔ یہاں "حق" پر جو الف اور لام داخل ہے، وہ استغراق کا فائدہ دیتا ہے، یعنی کتاب و سنت ہر اعتبار سے حق ہیں، ان میں مطلق اور کامل حقانیت ہے، ہر اس چیز میں جو ان سے تعلق رکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ﴾۔

اور اس سارے مضمون کو اگر جمع کیا جائے تو، اے بھائیو! بات یہ ہے کہ ہر وہ نص جو اس پر دلالت کرتا ہے کہ کتاب اور سنت حق ہیں، وہ اس قاعدے کی صحت پر بھی دلیل ہے: کہ وحی (قرآن و سنت) کے لازمی نتائج بھی حق ہیں۔ کیونکہ حق سے صرف حق ہی لازم آ سکتا ہے، حق سے باطل لازم نہیں آ سکتا۔

اور قاعدوں میں سے ایک یہ بھی ہے: کہ دلیل کو اس کی مکمل دلالت سے گھٹا دینا، اس کی عظمت کو ضائع کر دینا ہے۔ دلیل کو اس کی مکمل دلالت سے کم کرنا، اس کی عظمت کو ختم کرنا ہے۔ تو یہ قاعدہ کون سے نمبر پر ہوا؟ بس، یہی آخری قاعدہ ہے۔ یہی ہمارے ہاں آخری قاعدہ ہے۔ امید ہے کہ آپ نے اس سے فائدہ اٹھایا ہوگا۔ جی ہاں، ہم نے اس پر مشق بھی کی، اس کو دہرایا بھی، اور ایک دوسرے کے ساتھ اس پر غور بھی کیا۔ اور آپ رسالہ دوبارہ دیکھیں، کیونکہ کچھ قواعد ایسے ہیں جن کو میں نے یہاں نہیں لیا، بلکہ انہیں قریب المعنی قاعدے کے تحت ایک فرع کی طرح شامل کر دیا ہے۔

آپ نے کیا کہا؟ کہ دلیل کی مکمل دلالت میں کمی کرنا اس کی عظمت کو ضائع کرنا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کتاب و سنت کی ایک دلیل کئی افراد (یعنی کئی پہلوؤں اور کئی مواقع) پر دلالت کرسکتی ہے۔ ایک دلیل کئی پہلوؤں پر اشارہ کر سکتی ہے۔ لیکن انسان آتا ہے اور ان میں سے بعض پہلوؤں پر تو ایمان لے آتا ہے اور بعض کو معطل کر دیتا ہے، تو اس نے دلیل کو اس کی حق دلالت کے ساتھ تعظیم نہیں دی، کیونکہ وہ دلیل کی مکمل دلالت پر ایمان نہیں لایا۔

اس بنیاد پر (توجہ کریں) ان سب کو جمع کریں اور یاد کریں، لکھ لیں: عام (یعنی عام الفاظ والی دلیل) کی دلالت کو خاص کرنا جائز نہیں، مگر کسی دلیل کے ساتھ۔ تو جس نے عام کے کچھ افراد کو بغیر دلیل کے خارج کر دیا، اس نے دلیل کی مکمل دلالت میں کمی کر دی۔ اور جس نے عام کو بغیر کسی دلیل کے خاص کیا، اس نے دلیل کی عظمت کو برباد کر دیا۔

لہٰذا لازم ہے کہ عام اپنی عمومیت پر باقی رہے اور اسے صرف کسی دلیل سے خاص کیا جائے۔ اور اس کے بعد یہ بھی سمجھ لیں: مطلق اپنی اطلاق پر باقی

رہے اور اسے صرف کسی دلیل سے مقید کیا جائے۔ پس جس نے عام کو بغیر کسی دلیل کے خاص کیا اس نے دلیل کی ہیبت اور عظمت میں کمی کی، اور جس نے مطلق کو بغیر دلیل کے مقید کیا، اس نے دلیل کی مکمل دلالت گھٹا دی، اور جو دلیل کی مکمل دلالت گھٹاتا ہے وہ دراصل دلیل کی عظمت اور اس کے مقام کو برباد کرتا ہے۔

یہی وہ بات ہے جو ہمیں ہمیشہ کہنے پر مجبور کرتی ہے – اے طلبۂ علم! – کہ اصل یہ ہے کہ عام اپنی عمومیت پر باقی رہے، اصل یہ ہے کہ مطلق اپنی اطلاق پر باقی رہے، اصل یہ ہے کہ دلیل اپنی ثابت شدہ حیثیت پر باقی رہے۔ یہ سب کس مقصد کے لیے ہے؟ اس لیے کہ ہم دلیل کو اس کی مکمل دلالت کے ساتھ پیش کریں۔ اس لیے کہ ہم دلیل کو اس کی مکمل دلالت کے ساتھ پیش کریں۔

اور آخر میں اے بھائیو! میں یہ کہتا ہوں: اگر انسان ان قواعد کو عملی طور پر اپنی زندگی میں برتنے کی کوشش کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ دلیل کی تعظیم کرنے والا ہوگا۔ اور اسے یہ جان لینا چاہیے کہ دلیل کی تعظیم دراصل اللہ تعالیٰ کی تعظیم ہے۔ پس جس نے اللہ کو اس کی اصل تعظیم کے ساتھ تعظیم دینی ہے، اسے چاہیے کہ وہ کتاب و سنت کی دلیلوں کی تعظیم کرے۔ اور دلیل کی تعظیم دراصل اللہ کی حرمتوں کی تعظیم ہے، اور یہی دلوں کے تقویٰ کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ذَٰلِكَ وَمَن يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ عِندَ رَبِّهِ﴾ اور فرمایا: ﴿ذَٰلِكَ وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ فَإِنَّهَا مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ﴾۔

پس خبردار! یہ نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ آپ کے دل میں جھانک کر دیکھے کہ آپ دلیل کی دلالت کو ضائع کر رہے ہیں، یا اس کی عظمت میں کمی کر رہے ہیں، تو اس وقت اللہ تعالیٰ آپ پر غضبناک ہو جائے، اور آپ کے قدموں تلے سے توفیق کی بساط کھینچ لے۔

پس میری تم سب کو نصیحت ہے – اپنی زندگی میں بھی اور میرے بعد بھی – اور میری یہ وصیت یاد رکھنا اور مجھ سے اسے روایت کرتے رہنا تاکہ میں اپنے رب کے سامنے بری الذمہ ہو سکوں: طالبِ علم اپنی علمی زندگی میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا اگر اس نے ابتدا ہی سے اپنی علمی بنیاد دلیل کی تعظیم پر نہ رکھی ہو۔ طالب علم کامیاب نہیں ہوگا اگر اس نے اپنی علمی راہ عدمِ تعظیمِ دلیل پر رکھی ہو۔ اور اس کا مفہومِ مخالفت یہ ہے کہ وہ طالب علم ضرور کامیاب ہوگا، اور سب سے مکمل کامیابی حاصل کرے گا اگر اس نے اپنی علمی زندگی

کی بنیاد دلیل کی تعظیم، اس کے احترام، اس کی تقدیس اور اس کو اس کے شایانِ شان مقام پر رکھنے پر رکھی ہو۔

اے اللہ! ہمیں ان میں شامل فرما جو دلیل کی حقیقی تعظیم کرتے ہیں۔ اے اللہ! ہمیں ان میں شامل فرما جو دلیل کی حقیقی تعظیم کرتے ہیں۔ اے اللہ! ہمیں ان میں شامل فرما جو دلیل کی حقیقی تعظیم کرتے ہیں۔ اے اللہ! ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں کہ ہم کسی دلیل کو ضائع کریں بعد اس کے کہ وہ صحیح ثابت ہو چکی اور ہمیں معلوم ہو چکی۔ اے اللہ! ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں کہ ہم کسی دلیل کی صحت کو ضائع کریں۔ اے اللہ! ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں کہ ہم کسی دلیل کو ضائع کریں یا ہمارے دل اس سے کمی کریں یا ہمارے دل اس سے روگردانی کریں۔

اے اللہ! ہمیں دلیل والے بنا۔ اے اللہ! ہماری علمی اور عملی زندگی میں ہمیں دلیل والا بنا۔ اور ہمیں اس حال میں موت دینا کہ ہم دلیل کی تعظیم کرنے والے ہوں۔ اور ہمیں ان کے زمرے میں اٹھا کہ جو دلیل کی تعظیم کرتے تھے۔ اور ہمیں اس گھر میں داخل فرما جو ان کے لیے ہے جنہوں نے دلیل کے مطابق عمل کیا اور دلیل کی تعظیم کی۔

اور ہماری آخری دعا یہ ہے کہ تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں، اور اللہ تعالیٰ درود و سلام بھیجے ہمارے نبی محمد ﷺ پر اور آپ کی آل اور تمام صحابہ پر۔

خاتمہ۔

03/10/2025